ماہنامہ
قلندر شعور
جنوری سنہ ۲۰۲۰ء
امر الٰہی
ارادہ
شے
ہو جا
ظہور شے
سُکون زندگی کی سب سے بڑی نعمت ہے
اور رُوح کے عرفان کے بغیر سُکون نہیں مِلتا

جلد 7 شمارہ 12 | جنوری 2020ء | جمادی الاوّل ـ جمادی الثانی 1441ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہنامہ قلندر شعور کراچی

قلندر شعور

Neutral Thinking

(اردو ـ انگریزی)

سرپرست اعلیٰ

حضور قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ

چیف ایڈیٹر

خواجہ شمس الدین عظیمی

ایڈیٹر

حکیم سلام عارف

سرکولیشن منیجر

محمد ایاز

بااہتمام عظیمی یونیورسٹی پریس ـــ پبلشر شاہ عالم عظیمی نے ابن حسن آفسیٹ پرنٹنگ پریس،
ہاکی اسٹیڈیم، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا۔

فی شمارہ 80 روپے.....سالانہ ہدیہ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک کے ساتھ، بیرونِ پاکستان 70 امریکی ڈالر سالانہ

B-54، عظیمی محلہ، سیکٹر C-4 سرجانی ٹاؤن کراچی، پاکستان۔ فون نمبر: 6912020 213(0) 92+

۳۸ مضامین کا گُل دان

حمد باری تعالیٰ ــــــــ بابا گرو نانکؒ 10

نعت رسول مقبول ﷺ ــــــــ محمد علی ظہوریؒ 11

منقبت بحضور قلندر بابا اولیاءؒ ــــــــ شعرائے کرام 12

انسان کیا ہے ــــــــ امام سلسلہ عظیمیہ ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاءؒ 14

فقیر کی ڈاک ــــــــ ادارہ 19

نامے میرے نام ــــــــ خانوادہ سلسلہ عظیمیہ 21

ہوگا تیری محفل میں کوئی اور بھی جلوہ ــــــــ (M.A-Mass Comm.) قرۃ العین واسطی 27

روپ بہروپ ــــــــ (M.A-Fine Arts) حامد ابراہیم 33

پیرا سائیکالوجی سے مسائل کا حل ــــــــ خواجہ شمس الدین عظیمی 41

عشق کیا ہے ـــ؟ ــــــــ سہیل احمد 45

فرد کہاں پر ریکارڈ ہے ـــ؟ ــــــــ (M.Sc-Zoology) زاہدہ تبسم 51

فراق ـــ وصال ــــــــ گلِ نسرین 59

دیکھا جو اسے بعد فنا ہونے کے ــــــــ (MBA) سید اسد علی 63

وہم کا گیٹ ــــــــ ڈاکٹر احمد ممتاز اختر 69

غیب ظاہر غیب ــــــــ UAE (Ph.D.) ڈاکٹر نعیم ظفر 75

چاند، سورج اور ستارے ــــــــ (آرکیٹیکٹ) عبدالوحید نظامی 81

ہیڈ ماسٹر صاحب ـــ؟ ــــــــ سید نوشاد کاظمی 85

محافظ موت ــــــــ (Software Engr.) محمد عاصم بیگ 91

رنج سے خوگر ہوا انساں	شہر بانو	97
رنگ برنگ دنیا	UK صوفیہ رفعت	101
آئینہ	عابد محمود	109
اللہ کے دوستوں کی باتیں	(Ph.D.) ڈاکٹر سعیدہ شفیق میمن	113
پورب کے ہم زاد	(M.Sc-Applied Physics) محمد عدنان خان	117
اکتوبر 2019ء کے سرورق کی تشریح	قارئین	123
اللہ میاں کے باغ کے پھول — اولی الالباب بچے	ادارہ	126
اللہ میاں کے باغ کے پھول — چڑیا اور باز	ادارہ	128
اللہ میاں کے باغ کے پھول — شاہ کچھوا	(M.A-Mass Comm.) سارہ خان	131
اللہ میاں کے باغ کے پھول — ایک ہزار سال	شہلا تزئین	137
رات اور دن	عبدالخالق	143
آپ کے خواب اور ان کی تعبیر	عظیمی خواجہ شمس الدین	147
حضور قلندر بابا اولیاءؒ کی تعلیمات — گیارہ زبانوں میں	ادارہ	153
Reality and Materialism	Dr. Naeem Zafar (Ph.D.)	177
The Path to Happiness	Khalida Zubair	183
The Power of Positive Words	Umar Tariq	186
Prophet Jesus (PBUH)	Extracted	190
Surrender	Bibi Anuradha (UAE)	194
Love is my Abode	Gul-e-Nasreen	200
Message of the Day	K. S. Azeemi	204

بابا گرونانک

حمد باری تعالیٰ

دور زمیں سے اور زمینیں، ان سے آگے اور جہاں
ان کے نیچے زور ہے کس کا، قائم ہیں کس طور وہاں

گونا گونی خلقت ساری، رنگا رنگ اقسام سبھی
لکھے لکھنے والوں نے، بے روک قلم سے نام سبھی

کون بھلا لکھ سکتا ہے، یہ گنتی ہو مرقوم کہاں
اس گنتی کی گنتی، گنتی والوں کو معلوم کہاں

کتنی تیری طاقت ہے، کیا سندر روپ سہانا ہے
کتنی داد اور روزی بخشی، کس نے اس کو جانا ہے

حرف کہا جب ایک ہی تو نے، پھیلے عالم سارے ہیں
حرف کہا جب ایک ہی تو نے، پھوٹے لاکھوں دھارے ہیں

کون سی مجھ میں قدرت ہے، میں تیرا سوچ بچار کروں
میں اس لائق کب ہوں، تجھ پر جان فدا اک بار کروں

کار وہی اچھا ہے جس کو، سمجھے اچھا کار تو ہی
تیری ذات سلامت دائم، پاک ہے نرانکار* تو ہی

* نرانکار (جس کی کوئی شکل نہ ہو)

محمد علی ظہوریؔ

نعت رسول مقبول ﷺ

یا رسول اللہؐ تیرے در کی فضاؤں کو سلام
گنبدِ خضرا کی ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں کو سلام

والہانہ جو طوافِ روضۂ اقدسؐ کریں
مست و بے خود وجد میں آتی ہواؤں کو سلام

شہرِ بطحا کے در و دیوار پہ لاکھوں درود
زیرِ سایہ رہنے والوں کی صداؤں کو سلام

جو مدینے کے گلی کوچوں میں دیتے ہیں صدا
تا قیامت ان فقیروں اور گداؤں کو سلام

مانگتے ہیں جو وہاں شاہ و گدا بے امتیاز
دل کی ہر دھڑکن میں شامل ان دعاؤں کو سلام

اے ظہوریؔ خوش نصیبی لے گئی جن کو حجاز
ان کے اشکوں اور ان کی التجاؤں کو سلام

در پہ رہنے والے خاصوں اور عاموں کو سلام
یا نبیؐ تیرے غلاموں کے غلاموں کو سلام

کعبۂ کعبہ کے خوش منظر نظاروں کو سلام
مسجد نبویؐ کی صبحوں اور شاموں کو سلام

جو پڑھا کرتے ہیں روز و شب تیرے دربار میں
پیش کرتا ہے ظہوریؔ ان سلاموں کو سلام

مظفر وارثی

بحرِ تصوف

بندۂ حق ہیں، سخنور ہیں قلندر باباؒ
یا تصوف کا سمندر ہیں قلندر باباؒ

اوڑھ کر آپ کی خوشبوئیں، ہوا رقص کرے
گلشن دیں یا گلِ تر ہیں قلندر باباؒ

آبِ کوثر سے ہے دھوئی ہوئی اندر کی زباں
سچ ہیں اور روح کے لب پر ہیں قلندر باباؒ

حجرۂ قبر میں بھی جاگ رہے ہیں جیسے
عشق کا قیمتی زیور ہیں قلندر باباؒ

حسنِ باطن کی جھلک دیکھنی مشکل ہے بہت
چار دیواری ہیں چادر ہیں قلندر باباؒ

چشمِ ظاہر سے دکھائی جو نہیں دے سکتا
بند آنکھوں کا وہ منظر ہیں قلندر باباؒ

غور سے آپ کو ہر لمحہ سنا کرتا ہے
اپنی تنہائی کا محشر ہیں قلندر باباؒ

بندۂ حق ہیں، سخنور ہیں قلندر باباؒ
یا تصوف کا سمندر ہیں قلندر باباؒ

قادری العظیمی

فیضانِ شاہانہ

حبّذا بابا قلندرؒ نوری میخانہ ترا
بادۂ عرفان کا گردش میں پیمانہ ترا

تشنہ کامانِ محبت پی رہے ہیں بے دریغ
عام ہے سب کے لئے فیضانِ شاہانہ ترا

بس رہی ہے ہر طرف مئے ناب گلگوں کی شمیم
جھومتا ہے کیف سے مخمور مستانہ ترا

آئیں فرزانے جہاں کے دیکھیں میخانے کا رنگ
لاکھ فرزانوں پر بھاری ایک دیوانہ ترا

پیتے ہی اک گھونٹ اس کے سب لطیفے کھل گئے
مل گیا لبریز جس کو جامِ رندانہ ترا

شمع نورِ تجلی ذاتِ انور ہے تری
خود بھی روشن ہوگیا ہر ایک پروانہ ترا

یک نگاہِ لطف اے ساقی مرے بندہ نواز
قادری لایا ہے دل کا اپنے نذرانہ ترا

تشنہ کامانِ محبت پی رہے ہیں بے دریغ
عام ہے سب کے لئے فیضانِ شاہانہ ترا

امام سلسلہ عظیمیہ

ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ

انسان کیا ہے

اگر کوئی شخص مصور ہونا چاہے تو وہ تصویر کے خدوخال کو اپنی طبیعت میں رفتہ رفتہ جذب کرتا جاتا ہے۔ اس کے حافظے میں یہ بات محفوظ ہے کہ کانوں کی ساخت کے لئے پنسل کے ایک خاص وضع کے نشانات استعمال ہوں گے، آنکھوں کی ساخت کے لئے دوسری وضع کے، بالوں کی ساخت کے لئے تیسری وضع کے۔ مشق کرتے کرتے وہ انسانی جسم کے ہر عضو کی ساخت کو پنسل کے نقش کی صورت میں پوری طرح ظاہر کرنے پر قابو پا جاتا ہے۔ اب ہم اس کو مصور کہہ سکتے ہیں۔ یہ سب کچھ کس طرح ہوا؟

انسان کے ذہن میں انسانی خدوخال کا عکس موجود تھا۔ جب اس عکس کو نقل کرنے کے لئے اس نے پنسل استعمال کرنا چاہی تو وہ عکس جو اس کے ذہن میں موجود تھا بار بار اس کی راہ نمائی کرتا رہا۔ ساتھ ساتھ جس استاد نے اس کو مصوری کا فن سکھایا وہ یہ بتلاتا گیا کہ پنسل اس طرح استعمال کی جاتی ہے اور کسی عضو کے نقش کو ترتیب دینا اس طرح عمل میں آتا ہے۔ استاد کا کام صرف اس ہی قدر تھا لیکن تصویر کا عکس استاد نے اس کے ذہن میں منتقل نہیں کیا۔ وہ اس کے باطن میں پہلے سے موجود تھا۔ دوسرے الفاظ میں ہم اس طرح کہہ سکتے ہیں کہ اس کی روح کے اندر نوع انسانی کے ہزار در ہزار خدوخال محفوظ تھے۔ جب اس نے ایک استاد کی راہ نمائی میں ان خدوخال کو کاغذ پر نقش کرنا چاہا تو وہ تمام نقوش جو ذہن میں موجود تھے کاغذ پر منتقل ہو گئے۔

علیٰ ہذا القیاس مادی فنون کی اس قسم کی ہزار ہا مثالیں ہو سکتی ہیں جن سے ہم ایک ہی نتیجہ اخذ کرتے ہیں اور وہ یہ کہ انسان بالطبع مصور، کاتب، درزی، لوہار، بڑھئی، فلسفی، طبیب

وغیرہ وغیرہ سب کچھ ہوتا ہے مگر اسے کسی خاص فن میں ایک خاص قسم کی مشق کرنا پڑتی ہے۔ اس کے بعد اس کے مختلف نام رکھ لئے جاتے ہیں اور ہم اس طرح کہتے ہیں کہ فلاں شخص مصور ہو گیا، فلاں شخص فلسفی ہو گیا۔ فی الواقع وہ تمام صلاحیتیں اور نقوش اس کے ذہن میں موجود تھے۔ صرف اس نے ان کو بیدار کیا۔ استاد نے جتنا کام کیا وہ صرف صلاحیت کے بیدار کرنے میں ایک امداد ہے۔

اب ہم اصل مقصد کی طرف آتے ہیں۔ جس طرح کوئی شخص مصور، کاتب یا فلسفی ہوتا ہے اس ہی طرح بالطبع اپنی روح کے اندر ایک عارف، ایک روحانی انسان، ایک ولی، ایک خداشناس، ایک پیغمبر خاص قسم کے روحانی نقوش اور خاص قسم کی روحانی صلاحیتیں لئے ہوتا ہے۔ (یہاں کوئی پیغمبر زیر بحث اس لئے نہیں کہ پیغمبری ختم ہو چکی ہے۔ صرف روحانی انسان، اس کا نام کچھ بھی ہو ہمارا مطمحِ نظر ہے)۔

اب ہم صلاحیتوں کا ذکر الف سے شروع کرتے ہیں۔

الف: ایک انسان کیا ہے؟ ہم اس کو کس طرح پہچانتے ہیں اور کیا سمجھتے ہیں؟

ہمارے سامنے ایک مجسمہ ہے جو گوشت پوست سے مرتب ہے۔ طبی نقطۂ نظر سے ہڈیوں کے ڈھانچے پر رگ پٹھوں کی بناوٹ کو ایک جسم کی شکل وصورت دی گئی ہے۔ ہم اس کا نام جسم رکھتے ہیں اور اس کو اصل سمجھتے ہیں۔ اس کی حفاظت کے لئے ایک چیز اختراع کی گئی ہے جس کا نام لباس ہے۔ یہ لباس سُوتی کپڑے کا، اونی کپڑے کا یا کسی کھال وغیرہ کا ہوا کرتا ہے۔ اس لباس کا محلِ استعمال صرف گوشت پوست کے جسم کی حفاظت ہے۔ فی الحقیقت اس لباس میں اپنی کوئی زندگی یا اپنی کوئی حرکت نہیں ہوتی۔ جب یہ لباس جسم پر ہوتا ہے تو جسم کے ساتھ حرکت کرتا ہے۔ یعنی اس کی حرکت جسم سے منتقل ہو کر اس کو ملی۔ لیکن درحقیقت وہ جسم کے اعضا کی حرکت ہے۔ جب ہم ہاتھ اٹھاتے ہیں تو آستین بھی گوشت پوست کے ہاتھ کے ساتھ حرکت کرتی ہے۔ یہ آستین اس لباس کا ہاتھ ہے جو لباس جسم کی حفاظت کے

لئے استعمال ہوا ہے۔ اس لباس کی تعریف کی جائے تو یہ کہا جائے گا کہ جب یہ لباس جسم پر ہے تو جسم کی حرکت اس کے اندر منتقل ہو جاتی ہے اور اگر اس لباس کو اتار کر چارپائی پر ڈال دیا جائے یا کھونٹی پر لٹکا دیا جائے تو اس کی تمام حرکتیں ساقط ہو جاتی ہیں۔

اب ہم اس لباس کا جسم کے ساتھ موازنہ کرتے ہیں۔ اس کی کتنی ہی مثالیں ہو سکتی ہیں۔ یہاں صرف ایک مثال دے کر صحیح مفہوم ذہن نشیں ہو سکتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ آدمی مر گیا۔ مرنے کے بعد اس کے جسم کو کاٹ ڈالئے، ٹکڑے کر دیجئے، گھسیٹئے، کچھ کیجئے۔ جسم کی اپنی طرف سے کوئی مدافعت، کوئی حرکت عمل میں نہیں آئے گی۔ اس مردہ جسم کو ایک طرف ڈال دیجئے تو اس میں زندگی کا کوئی شائبہ کسی لمحہ بھی پیدا ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے۔ اس کو جس طرح ڈال دیا جائے گا، پڑا رہے گا۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ مرنے کے بعد جسم کی حیثیت صرف لباس کی رہ جاتی ہے۔ اصل انسان اس میں موجود نہیں رہتا۔ وہ اس لباس کو چھوڑ کر کہیں چلا جاتا ہے۔ جب مشاہدات اور تجربات نے یہ فیصلہ کر دیا کہ گوشت پوست کا جسم لباس ہے، اصل انسان نہیں تو یہ تلاش کرنا ضروری ہو گیا کہ اصل انسان کیا ہے اور کہاں چلا گیا؟

اگر یہ جسم اصل انسان ہوتا تو کسی نہ کسی نوعیت سے اس کے اندر زندگی کا کوئی شائبہ ضرور پایا جاتا لیکن نوعِ انسانی کی مکمل تاریخ ایسی ایک مثال بھی پیش نہیں کر سکتی کہ کسی مردہ جسم نے کبھی کوئی حرکت کی ہو۔

اس صورت میں ہم اس انسان کا تجسس کرنے پر مجبور ہیں جو جسم کے اس لباس کو چھوڑ کر کہیں رخصت ہو جاتا ہے۔ اس ہی انسان کا نام انبیائے کرام کی زبان میں روح ہے اور وہی انسان کا اصلی جسم ہے۔ نیز یہی جسم ان تمام صلاحیتوں کا مالک ہے جن کے مجموعے کو ہم زندگی سے تعبیر کرتے ہیں۔

ذرا زندگی کے مختلف شعبوں اور زاویوں میں یہ تلاش کیجئے کہ وہ حالت جس کا نام موت یا مردہ ہو جانا ہے ہمیں کہیں ملتی ہے یا نہیں۔ اگر یہ حالت قطعی طور پر زندگی کے کسی مرحلے

میں انسان پر طاری نہیں ہوتی تو پھر یہ تلاش کرنا چاہئے کہ اس سے ملتی جلتی حالت کسی وقفہ میں طاری ہوتی ہے یا نہیں۔

اس کا جواب بہت آسان ہے۔ انسان روز سوتا ہے اور سونے کی حالت میں اس کا جسم ایک خاص وقفہ کے اندر بالکل لباس کی نوعیت اختیار کر لیتا ہے۔ اس بات کی تشریح ہم اس طرح کر سکتے ہیں کہ ایک انسان جب گہری نیند میں ہوتا ہے، ایسی گہری نیند میں کہ وہ صرف سانس لے رہا ہے۔ سانس لینے کے علاوہ زندگی کا کوئی اثر اس میں نہیں پایا جاتا۔ نہ اس کے کسی عضو میں حرکت ہے، نہ اس کا دماغ کسی طرح کا ہوش رکھتا ہے۔ یہ حال چاہے دو منٹ کے لئے طاری ہو، دس منٹ کے لئے ہو یا ایک گھنٹے کے لئے۔ کسی نہ کسی وقت ہوتا ضرور ہے۔ فرق صرف اتنا ہوتا ہے کہ انسان کا جسم سانس لے رہا ہے یعنی اس کے اندر زندگی کا ایک اثر باقی ہے مگر اور آثار زائل ہو چکے ہیں۔ اس حالت کو ہم کسی حد تک موت سے ملتی جلتی حالت کہہ سکتے ہیں۔

جس کو ہم خواب دیکھنا کہتے ہیں ہمیں روح اور روح کی صلاحیتوں کا سراغ دیتا ہے۔ وہ اس طرح کہ ہم سوئے ہوئے ہیں۔ تمام اعضا بالکل معطل ہیں۔ صرف سانس کی آمد و شد جاری ہے لیکن خواب دیکھنے کی حالت میں ہم چل پھر رہے ہیں، باتیں کر رہے ہیں، سوچ رہے ہیں، غم زدہ اور خوش ہو رہے ہیں۔ کوئی کام ایسا نہیں ہے کہ جو ہم بیداری کی حالت میں کرتے ہیں اور خواب کی حالت میں نہیں کرتے۔

کوئی شخص یہ اعتراض کر سکتا ہے کہ خواب دیکھنا صرف ایک خیالی چیز ہے اور خیالی حرکات ہیں، کیوں کہ جب ہم جاگ اٹھتے ہیں تو کئے ہوئے اعمال کا کوئی اثر باقی نہیں رہتا۔ یہ بات بالکل لایعنی ہے۔ ہر شخص کی زندگی میں ایک، دو، چار، دس، بیس ایسے خواب ضرور نظر آتے ہیں کہ جاگ اٹھنے کے بعد یا تو اسے نہانے اور غسل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے یا کوئی ڈراؤنا خواب دیکھنے کے بعد اس کا پورا خوف اور دہشت دل و دماغ پر مسلط ہو جاتا ہے

یا جو کچھ خواب میں دیکھا ہے وہی چند گھنٹے، چند دن یا چند مہینے یا چند سال بعد من وعن بیداری کی حالت میں پیش آتا ہے۔ ایک فرد واحد بھی ایسا نہیں ملے گا جس نے اپنی زندگی میں اس طرح کا ایک خواب یا ایک سے زائد خواب نہ دیکھے ہوں۔ اس حقیقت کے پیش نظر اس بات کی تردید ہو جاتی ہے کہ خواب محض خیالی حیثیت رکھتا ہے۔ جب یہ مان لیا گیا کہ خواب محض خیال نہیں ہے تو خواب کی اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔

اب ہم بیداری کے اعمال اور واقعات نیز خواب کے اعمال اور واقعات کو سامنے رکھ کر دونوں کا موازنہ کرتے ہیں۔

یہ روزمرہ ہوتا ہے کہ ہم گھر سے چل کر بازار پہنچ گئے۔ کسی ایک خاص دکان پر کھڑے ہیں اور ایک سودا خرید رہے ہیں۔ اگر اس وقت کوئی شخص ہم سے یہ سوال کرے کہ دکان پر پہنچنے تک راستے میں آپ نے کیا کیا دیکھا تو ہم مجبوراً یہ جواب دیتے ہیں کہ ہم نے کچھ خیال نہیں کیا۔

بات یہ معلوم ہوئی کہ بیداری کی حالت میں ہمارے اردگرد جو کچھ ہوتا ہے اگر ہم پوری طرح متوجہ نہ ہوں تو کچھ نہیں معلوم ہوتا کہ کیا ہوا، کس طرح ہوا اور کب ہوا؟

اس مثال سے یہ تحقیق ہو جاتا ہے کہ بیداری ہو یا خواب، جب ہمارا ذہن کسی چیز کی طرف یا کسی کام کی طرف متوجہ ہے تو اس کی اہمیت ہے ورنہ بیداری اور خواب دونوں کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ بیداری کا بڑے سے بڑا وقفہ بے خیالی میں گزرتا ہے، اور خواب کا بھی بہت سا حصہ بے خبری میں گزر جاتا ہے۔

فقیر کی ڈاک

تفکر — ذہن کی دنیا میں داخل ہونے کا راستہ ہے۔ غور وفکر سے خیال کی گہرائیاں روشن ہوتی ہیں۔ گہرائی میں تخلیقی رموز کے خزینے ہیں جن تک رسائی — عرفان نفس اور معرفت الٰہی ہے۔ ''فقیر کی ڈاک'' اذہان کی آبیاری ہے جس میں مرشد کریم حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب ذہن کی پرتوں کو کھول کر لاشعور کی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

مرشد کریم ابا جی کو دل کی گہرائیوں سے سلام — السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مرشد اپنی ہر بات اور ہر عمل سے ہمیں اللہ سے قریب کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کی زندگی کا کوئی مقصد نہیں ہوتا۔ آپ نے ہمیں سکھایا کہ محبت وہ ہے جو اللہ اپنی مخلوق سے کرتا ہے۔ اللہ اپنی مخلوق کا ہر طرح سے خیال رکھتا ہے، انہیں شک اور وسوسوں یعنی ظلمت سے نکالتا ہے اور محبت کرنا سکھاتا ہے۔ محبت — یقین ہے۔

میں اس محبت کو سمجھنے کی کوشش کر رہی ہوں۔ آپ کی بیٹی، ج۔ب (اسکاٹ لینڈ)

بہت محترم بیٹی، وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

ذہن ایسی زمین ہے جو ہمہ وقت اپنے بہن بھائی، اللہ کی مخلوق کی فلاح چاہتی ہے۔ ایسی زمین ہے جو اللہ کی مخلوق کی بلا امتیاز خدمت کرتی ہے۔ زمین یہ نہیں دیکھتی کہ کون کون کیا ہے۔ صرف زمین کے ذہن میں خدمت کا جذبہ ہے جو اسے ماں کی طرح خدمت کرنے پر متوجہ رکھتا ہے۔

دھرتی ماں مخلوق کا دسترخوان ہے۔ وہ اس دسترخوان پر ہر مخلوق کی مناسبت سے غذا فراہم کرتی ہے۔ دھرتی ماں ہر جگہ ماں ہے۔ مخلوق کی پیدائش میں اللہ کی لگائی ہوئی ڈیوٹی پوری کرتی ہے۔ اصل ماں دھرتی ماں ہے۔ یہ دنیا رنگوں کی دنیا ہے۔ دیکھئے سیب، انار، مختلف پھلوں کی بیلیں، چاول، گندم مختصر یہ کہ زندہ رہنے کے لئے غذائیں جس میں پانی بھی شامل ہے، سب اللہ کے حکم سے زمین فراہم کرتی ہے۔

ہم زمین سے پیدا ہوتے ہیں اور ان وسائل کے تعاون سے زندہ رہتے ہیں۔ ہوا، پانی، آکسیجن قسم قسم کی گیسز — بارش، سمندر، دریا، ندی نالے سب زمین کی معاون ہیں۔ جب کوئی اپنے آپ پر، اپنی ہستی پر، اپنے

وجود پر غور کرتا ہے تو ہر ہر وجود ماں ہے۔ جب کوئی بھی فرد وسائل کی اس دنیا سے واپس جاتا ہے تو ہمیں ہر اعتبار سے محفوظ رکھنے کے لئے زمین اپنے اندر اس طرح سمالیتی ہے کہ ہماری بے حرمتی نہیں ہوتی۔

ہم سب جتنی بھی آدم زاد مخلوق ہیں یا دیگر مخلوقات ہیں، زمین سب کے عیب چھپا کر اپنے وجود کو اپنے اندر سمالیتی ہے۔ جب آدمی بدھی سے کام لیتا ہے تو بالآخر اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ ہم سب ایک باپ آدم اور ایک ماں حوا کی اولاد ہیں۔ حوا آدم کی اولاد قبائل میں بٹ گئیں۔ جو قبیلے سورج کی شدت میں آباد ہو گئے ان کے رنگ مشکی ہو گئے۔ جو قبیلے ٹھنڈی جگہ آباد ہو گئے وہ سرخی مائل سفید ہو گئے۔ زمین کے جس خطے میں سورج کی شعاعیں پڑیں وہاں کے نقش بدل گئے۔ لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ بحیثیت مجموعی ہم سب آدم وحوا کی اولاد ہیں۔ ایک ماں باپ آدم وحوا ہیں۔ کروڑوں ماں باپ آدمی کے جدّامجد آدم اور حوا ہیں۔

عزیز بیٹی! زمین دھرتی پر کتنے ہی آدم زاد یا مرد عورتیں آباد ہیں وہ سب ایک کنبہ، برادری یا قبیلہ ہیں۔ قوم کی اصلاح کرنے والے جتنے حضرات وخواتین زمین پر آئے انہوں نے اصلاح کی، وہ بھی آدم کی اولاد ہیں۔ اور جو لوگ ان کی بات سن کر پیغمبروں کے نقش قدم پر چلے وہ بھی آدم وحوا کی اولاد ہیں۔ سعادت مند اولاد خوش نصیب ہے اور دوسری اولاد ــــ؟

اللہ تعالیٰ آپ کو صحت عطا فرمائے اور آپ کے شوہر کو، بچوں کو دین ودنیا کی نعمتیں عطا فرمائے۔ آپ نے مجھ عاجز فقیر کو باپ لکھا بیٹی بن کر ــــ خط میں دلی جذبات کا اظہار کیا، میں آپ کے لئے دعا گو ہوں۔ اور چاہتا ہوں ہر آدم زاد کا فرد اس بات کو سمجھے کہ ہم ایک ماں باپ کی اولاد ہیں۔ آدم وحوا کی اولاد کثرت سے زمین پر تقسیم ہوگئی اور دھرتی ماں نے رہائش کے لئے مفت جگہ فراہم کی۔ اصلاح کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر بھیجے۔ پیغمبران کرام نے مخلوق کے لئے دو راستوں کی نشان دہی کی۔ ایک راستہ وہ ہے کہ جس میں عافیت ہے، آرام ہے، آسائش ہے، میٹھی نیند ہے، سکون ہے، خدشات وخطرات نہیں ہیں۔ اور دوسرے راستے میں خدشات، پریشانی، مصیبت، دماغی الجھن، بے یقینی، دلدل، کانٹے مختصر یہ کہ دوزخ کی عذاب ناک زندگی اور سب سے بڑی محرومی یہ ہے کہ اللہ سے دوری۔ اللہ نے اپنے پیغمبر دنیا میں بندوں کے لئے بھیجے کہ مخلوق کے لئے سیدھے راستے کی راہ نمائی فرمائیں تاکہ لوگ عذاب ناک زندگی سے محفوظ ہوں۔

اپنے شوہر کو بہت سلام، بہت دعا اور بہت پیار، بچوں کو دعائیں۔

آپ کا روحانی استاد

(10 دسمبر 2016ء - کراچی)

نامے میرے نام

کرم فرما خواتین وحضرات نے ''ماہنامہ قلندر شعور'' کو دل کی گہرائیوں سے نہ صرف پسند کیا ہے بلکہ قبول فرما کر روپ بہروپ کو دلہن کا روپ دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں قارئین کی خدمت کی توفیق دیں۔ رابطے کے قدیم وجدید وسائل کے ذریعے موصول ہونے والے خطوط میں سے منتخب خطوط شائع کئے جارہے ہیں۔

★ **نومبر 2019ء کے ''آج کی بات'' پر قارئین خواتین وحضرات کا تفکر:**

فضیلہ منیر (برطانیہ): آدمی ایک نظام سے دوسرے نظام میں کس طرح ردّوبدل ہوتا ہے اور یہ دوسرے نظام کہاں واقع ہیں؟ ہم غیب سے زمین پر آتے ہیں تو غیب کہاں ہے اور زمین کس زون میں ہے؟ ذہن میں منتقلی کا تصور بنتا ہے کہ جیسے ایک سیارہ ہے، میں اس میں سے نکل کر دوسرے سیارے میں داخل ہورہی ہوں، دونوں سیاروں کے درمیان خلا ہے، میں اس خلا میں نہیں گرتی، اور دوسرے سیارے میں داخل ہوجاتی ہوں۔ یہ تصویر سائنس کی فلمیں دیکھ کر ذہن میں بنی ہے اور میں جانتی ہوں کہ اس میں سقم ہے لیکن ایک نظام سے دوسرے نظام میں داخل ہونے کا کوئی طریقہ تو ہوگا۔ یا سارے زون ذہن میں ہیں اور ہم کائنات میں جو کچھ دیکھ رہے ہیں، وہ اپنے ذہن کے دیکھنے کو دیکھنا ہے ــــ؟ جب سب اپنے ذہن میں دیکھ رہے ہیں تو ایک دوسرے سے کس طرح ربط میں ہیں کیوں کہ سب کے ذہن مختلف ہیں ــــ؟

شہنیلا فاروق (کینیڈا): اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑنے کا مطلب اللہ پر یقین رکھنا اور شک سے دور رہنا ہے۔

شاہ بانو ادریس (پشاور): عالم ناسوت میں نافرمانی کا پرت غالب آجاتا ہے۔ پرت ایک طرف صلاحیت ہے تو دوسری طرف لاعلمی ہے۔ لاعلمی سے واقف ہوجائیں تو وہ صلاحیت بن جاتی ہے۔ ایک ہی چیز ہے جس کا علم اور جس سے لاعلمی امتحان ہے۔ ہمارا امتحان یہ ہے کہ ہم اس دن کو یاد کریں جو ہم بھول گئے ہیں۔

سلطان خان (لاہور): ''آج کی بات'' میں بنیادی نکتہ طرز فکر ہے جس سے دیکھنے کا مخصوص زاویہ بن جاتا ہے اور ہم اس زاویے سے زندگی کو دیکھتے ہیں۔ انبیائے کرام نے اس فارمولے کی نشان دہی فرمائی ہے۔

محمد سمیع (سانگھڑ): دنیا امتحان گاہ ہے۔ حضور پاکؐ کی حیات طیبہ میں ثابت قدم رہنے کا سبق ہے۔

کوثر شاہین (کراچی): جب ماحول کے مطابق نقوش بنتے ہیں تو پھر پہلے سے موجود نقوش کیا ہیں؟ بچہ پیدا ہوتا ہے تو ماں باپ سکھاتے ہیں کہ دنیا کو کس طرح دیکھنا ہے۔ ماں باپ کی سوچ غیر حقیقی ہے تو بچہ ان کا عکس بن جاتا ہے۔ ''آج کی بات'' کو ایک لفظ میں بیان کروں تو وہ ''تربیت'' ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام کو لوگوں کی تربیت کے لئے مبعوث فرمایا۔ ہمیں غور کرنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام کی کس طرح تربیت فرمائی ہے۔ ان کی سوچ ماحول یعنی عالم ناسوت کی سوچ سے الگ ہے۔ ہم رنگوں کے فریب کی وجہ سے یہاں آئے ہیں، اس عالم میں فریب کا غلبہ ہے۔ اسی لئے حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا کہ گھٹنے بڑھنے والی شے اللہ نہیں ہوسکتی، اللہ وہ ہے جس میں تغیر نہیں۔ الحمدللہ میں محسوس کرتی ہوں کہ تفکر سے میرا ذہن کھلا ہے۔ آپ کی راہ نمائی اور نظر کرم درکار ہے۔

شاہینہ میمن (کراچی): بچہ سن کر اور دیکھ کر سیکھتا ہے۔ زبان سیکھنے کے لئے اسے قاعدہ نہیں سیکھنا پڑتا۔ ہم بھی ضمیر کی آواز کو سن کر سیکھ سکتے ہیں۔ سننے کے بعد دیکھنے کا عمل بیدار ہوتا ہے۔

شجاع الدین (ملتان): وقت دینے سے علم ذہن میں نقش ہوتا ہے۔ روز آٹھ گھنٹے اسکول میں پھر گھر پر اسکول کا کام، اس طرح ہم دس سال تک دن میں تقریباً دس سے بارہ گھنٹے اسکول کو دیتے ہیں مگر دنیاوی علوم میں مہارت پیدا نہیں ہوتی۔ دنیاوی تقاضوں کے لئے ضروری علوم یہاں سے جانے کے بعد کام نہیں آتے۔ ان کی اہمیت سوالیہ نشان ہے۔ اتنا ہی وقت روحانی علوم کو دیا جائے تو ہم آدمی سے انسان بن جائیں گے۔

فاریہ دانش (کراچی): غالب پرت سے ہم چیزوں کو دیکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہمیں اچھے لباس پہننے کا شوق ہے تو اب ہم نہیں دیکھ رہے، اچھا لباس پہننے کی خواہش دیکھ رہی ہے۔ اس طرح یہاں ہر چیز دیکھتی اور دکھاتی ہے۔

محمد صلاح الدین (کراچی): راہِ سلوک میں روحانی شاگرد کا دل جب درد وغم کی وادی بن جاتا ہے اور مرشد اس وادی میں دنیا کی بے ثباتی کی حقیقت دکھا دیتا ہے پھر سالک کے لئے دنیاوی طرز معاملات کو جاری رکھنے کی کیا حیثیت، معنی اور ضرورت رہ جاتی ہے؟

عدنان نذیر (اٹک): اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''اور جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے جواب دیا جی ہاں! ہم سب گواہ ہیں۔ تاکہ تم لوگ قیامت کے روز یوں نہ کہو کہ ہم تو اس بات سے محض بے خبر تھے۔'' (الاعراف:۱۷۲) یہ وہ عہد ہے کہ جس کی پاسداری ہمیں عالم ناسوت میں رہ کر کرنی ہے ورنہ خسارہ مقدر بن جائے گا۔

★ نومبر 2019ء کے مضامین پر قارئین کے منتخب خطوط:

رفاقت حسین (لاہور): آقائے دو جہاں حضرت محمدؐ کی تعلیمات اور مدحت میں مضامین اور نعت کا انتخاب عمدہ ہے۔ نعت پیش کرنے کے طریقِ کار میں ہر سال جدت پیدا کی جاتی ہے۔ یہ الفاظ زبان پر رہ گئے،

کرو ذکر میرے حضورؐ کا کہ کھلے دریچہ شعور کا

عائشہ صدیقہ (لیہ): عرفانہ صاحبہ نے مضمون ''دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبیؐ'' مسجد نبویؐ کی راحت افزا چھاؤں اور پُرنور ساعتوں میں تحریر کیا۔ بلاشبہ جذبات میں ان لمحات کی تاثیر ہے۔ بہت خوب صورت خیالات اور کیفیات سے معمور تحریر نے دل پر اثر پیدا کیا جیسے انہوں نے یہ مضمون مسجد نبویؐ میں لکھا، اور میں نے اسے تصور میں مسجد نبویؐ میں بیٹھ کر پڑھا۔ میری طرف سے انہیں بہت مبارک باد۔ ''بی بی آمنہؓ کے پھول'' بھی بہترین انتخاب اور معلوماتی مضمون ہے۔ تجویز ہے کہ اگلی بار سیرت کے شمارے میں حضور پاکؐ کے آباؤ اجداد کے بارے میں تفصیل سے لکھا جائے۔ دیگر تمام مضامین عمدہ ہیں۔ سرورق میں کائنات میں حضور پاکؐ کے مقام کی طرف اشارہ ہے۔

محمد علی (اسلام آباد): گزشتہ سیرت کے شماروں سے نومبر 2019ء کا سرورق مختلف ہے۔ انبیائے کرام اور انبیائے کرام کے سردار حضرت محمدؐ کے مقام و مرتبے کا ذکر ہے۔ نیچے ایک طرف دن، ایک طرف رات اور درمیان میں درخت کی حکمت میرے نزدیک یہ ہے کہ دن اور رات طرزِ فکر اور حواس کے دو رخ ہیں۔ جب تک آدمی درخت کے قریب نہیں گیا، رات کے حواس غالب تھے۔

پروفیسر محمد طاہر (چنیوٹ): گزشتہ چار ماہ سے ''مرشد کی باتیں'' بند کر دیا گیا ہے۔ مہربانی کر کے اس سلسلے کو بند نہ کریں کیوں کہ مرشد باتیں نہ کریں تو تربیت کے عمل میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ ''مرشد کی باتیں'' سے جو کچھ حاصل ہوتا ہے وہ لاشعور کی گہرائیوں میں اتر جاتا ہے۔

عامر گلزار (ساہیوال): رحمۃ للعالمین حضور پاکؐ کی توصیف میں کمال کرتار پوری جگن ناتھ صاحب نے کلام ''عالم سنور کے بیٹھ گئے انتظار میں'' میں جو منظر کشی کی ہے، وہ ان کے اعلیٰ تخیل اور حضور پاکؐ سے عقیدت و محبت کی عکاس ہے۔

عرشی تھے نور ذات کو تاباں کئے ہوئے قدسی تھے شمع دل کو فروزاں کئے ہوئے
فرشی تھے دل کے داغ نمایاں کئے ہوئے ساری خلا ملا تھی چراغاں کئے ہوئے
لطف خلش دبا کے دل بے قرار میں عالم سنور کے بیٹھ گئے انتظار میں

وہاج سراج (کراچی): ''گاؤں کی بیٹی ہم سب کی بیٹی'' پڑھ کر میں بہت خوش ہوا۔ گھر والوں اور دوستوں کو

بھی پڑھایا۔ بیٹیوں کا فریضہ سب کو مل کر ایک دوسرے پر احسان جتائے بغیر ادا کرنا چاہئے۔ ہر گھر کے سربراہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس مثال کو اپنائے، ہمارے بہت سے مسائل حل ہو جائیں گے۔

رخشندہ (میر پور): حضرت زید بن حارثہؓ کی محبت کا یہ انداز کہ برسوں بعد باپ اور بھائی کو دیکھا لیکن حضور پاکؐ سے والہانہ محبت اور ان کی موجودگی میں بے تابی کا مظاہرہ نہیں کیا اور اس عمل سے والد کو پیغام دیا کہ مجھے جس ہستی کا قرب نصیب ہے، اس کے بعد دنیا کے تمام رشتے میرے لئے ثانوی ہیں۔

تھام کر دامن سرکارؐ کو آخر یہ کہا　　لاکھ آزادیاں اک تیری غلامی پر نثار

اریبہ جدون (ایبٹ آباد): عثمان طاہر صاحب کے مضمون میں خط کشیدہ الفاظ پر تفکر کیا۔ نظر کا زاویہ بدلتا ہے، شے تبدیل نہیں ہوتی، دیکھنے کی طرز بدلتی ہے۔ درخت تبدیل نہیں ہوا، اپنی بساط نور پر قائم ہے۔ آدمی کی نگاہ نور سے ہٹ کر رنگوں میں مرکوز ہوگئی ہے۔

رابعہ سلیم (کراچی): ''مرشد کی باتیں'' کی دوسری سیریز میں پہلی سیریز سے زیادہ گہرائی تھی پھر اسے کیوں روک دیا گیا؟ جو کتاب شائع ہوئی اس پر ''جلد اول'' لکھا ہے۔ کیا ''جلد دوم'' نہیں آئے گی؟ مرشد کریم نے ہماری کہانی کسی اور کے ذریعے بیان کی، تفکر کرنا سکھایا، آہستہ آہستہ شعور کے پرت کھولے اور رویوں کی حقیقت سمجھائی۔ براہِ کرم اسے شروع کرنے پر غور کریں۔

محمد سلیم (لاہور): رسالے میں ناول کی کمی شدت سے محسوس ہوتی ہے۔ عورت اور مرد زندگی کے دو رخ ہیں اور دنیا کی کم و بیش ساری کہانیاں ان کے گرد گھومتی ہیں۔ ''پورب کے ہم زاد'' کی ابتدائی اقساط اچھی ہیں۔ امید ہے کہ عدنان صاحب معیار کو برقرار رکھیں گے۔ ''ماہنامہ قلندر شعور'' کی خصوصیت ہے کہ تحریر میں ادب اور شائستگی کا خیال رکھا جاتا ہے اس لئے ''پورب کے ہم زاد'' سے اچھی امیدیں ہیں۔

رشید احمد (کراچی): بچوں کے حصے میں سرور کائنات رسول اللہؐ کے حالات زندگی مختصر بیان کر کے سبق دیا گیا ہے کہ بچوں کی تربیت میں ماحول کی اہمیت کیا ہے۔ رسول اللہؐ کا بچپن جن ہستیوں کے زیر سایہ گزرا وہ سب پاکیزہ کردار اور بلند اخلاق کی حامل ہیں۔ میرا خیال ہے کہ حسن زمان صاحب کی تحریر کو بہت غور سے پڑھنا چاہئے۔

قیصر، جماعت ششم (سیالکوٹ): سنا ہے کہ پہلے زمانے میں لوگوں کے قد بہت بڑے ہوتے تھے، یہی وجہ ہے کہ ''اناج کا دانہ'' بھی سائز میں بڑا تھا۔ اس کے علاوہ سرسید احمد خان کے بچپن کا واقعہ سبق آموز ہے۔

''وہ جس نے آسمانوں اور زمین اور ان میں موجود چیزوں کو چھ ایام میں پیدا کیا۔
پھر عرش پر قرار پکڑا، وہ رحمٰن ہے، اس کی شان کسی خبردار سے پوچھو۔'' (الفرقان)

عرس مبارک حضور قلندر بابا اولیاؒ ۲۷ جنوری ۲۰۲۰ء

27 جنوری 1979ء قلندر بابا اولیاؒ کا یوم وصال ہے۔ اللہ کے برگزیدہ بندے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم لدنّی کے وارث قلندر بابا اولیاؒ نے زمانے کے تقاضوں کے مطابق روحانی علوم کی آبیاری کی ہے۔ اولیاء اللہ کی محبت کے دیوانے اور رسول اللہؐ کے عشق میں پروانے قلندر بابا اولیاؒ کے عرس کی تقریب میں دور دراز سے تشریف لاتے ہیں اور علوم روحانی کے معطر پھول چنتے ہیں اور سلسلہ عظیمیہ کے فیض کو عام کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔

عرس کی مرکزی تقریبات ــــ

روحانی ورکشاپ: 26 جنوری 2020ء بروز اتوار

مزار شریف پر حاضری: 27 جنوری 2020ء بروز پیر

حضرت خواجہ شمس الدّین عظیمی صاحب کا خطاب رات 9:00 بجے

لنگر: بعد نماز مغرب

مرکزی مراقبہ ہال، سرجانی ٹاؤن۔ کراچی

مزار مبارک قلندر بابا اولیاؒ۔ بمقام خانقاہ عظیمیہ 14-B شادمان ٹاؤن کراچی

ختم درود شریف: ظہر سے مغرب، تلاوت قرآن، فاتحہ

زیرِ سرپرستی

اللہ کے دوست حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی

عظیمیہ روحانی لائبریری برائے خواتین

فری ممبر شپ

فری مطالعہ

روحانی علوم کے متلاشی خواتین وحضرات، راہِ سلوک کے مسافر اور روحانی سائنس میں دلچسپی رکھنے والے طلبہ وطالبات کے لئے عظیمی صاحب کی تحریر کردہ اور تصوف کی دیگر کتابیں مطالعہ کے لئے موجود ہیں۔

مکان نمبر 65 بلاک A-2، پنجاب ہاؤسنگ سوسائٹی

نزد جوہر ٹاؤن، لاہور۔ فون نمبر: 042-35185142

ہوگا تیری محفل میں کوئی اور بھی جلوہ
مجھ کو تو محبت ہی محبت نظر آئی

دوپہر تھی۔ میں مرشد کریم قلندر باباؒ کے پاس موجود تھا۔ فرمایا، خواجہ صاحب! کیسی اندھیری رات ہے؟ یک بیک نگاہوں کے سامنے سے پردہ ہٹا اور میں نے دیکھا کہ ہر سو اندھیرا پھیلا ہوا ہے۔

احسن تقویم — اعلیٰ مقداریں ہیں جن کی اسپیس کائنات کی اسپیس کے برابر ہے۔ ان مقداروں میں اتنی وسعت ہے کہ نوع آدم ان کا علم حاصل کر کے فی الارض خلیفہ کے منصب پر فائز ہوسکتی ہے۔

احسن تقویم ہستیوں میں ایک نمایاں نام حسن اخریٰ سید محمد عظیم برخیا المعروف قلندر بابا اولیاؒ ہے۔ آپ 1898ء میں قصبہ خورجہ، ضلع بلند شہر، یوپی (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ خورجہ میں ابتدائی تعلیم کے بعد ہائی اسکول تک بلند شہر میں پڑھا پھر علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی میں داخلہ لیا۔ علی گڑھ میں قیام کے دوران قلندر باباؒ کے نانا حضرت بابا تاج الدین ناگپوریؒ نے انہیں اپنے پاس روک لیا اور نو (9) سال روحانی تربیت فرمائی۔ قلندر باباؒ تقسیم ہند کے بعد کراچی آئے یہاں حضرت ابوالفیض قلندر علی سہروردیؒ سے ملاقات ہوئی۔

''حضرت ابو الفیض قلندر علی سہروردیؒ نے قطب ارشاد کی تعلیمات تین ہفتے میں پوری کر کے خلافت عطا فرمادی۔ پھر حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ کی روح پُرفتوح نے حضور بابا صاحبؒ کی روحانی تعلیم شروع کی اور پھر یہ سلسلہ یہاں تک پہنچا کہ سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے براہ راست علم لدنّی عطا فرمایا اور سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ہمت اور نسبت کے ساتھ بارگاہ رب العزت میں پیشی ہوئی اور اسرار و رموز کا علم حاصل ہوا۔'' (کتاب: تذکرہ قلندر بابا اولیاؒ)

قلندر باباؒ کے مکمل نام سے مقام کا اندازہ ہوتا ہے۔ حسن اخریٰ — کا خطاب بطریق اویسیہ حضور پاکؐ کی بارگاہ اقدس سے عطا ہوا ہے۔ محمد عظیم — پیدائش کے بعد رکھا گیا۔ آپ نجیب الطرفین سادات میں سے ہیں۔ برخیا — تخلص ہے، اور قلندر بابا اولیا — عرف ہے۔ مرتبہ قلندریت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہونے کی وجہ سے ملائکہ ارضی و سماوی اور حاملانِ عرش میں ''قلندر بابا اولیا'' کے نام سے مشہور ہیں۔

قلندر بابا اولیاؒ عمیق النظر، سلیم الطبع، سخن سنج، ادیب اور ارفع تخیل کے شاعر ہونے کے ساتھ نثر و نظم کے

استاد بھی تھے۔صحافت سے بھی وابستگی رہی۔

باطنی علوم کے بحر ذخار اور عشق و محبت کے رازدار قلندر بابا اولیاؒ کو علمِ شے حاصل ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ انسانی طبیعت میں ہر شے کا علم موجود ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی روح کے اندر روحانی انسان بھی ہے اور یہی روحانی انسان ان تمام صلاحیتوں کا حامل ہے جو نیابت کے منصب پر فائز ہونے کے لئے ضروری ہیں۔

روحانی انسان ان صلاحیتوں کا امین ہے جو اللہ تعالیٰ نے روح کو عطا کی ہیں۔ ہر فرد روح کے تابع ہے۔جسم میں روح کی موجودگی فرد کو حیات کی طرف متوجہ کرتی ہے کہ حیات کیا ہے؟ ابدالِ حق فرماتے ہیں،

''حیات کیا ہے ــــ؟ اللہ تعالیٰ کے ذہن میں انسان اور انسان کی شکل وصورت اسی طرح موجود تھی جس طرح انسان بحالت موجودہ پیدا ہو کر بالغ خدوخال حاصل کر کے ایک عمر تک ایک خاص مظہر کی حیثیت میں زندگی بسر کرتا ہے۔ اس مثال کی وضاحت اس طرح کی جاتی ہے کہ انسان کی ذات ایک حرکت ہے۔ وہ حرکت اللہ تعالیٰ کے حکم سے شروع ہوتی ہے۔اس حرکت کے ہزاروں اجزا ہیں اور ان اجزا میں سے ہر چیز ایک حرکت ہے۔ گویا انسان کی ذات لاشمار حرکتوں کا مجموعہ ہے۔''

اس کے بعد حرکت کی وضاحت کرتے ہوئے حضور قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں،

''جب انسان نے اپنی زندگی کی پہلی حرکت کی تو اس حرکت کی ابتدا کو الگ اور انتہا کو الگ مظہر بننے کا موقع ملا۔ ابتداً جو حرکت وقوع میں آئی، وہ خالقیت کی صفت کا مظہر تھی۔ وہ حرکت ابتدائی مراحل سے گزر کر تکمیل تک پہنچی۔ پہلا جزو ابتدائی حرکت اور دوسرا جزو تکمیل۔ دونوں مل کر حیات انسانی کی ایک تمثیل بنی۔اس حرکت کے فوراً بعد حیات انسانی کی دوسری حرکت شروع ہو گئی۔ پھر اس کی بھی تکمیل ہوئی۔ یہ دونوں تمثیلیں ہوئیں۔

پہلی تمثیل ایک ریکارڈ تھی اور دوسری تمثیل بھی ایک جداگانہ ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔ پہلی تمثیل کا ریکارڈ اگر محفوظ نہ ہوتا تو زندگی کی پہلی حرکت جو زندگی کا ایک جزو ہے فنا ہو جاتی۔اسی طرح دوسری تمثیل کا ریکارڈ نہ رہتا تو دوسری حرکت فنا ہو جاتی۔ اگر فنائیت کا یہ سلسلہ جاری رہتا تو زندگی کی ہر حرکت جیسے ہی وقوع میں آتی ویسے ہی فنا ہو جایا کرتی۔اس طرح کسی انسان کی تمام زندگی کی نفی ہو جاتی اور پھر کسی طرح بھی ہم زندگی کو زندگی نہیں کہہ سکتے تھے۔ اس لئے یہ ضروری ہوا کہ زندگی کی ہر حرکت محفوظ رہے۔

زندگی کی ہر حرکت اللہ تعالیٰ کی صفت خالقیت کے تحت واقع ہوئی ہے یعنی صفت خالقیت کی حدود میں ظاہر ہوئی۔اس حرکت کا محفوظ رہنا اللہ تعالیٰ کی کسی ایسی صفت میں ممکن تھا جو احاطہ کر سکتی ہو اور حفاظت کی صلاحیت رکھتی ہو۔ چناں چہ یہ لازم ہو گیا کہ جو حرکت صفت خالقیت کے تحت شروع ہوئی تھی اس کی تکمیل صفت قدرت کی حدود میں ہو۔اب ہر حرکت کے لئے لازم ہو گیا کہ وہ صفت خالقیت یعنی رحمت کی حدوں میں شروع ہو اور صفت مالکیت

یعنی صفت قدرت کی حدوں میں تکمیل پذیر ہو۔اس اصول سے یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ رحمت اور قدرت کے سائے میں ہی حرکت وجود پا سکتی تھی۔ ان دونوں صفات کا سہارا لئے بغیر حرکت کا وجود ناممکن ہے۔اس بیان سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ زندگی رحمت اور قدرت کا مجموعہ ہے۔''

اس تحریر کو تین بار غور سے پڑھیں اور بتائیں کہ آپ کیا سمجھے زندگی کیا ہے؟

تصوف میں روحانی استاد اور سالک کی طرز فکر ایک ہونا ضروری ہے کیوں کہ یہ وہ علم ہے جو سیکھا نہیں جاتا، منتقل ہوتا ہے یعنی سالک کی حیثیت لباس بن جاتی ہے اور لباس میں حرکت مرشد کا ذہن ہے۔طرز فکر کے لئے سالک کے ذہن سے دوئی کے نقوش مغلوب کئے جاتے ہیں تا کہ وہ خیال کو من وعن قبول کرے۔اس دوران مرید سے زیادہ مرشد ایثار کرتا ہے۔

ابدالِ حق نے اپنا روحانی ورثہ منتقل کرنے کے لئے شاگردِ رشید، عظیمی صاحب کا انتخاب کیا اور دن رات 16 سال ان کے ساتھ قیام کر کے تربیت فرمائی۔قربت سے استاد کی شخصیت شاگرد کے اندر نقش ہوگئی۔

محترم عظیمی صاحب فرماتے ہیں،

''دوپہر تھی۔ میں مرشد کریم قلندر باباؒ کے پاس موجود تھا۔فرمایا،خواجہ صاحب! کیسی اندھیری رات ہے؟ یک بیک نگاہوں کے سامنے سے پردہ ہٹا اور میں نے دیکھا کہ ہر سو اندھیرا پھیلا ہوا ہے۔

تھوڑی دیر بعد انہوں نے فرمایا، اوہ! یہ تو دن ہے۔ میرا ذہن پیرومرشد کے ذہن میں جذب ہے لہٰذا میں نے دیکھا کہ دن کی روشنی ہر طرف پھیل چکی ہے۔''

توجیہ بیان کرتے ہوئے عظیمی صاحب نے فرمایا،

''غور کیا تو دو باتیں سمجھ میں آئیں۔ایک تو یہ کہ مرشد کریم قلندر باباؒ بیک وقت کئی عالمین میں مصروف رہتے تھے۔ بہت ممکن ہے کہ جس وقت انہوں نے یہ بات کہی کہ کیسی اندھیری رات ہے، اس وقت وہ کسی ایسے عالم میں موجود ہوں جہاں رات کا وقت ہو۔ دوسری بات ذہن میں آئی کہ انہوں نے دیکھنا چاہا ہو کہ میرا یہ مرید میرا تصرف کس حد تک قبول کرتا ہے اور انہوں نے ارادتاً یہ بات کہی ہو جس کا میں نے کھلی آنکھوں سے مشاہدہ کیا۔''

باطنی علوم سے واقفیت میں تصورِ شیخ کی اہمیت ہے کیوں کہ شیخ کا ذہن اللہ تعالیٰ اور اللہ کے محبوب رسول خاتم النبیین حضرت محمدؐ کی ذات اقدس میں جذب ہوتا ہے۔کامل مرشد کی طرز فکر غیر جانب دار ہوتی ہے اور مرید کو یہ طرز فکر منتقل کرنا تربیت کا مقصد ہوتا ہے۔

تربیت میں ایک بنیادی طریقہ تصورِ شیخ ہے۔

حاملِ علمِ لدنّی قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں،

''مراقبہ ایک ایسا عمل ہے کہ اگر اس کو خلوص نیت سے اور مستقل بنیادوں پر کیا جائے تو اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق کہ میں انسان کے اندر ہوں، مراقبہ کرنے والا بندہ اللہ تعالیٰ کو دیکھ لیتا ہے، اللہ تعالیٰ کی شان

کریمی سے فیض یاب ہو جاتا ہے اور دنیاوی مصیبتیں اور دنیاوی پریشانیاں اس کے اوپر سے ختم ہو جاتی ہیں اور اس کے پاس سوائے سکون کے کچھ نہیں رہتا۔''

مرشد ــــ مرید کو دنیا سے دور نہیں کرتا، سمندر میں رہ کر ڈوبنے سے محفوظ رہنا سکھاتا ہے۔ جس طرح سمندر بے ثبات ہے، ہر آن پانی سے خشکی اور خشکی سے پانی میں ردّوبدل ہوتا ہے، اسی طرح دنیا بھی پایندہ نہیں۔ ایک روز دنیا کی بے ثباتی کا ذکر ہو رہا تھا کہ ابدالِ حق نے شاگردِ رشید سے فرمایا،

''خواجہ صاحب! اس دنیا سے جب بھی کوئی جاتا ہے تو کچھ بھی ساتھ نہیں لے جاتا۔ وہاں جو چیز ساتھ جاتی ہے وہ خوشی ہے۔ اگر آپ اس دنیا میں خوش ہیں تو وہاں بھی خوشی آپ کا استقبال کرے گی۔ خوشی اس وقت حاصل ہوتی ہے جب آدمی ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کرے۔ جو حاصل ہے اس پر صبر و شکر کے ساتھ قناعت کرے اور جو چیز میسر نہیں اس کا شکوہ نہ کرے۔ اللہ کی نعمتوں کے حصول کے لئے بھرپور جدوجہد کرے۔ ہر حالت میں خوش رہنے سے بندہ راضی برضا ہو جاتا ہے۔''

خانوادہ سلسلہ عظیمیہ فرماتے ہیں کہ جب تربیت کے دوران شعور کی مزاحمت اس حد تک بڑھی کہ تکلیف کا احساس نہ رہا تو پیرومرشد نے ایک دن بٹھا کر فرمایا،

''یاد رکھئے! انسان کی تخلیق کا قانون یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جس فطرت پر پیدا کیا ہے وہ فطرت خود مختار نہیں ہے۔ انسان کی ساخت ہی اس بنیاد پر کی گئی ہے کہ یہ پابند ہو کر زندگی گزارے لہٰذا ضروری ہے کہ خود مختار زندگی سے آپ کنارہ کش ہو جائیں اور اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر دیں۔ آپ کے اندر یہ صلاحیت نہیں ہے کہ آپ کسی کو اپنا بنالیں۔ آپ کے اندر یہ صلاحیت بدرجہ اتم موجود ہے کہ آپ دوسرے کے بن جائیں۔ یہ بات اتنی گہری تھی اور ہے کہ میری سمجھ میں کچھ نہیں آیا۔ بہت غور کرنے کے بعد میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی، اللہ تعالیٰ! مجھے خود مختار زندگی سے نجات عطا فرمادے اور پابند زندگی عطا کر دے۔''

معرفت کے امین قلندر بابا اولیاؒ نرم دل اور انسان دوست ہستی ہیں۔ ایک صاحب نے انہیں سویٹر تحفے میں پیش کیا۔ سویٹر ان کی جسامت سے دگنا تھا۔ عظیمی صاحب نے مرشد کریم قلندر باباؒ کی طرف دیکھا تو انہوں نے خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ وہ صاحب چلے گئے تو شاگردِ خاص سے فرمایا،

''خواجہ صاحب! ان صاحب کے ذہن میں جو میرا امیج تھا وہ اس امیج کے مطابق سویٹر لے آئے۔ اگر آپ کچھ کہہ دیتے تو ان کا دل ٹوٹ جاتا۔ اب جب کہ انہوں نے مجھے دیکھ لیا ہے تب بھی ان کے ذہن میں یہ بات نہیں آئی کہ یہ سویٹر میری جسامت کے لحاظ سے بڑا ہے۔ وہ اسی امیج کے زیر اثر رہے۔ کبھی ان کے ذہن میں یہ بات آئے گی بھی نہیں۔''

ابدالِ حق قلندر بابا اولیاؒ کے عزیز دوستوں میں ایک نام سید نثار علی بخاری صاحب کا ہے۔ نثار صاحب

فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ناگواری پیدا ہوئی اور تیس روز تک ملاقات نہ ہوسکی۔ عیدالفطر آئی تو میں مکان پر حاضر ہوا۔ قلندر باباؒ مجھے دیکھتے ہی کھڑے ہوگئے اور گرمجوشی سے گلے مل کر اس قدر روئے کہ چہرہ آنسوؤں سے تر ہوگیا۔ میرے اندر بھی گداز کی ایسی کیفیت پیدا ہوئی کہ آنکھوں سے اشکوں کی جھڑی بندھ گئی۔ ہماری دوستی پہلے سے بھی زیادہ استوار ہوگئی۔

حضرت سید محمد عظیم برخیاؔ المعروف قلندر بابا اولیاؒ نے آفاقی وارضی قوانین کو صنفِ سخن میں بھی بیان کیا ہے۔

رباعیات میں سے چند پیش خدمت ہیں،

ہے ظرف مکاں ظرف زماں اے ساقی
ہر نقش ہوا میں ہے یہاں اے ساقی
یہ جام یہ شیشہ یہ قدح یہ مینا
یہ سب ہیں مگر یہ ہیں کہاں اے ساقی

ہے زیرِ زمیں بھی شہر کی آبادی
مٹی کے صنم سے ہے وہاں آزادی
ہے موت کا سایہ بھی وہاں پر ممنوع
ممکن ہی نہیں حیات کی بربادی

جو ہونا ہے بیجا کہ بجا ہونا ہے
اس غم میں فضول مبتلا ہونا ہے
اندھیر ہے دن کی روشنی میں اتنا
معلوم نہیں کہ دم میں کیا ہونا ہے

نثار صاحب فرماتے ہیں کہ قلندر بابا اولیاؒ نے جو کلام ہندوستان میں لکھا وہ ان کے ننھیالی گھر میں لکڑی کے صندوق میں رکھا ہوا تھا۔ تقسیم سے کچھ دن پہلے وہ کانپور گئے، کانپور سے بمبئی اور وہاں سے پاکستان آگئے تو وہ تمام ذخیرہ وہیں تباہ ہوگیا۔ اس کلام میں سے یاد رہ جانے والے اشعار میں سے چند یہ ہیں،

ہائے اس رنگین چہرے کا نظام
بت کدے کی صبح میخانے کی شام
چاندنی تیری کلائی کی بہار
چاندنی تیری کف سیمیں کا جام

ہوگا تیری محفل میں کوئی اور بھی جلوہ
مجھ کو تو محبت ہی محبت نظر آئی

ابدالِ حق کو اونچی آواز میں بات سخت ناپسند تھی۔ فرماتے تھے، ''ارے بھئی، آہستہ بولا کرو۔ بلاوجہ کیا بلڈ پریشر ہائی کرنا!''۔ کوئی کہتا کہ عادت ہوگئی ہے تو وہ فرماتے، ''کیا عادت بن گئی ہے؟ بنالی ہے، صحیح کرلو۔''

قلندر بابا اولیاؒ کی نصیحت ہے،

''آواز کمرے سے باہر نہیں جانی چاہئے۔''

حضور قلندر باباؒ چیزیں ترتیب سے مقررہ جگہ پر رکھتے تھے۔ جوتے اتارنے کے بعد جھاڑ کر برابر رکھتے، جوتے غیر متوازن رکھنا پسند نہیں تھا۔ یہ بھی فرماتے تھے،

''کسی کے راز یا خامی سے واقف ہوجائیں تو بیان نہ کریں اور نہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔''

باباصاحبؒ کا قول ہے،

''آدمی دو طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک انسان ہوتے ہیں اور دوسرے وہ جو لوگوں کو تنگ کرتے ہیں۔ تنگ کرنے والے سینگ مارتے ہیں جیسے بیل خواہ مخواہ سینگ مارتا ہے۔ اپنی غرض سے غرض رکھو۔ کسی کے کام میں دخل مت دو۔ کسی پر مسلط ہونے کی کوشش مت کرو اور نہ ٹوہ میں لگو کہ کوئی کیا کر رہا ہے۔''

وصال سے قبل شاگردِ رشید عظیمی صاحب سے فرمایا،

''ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا۔ فقیر کی ذات چمار ہوتی ہے اور چمار پر آسمان سے بیگار اترتی ہے۔''

جس روز انتقال ہوا، تین گھنٹے قبل عظیمی صاحب سے فرمایا ''مجھ سے مصافحہ کرو۔'' اس سے پہلے کبھی کسی سے یہ بات نہیں فرمائی تھی۔

27 جنوری 1979ء کو وصال ہوا۔

اللہ کے دوستوں کا فیض، ان کے ایک عالم سے دوسرے عالم میں منتقل ہونے کے بعد بھی جاری رہتا ہے۔ سلسلہ عظیمیہ ابدالِ حق قلندر باباؒ اولیاؒ کا لگایا ہوا باغ ہے جس کے پھول عظیمی صاحب نے اپنے مرشد کریم کی مہک کو گھر گھر پھیلایا ہے۔

ان کی نسبت بھی ہے، نام بھی، افکار بھی عظیم
گفتار بھی، اخلاق بھی، کردار بھی عظیم
روشن روشن راہوں والی سرکار بھی عظیم
شمس ہمارے رہبر ہیں، دربار بھی عظیم

سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روحانی علوم کے وارث ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ کی تعلیمات کا نچوڑ یہ ہے کہ ــــ انسان کو محض روٹی کپڑے کے حصول اور آسائش و زیبائش کے لئے پیدا نہیں کیا گیا بلکہ اس کی زندگی کا اولین مقصد یہ ہے کہ وہ خود کو پہچانے، رحمۃ للعالمینؐ کا قلبی اور باطنی تعارف حاصل کرے جن کے جود و کرم اور رحمت سے ہم ایک خوش نصیب قوم ہیں اور جن کی تعلیمات سے انحراف کے نتیجے میں ہم دنیا کی بدنصیب اور بدترین قوم بن چکے ہیں۔

سلسلۂ عظیمیہ کے اغراض و مقاصد حسب ذیل ہیں۔

۱۔ صراطِ مستقیم پر گامزن ہو کر دین کی خدمت کرنا۔

۲۔ رسول اللہؐ کی تعلیمات پر صدقِ دل سے عمل کر کے آپؐ کے روحانی مشن کو فروغ دینا۔

۳۔ مخلوقِ خدا کی خدمت کرنا۔

۴۔ علم دین کے ساتھ ساتھ لوگوں کو روحانی اور سائنسی علوم حاصل کرنے کی ترغیب دینا۔

۵۔ لوگوں کے اندر ایسی طرز فکر پیدا کرنا جس کے ذریعے وہ روح اور اپنے اندر روحانی صلاحیتوں سے باخبر ہو جائیں۔

۶۔ تمام نوع انسانی کو اپنی برادری سمجھنا۔ بلاتفریق مذہب و ملت ہر شخص کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا اور حتی المقدوران کے ساتھ ہمدردی کرنا۔

حامد ابراہیم

روپ بہروپ

وہ ایک خیال میں بے خیال دیکھتا ہے کہ ہر طرف گھپ اندھیرا اور خلا ہے۔ پھر خیالات غائب ہو گئے۔ اندھیرے میں اس کا وجود محض شاہد (observer) کا ہے۔ اچانک نقطہ نمودار ہوتا ہے۔ غور سے دیکھنے پر محقق کو معلوم ہوا نقطہ دراصل کروی شکل کا قطرہ (پانی) ہے جو خلا میں معلق ہے۔

امام سلسلہ عظیمیہ ابدالِ حق حسن اخریٰ سید محمد عظیم برخیا المعروف حضور قلندر بابا اولیاؒ نے اپنی تصنیف ''لوح وقلم'' میں تحریر فرمایا ہے،

''حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جب یہ سوال کیا گیا کہ اس کائنات سے پہلے کیا تھا تو آپؐ نے فرمایا،

'امعاء'

سوال کیا گیا۔

اس کے بعد کیا ہوا؟

ارشاد ہوا، 'ماء'۔

'امعاء' عربی اصطلاح میں ایسی منفیت کو کہتے ہیں جو عقل انسانی میں نہ آسکے اور 'ماء' عربی میں 'مثبیت' کو کہتے ہیں جو کائنات کی بنیادیں ہیں۔''

احسن الخالقین اللہ تعالیٰ نے نوع آدم کو تخلیق کی صلاحیت عطا فرمائی ہے۔ فرد ذہنی سطح کے مطابق تخلیق کرتا ہے۔ جیسے نوع آدم روحانی صلاحیت بروئے کار لاکر روشنیوں میں تصرف کر کے تخلیق کرتی ہے اور مادیت کے تابع رہ کر بھی چیزیں تخلیق ہوتی ہیں۔ ہر دور میں روحانی معراج اور مادی ارتقا اس کی مثال ہے۔

اولیائے کرام نے ہر عہد میں اللہ کی مخلوق کے لئے آسانیاں پیدا کی ہیں اور علم کی نئی جہتوں سے متعارف کرایا ہے۔ کرامات کے پس پردہ معین مقداروں کے قوانین ہیں جو کائنات کی اساس ہیں۔ دوسری طرف مادی محققین نے اپنی سطح پر ایجادات کیں جس کا مظاہرہ موجودہ دور ہے۔

ہوائی جہاز 1903ء میں ایجاد ہوا۔ اس ضمن میں صدیوں پہلے کوشش شروع ہوئی اور وقت کے ساتھ ابتدائی اور سطحی نوعیت کے اڑنے والے ڈھانچے میں بتدریج بہتری لائی گئی حتیٰ کہ پہلی جنگ عظیم میں ہوائی جہاز جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال ہوئے۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران کوششیں تیز ہوئیں کہ کسی طرح ہوائی جہاز کی رفتار، آواز کی رفتار سے زیادہ ہو جائے۔ امریکی

فضائیہ نے 1945ء میں اس کا ڈیزائن تیار کیا اور عملی جامہ پہنانے میں کام یاب ہوئے اور 1948ء میں Bell X-1 نامی جہاز نے ایک ہزار میل فی گھنٹے کی رفتار سے کام یاب پرواز کی۔ واضح رہے کہ محققین آواز کی رفتار 767 میل فی گھنٹا بتاتے ہیں۔

پھر اس خیال کی داغ بیل پڑی کہ مسافروں کے لئے آواز کی رفتار سے تیز طیارے موجود ہوں تاکہ بین البراعظمی فاصلے کم سے کم وقت میں طے ہوں۔ چناں چہ 1950ء کے اوائل میں منصوبے کا آغاز ہوا۔ فرانس اور برطانیہ کے باہمی تعاون اور تحقیق کے نتیجے میں کنکورڈ (Concorde) نامی طیارے وجود میں آئے۔ 1969ء میں کنکورڈ نے پہلی آزمائشی پرواز کام یابی سے طے کی، اس کی رفتار آواز سے زیادہ تھی۔

1976ء سے باقاعدہ طور پر برطانیہ اور فرانس سے امریکا تک مسافر بردار پروازوں کا آغاز ہوا۔ چند جان لیوا حادثات، انتہائی مہنگے سفر اور ہمہ وقت موجود تکنیکی خدشات کے باعث کنکورڈ منصوبے کو 2003ء میں ختم کر دیا گیا۔ بچے کچے کنکورڈ طیارے عجائب گھروں کی زینت ہیں۔

اس وقت دفاعی اور تحقیقی مقاصد کے لئے سپر سانک طیارے زیر استعمال ہیں جن کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ جن طیاروں کی رفتار آواز کی رفتار سے کم از کم پانچ گنا زیادہ ہے وہ ہائپر سانک طیارے کہلاتے ہیں۔ یہ ابھی تجرباتی مراحل میں ہیں۔ امریکا، روس، چین، برطانیہ اور فرانس اس ٹیکنالوجی میں پیش پیش ہیں۔ خصوصاً امریکا کے طیارے لاک ہیڈ SR-71 بلیک برڈ، اور لاک ہیڈ مارٹن F-35 نمایاں ہیں۔

یہ ہوائی جہازوں کی صنعت میں جدت اور صلاحیت کے زیادہ سے زیادہ حصول کا مختصر احوال ہے۔

1903ء سے لے کر اب تک طیارہ سازی کی صنعت کے کچھ عرصے (time line) میں ہم تمام اہم پیش رفت اور واقعات کو مختصراً بیان کرتے ہیں۔

یہ 1945ء ہے۔ امریکی فضائیہ نے پہلے سپر سانک طیارے کو خیال سے وجود میں لانے کا ارادہ کر لیا ہے۔ محققین اور انجینیئروں کی ٹیم تمام پہلوؤں اور رکاوٹوں کا جائزہ لے رہی ہے۔ تین محققین آواز کی رفتار سے تیز ہونے پر طیارے کو درپیش ہوا کی رگڑ، مزاحمت اور حدت کو کم سے کم کرنے کے مفید اور ممکن ڈیزائن بنانے کی کوشش میں ہیں۔

رات کا وقت ہے۔ محقق الف خوب صورت پُرفضا پہاڑی مقام پر بنی قیام گاہ میں موجود ہے۔ آسمان صاف اور جھلمل ستاروں سے سجا ہوا ہے۔ موسم میں قدرے خنکی ہے لیکن خوش گوار احساس غالب ہے۔ محقق الف تمام تر ذہنی وسعت اور صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے تفکر کی تصویر بنا ہوا ہے۔ سوچ بچار کے دوران آنکھیں بند ہوتی ہیں یا کھلی رہتی ہیں۔ ایسے میں

پتھر کی ہموار سل پر پُرسکون نشست میں بیٹھے محقق کی ذہنی مرکزیت ہوائی جہاز کے قابلِ عمل سپر سانک ڈیزائن پر ہے۔

وہ ایک خیال میں بے خیال دیکھتا ہے کہ ہر طرف گھپ اندھیرا اور خلا ہے۔ پھر خیالات غائب ہو گئے۔ اندھیرے میں اس کا وجود محض شاہد (observer) کا ہے۔ اچانک نقطہ نمودار ہوتا ہے۔ غور سے دیکھنے پر محقق کو معلوم ہوا کہ نقطہ دراصل کروی شکل کا قطرہ (پانی) ہے جو خلا میں معلق ہے۔ قطرہ اپنے حجم میں پھیل کر فٹ بال کے سائز کا ہو جاتا ہے۔ سیال (قطرہ) کا یہ کروی حجم اب بیضوی شکل میں تبدیل ہوتا ہے۔ یہ تبدیلی بتدریج اس طرح واقع ہوتی ہے کہ ایک سرے سے سیال لمبی اور نوک دار صورت اختیار کر لیتا ہے۔

محقق الف کے ذہن میں خیال وارد ہوتا ہے کہ پانی یا سیال وہ شے ہے جس میں ہر طرح کی شکل اور ہیئت اختیار کرنے کی صلاحیت ہے۔ خلا میں معلق بیضوی سیال کی شکل مسلسل تبدیل ہو رہی ہے۔ اطراف سے دو متوازی لیکن مخالف سمت میں پَر نما ساخت نمودار ہوتی ہیں۔ پچھلے حصے سے دو اسی طرح کے متوازی اور مخالف لیکن سائز میں نسبتاً چھوٹے پَر، اور اوپر کی طرف عمودی پَر (rudder) یعنی ہوائی جہاز کی شکل بن جاتی ہے۔

منظر تبدیل ہوتا ہے۔ جہاز فضا میں محوِ پرواز ہے۔ ہوا سفید دھوئیں کی طرح نظر آتی ہے اور جہاز کے مختلف حصوں سے ٹکرا کر پیچھے جاتی ہے۔ اسی لمحے جہاز کے سامنے کے حصے (cockpit)، درمیانی لمبے حصے (fuselage)، پچھلے اور آگے پروں میں معمولی مگر واضح تبدیلی ہوتی ہے۔ نتیجے میں جہاز سے ہوا کی رگڑ اور دباؤ بہت کم ہو جاتا ہے۔

محقق الف کا شعور بیدار ہے اس لئے یہ عمل اس کے حافظے میں ذہنی وسعت کے مطابق نقش ہو رہا ہے۔ جہاز کے پچھلے پروں اور دم کے عین نیچے ایک سوراخ نمودار ہوتا ہے، اس میں سے انتہائی گرم اور تیز رفتار گیسیں شعلے کی صورت میں نکلتی ہیں — یہ جہاز میں راکٹ انجن کے نصب ہونے کی تصویر کشی ہے۔

پھر محقق تصور میں جہاز کی پرواز کے دوران ہر طرف سے اس کا جائزہ لیتا ہے ، ہوائی حرکیات (aerodynamics) کی جہاز کے ڈیزائن سے مطابقت کا مطالعہ کرتا ہے اور آنکھیں کھول دیتا ہے ۔ چہرے پر مسرت اور آنکھوں میں چمک ہے ۔ وہ یہ سب کاغذ پر منتقل کرتا ہے ۔ تصاویر اور خاکوں سے جہاز کی شکل و ہیئت واضح ہوتی ہے ۔ ماڈلز بنا کر انہیں تیز رفتار ہوا کی سرنگ (wind tunnel) میں رکھا جاتا ہے ۔ نقائص دور کر کے بالآخر جہاز بنانے پر کام ہوتا ہے ۔ اس طرح 1947ء میں پہلی کام یاب پرواز کا تجربہ کر کے سپرسانک طیارہ سازی کا نیا شعبہ قائم ہوتا ہے ۔

آپ نے ماضی کی تمثیل (analogy) حال میں پڑھی ۔ یہ تمثیل باقاعدہ جہاز سازی کی صنعت کی بنیاد ہے ۔ سمجھنے سمجھانے کے لئے واقعاتی شکل میں بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔

کائناتی حقیقت ہے کہ جب تک انہماک اور ارتکاز کی مطلوبہ مقداروں کے ساتھ تصور قائم نہیں ہوتا ، شے کی تخلیق یا ایجاد کا عمل نامکمل ہے ۔ آج جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس سپرسانک اور ہائپرسانک طیاروں کی صنعت میں یہی اصول کارفرما ہے ۔ تصور کی لامحدود دنیا سے معلومات کشید ہو کر کاغذ ، کمپیوٹر اور ماڈل سے ہوتی ہوئی بالآخر مظاہرہ بن جاتی ہیں ۔

دلچسپ نکتہ: 1945ء کے برعکس آج کل چیزوں کی ایجاد و تخلیق میں کمپیوٹر نظام اور سافٹ ویئرز کی مدد موجود ہے ۔ جن سافٹ ویئرز میں پیچیدہ مشینوں سے لے کر سادہ نوعیت کی اشیا کے ڈیزائن اور ماڈل بنائے جاتے ہیں وہ 3D ماڈلنگ سافٹ ویئرز کہلاتے ہیں ۔ یہ فن مصوری کی جدید کمپیوٹرائزڈ شکل ہے ۔ کاغذ اور کینوس کے بجائے کمپیوٹر اسکرین ، ڈیجیٹل قلم اور حساس سطحوں کا استعمال کیا جاتا ہے ۔

3D ماڈلنگ سافٹ ویئرز میں مصوری کا طریقہ کیا ہے؟ یہ سافٹ ویئرز مصور یا محقق کو virtual خلا مہیا کرتے ہیں جن میں شے کی ابتدا رنگین شکل و صورت میں ڈھلنے والے سیال یا مائع سے ہوتی ہے ۔ سافٹ ویئر میں اوپر بیان کی گئی تمثیل کی طرح اس سیال کو کسی شکل و صورت میں ڈھالا جائے تو وہ ٹھوس جسم کی طرح قائم رہتی ہے ۔ سافٹ ویئر میں سیال کی حالت سے پہلے شے کے حدود اربع کو نقطوں سے ظاہر کیا جاتا ہے ۔ نقطوں کے درمیانی خلا کو virtual مائع سے بھر کر مطلوبہ شکل و صورت میں ڈھالا جاتا ہے ۔ جب تسلی بخش تفصیلات کی حد تک کام مکمل ہوتا ہے تو اس شے کو مادی صورت دینے کے لئے یا تو اسے 3D پرنٹر میں مادی قالب میں پرنٹ کرتے ہیں یا دوسرے مطلوبہ مواد کی مدد سے وہ شے بنائی جاتی ہے ۔

شے کی تخلیق میں ، خواہ وہ تصور سے کاغذ ، پنسل یا کمپیوٹر سافٹ ویئرز سے ہو کر مادی وجود تک پہنچے ، ایک حالت مشترک اور لازم ہے ۔ یہ حالت مائع ،

سیال یا دوسرے لفظوں میں پانی کی ہے۔

قرآن کریم میں پانی کو تخلیق کے لئے بنیاد قرار دینے میں حکمت واضح ہے کہ پانی (ماء) کسی مخصوص فارمولے کے مرکب کا نام نہیں بلکہ ایسا تشخص ہے جس میں پھیلاؤ کی لامحدود وسعت اور تخلیق کے لئے درکار معین مقداریں موجود ہیں۔

''اللہ وہی ہے جس نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی برسایا، پھر اس کے ذریعے سے تمہاری رزق رسانی کے لئے طرح طرح کے پھل پیدا کئے۔ جس نے کشتی کو تمہارے لئے مسخر کیا کہ سمندر میں اس کے حکم سے چلے اور دریاؤں کو تمہارے لئے مسخر کیا۔'' (ابراھیم: ۳۲)

وضاحت ہوتی ہے کہ اللہ نے قرآنی تعلیمات کے اسرار کو سمجھنے کے لئے لامحدود وسعت عطا فرمائی ہے۔

''ہم نے اس قرآن کا سمجھنا آسان کر دیا۔ ہے کوئی سمجھنے والا؟'' (القمر: ۱۷)

جان داروں کی تخلیق میں اسپرم اور بیضہ کیا ہیں؟ پانی کی مختلف صورتیں ہیں۔ نباتات کی تخلیق بھی اسی طرز پر ہے اور جمادات میں پتھر اور دھات کی بھی۔ یہ پتھر کس طرح وجود میں آئے؟ ابلتے گرم سیال نے تہ در تہ جم کر چٹانوں کی شکل اختیار کی یا کروی اور بیضوی صورت میں جمنے سے پتھر تخلیق ہوئے۔ دھات بظاہر ٹھوس اور سخت ہے لیکن ہم جانتے ہیں کہ یہ مائع (پانی) کی جمی ہوئی حالت ہے جو شدید حرارت مہیا ہونے پر اصل شکل میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

کائنات میں موجود کسی بھی شے کی تخلیق کی ابتدائی حالت مائع (پانی) ہے جس میں بہاؤ ہے۔ پانی ہر شے میں تحلیل ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

آج کے جدید ترین 3D ماڈلنگ، 3D پرنٹنگ سافٹ ویئر اور سپر کمپیوٹروں کی ممکنہ سکت سے یہ روز روشن کی طرح واضح ہے کہ تخلیق کی ابتدا ہمیشہ مائع (پانی) کی صورت سے ہوتی ہے۔

یعنی کسی بھی شے کی تخلیق سے پہلے اس شے کی ترکیب سے متعلق مقداریں ایسی حالت میں موجود ہوں کہ ان میں بہاؤ ہو اور مطلوبہ صورت میں ڈھل جانے کی صلاحیت ہو۔ ایسی حالت کو پانی یا سیال کے علاوہ کوئی دوسرا نام نہیں دیا جا سکتا۔

سمجھنا ضروری ہے کہ ہر وہ عمل جس میں بہاؤ ہے، تخلیق سے متعلق مقداریں ہیں، حرکت ہے، کسی بھی شکل یا قالب میں ڈھلنے کی لامحدود صلاحیت ہے — وہ ماء (پانی) ہے۔ ماء — روشنیوں کے بہاؤ، گیسوں یا مائع کی صورت میں بھی ہوتا ہے۔

جدید طبیعیات میں گیسوں اور مائعات دونوں کو سیال (fluid) حالت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ فرق یہ ہے کہ گیسیں قدرے لطیف ہیں۔ گیسوں سے اوپر روشنی کے سیال مزید لطیف ہیں۔ راقم الحروف کی فہم کے مطابق قرآن کریم سے واضح ہوتا ہے کہ خالق کائنات

اللہ تعالیٰ جس پانی کو تخلیق کی بنیاد قرار دیتے ہیں وہ معین مقداروں پر مشتمل سیال (fluid) ہے۔

''پاک اور بلند مرتبہ ہے وہ ذات جس نے معین مقداروں سے تخلیق کیا اور ان مقداروں کی ہدایت بخشی۔'' (الاعلیٰ: ۱-۳)

ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں:

''کائنات کی ساخت میں بساطِ اوّل وہ روشنی ہے جس کو قرآن کریم نے ماء (پانی) کے نام سے یاد کیا ہے۔ موجودہ سائنس میں اس کو گیسوں (gases) کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ان ہی صدہا گیسوں کے اجتماع سے اولاً جو مرکب بنا ہے اس کو پارہ یا پارے کی مختلف شکلیں بطور مظہر پیش کرتی ہیں۔ ان مرکبات کی بہت سی ترکیبوں سے مادّی اجسام کی ساخت عمل میں آتی ہے اور ان ہی مادی اجسام کو موالید ثلاثہ یعنی حیوانات، نباتات اور جمادات کہتے ہیں۔ تصوف کی زبان میں ان گیسوں میں سے ہر گیس کی ابتدائی شکل کا نام نسمہ ہے۔ دوسرے الفاظ میں نسمہ حرکت کی ان بنیادی شعاعوں کے مجموعے کا نام ہے جو مادی وجود کی ابتدا کرتی ہیں۔''

ماء — اللہ تعالیٰ کی لامحدود صفات کا مجموعہ ہے۔ ماء (پانی) سے جب تخلیق کی مقداریں مخلوقات کی نوعیت کے اعتبار سے الگ ہوتی ہیں تو نسمہ کہلاتی ہیں۔ گویا نسمہ ماء کی ایسی صورت ہے جس میں ہر نوع کی معین مقداریں ہیں۔

خانوادہ سلسلہ عظیمیہ فرماتے ہیں۔

''پانی کیا ہے، بس اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ ماء۔ base۔ ہر چیز کی بنیاد پانی ہے۔ ہر چیز پانی سے ہے۔ پانی نہ ملے مرجائیں گے۔ اب پانی کیا ہے؟ پانی میں مقداریں ہیں۔ مقداریں روشنی ہیں۔ روشنی نور ہے۔ نور کیا ہے؟ اللہ کا حکم ہے۔ اللہ کا حکم — اللہ کا ذہن ہے۔ اللہ بارش برساتا ہے۔ خواہش ڈالتا ہے لوگوں کے دلوں میں۔ اللہ کی محبت ہے کہ کوئی چیز اپنے کام سے نہیں رکتی۔ دل پھیپھڑے سب اپنے وقت پر کام کر رہے ہیں۔ ذرا سی گڑبڑ ہو جائے تو —؟ سب مقداریں ہیں۔''

ہر دور میں سردی سے بچنے کے لئے مختلف طریقے اپنائے گئے ہیں۔ پہلے وقتوں کا ذکر ہے — سردیوں کے دن تھے۔ ماں نے بیٹے سے کہا، ٹھنڈ زیادہ ہے، ایسا کرو بالٹی میں گرم پانی لے کر کمرے میں رکھ دو تاکہ اس کی بھاپ سے کمرے کا درجۂ حرارت بہتر ہو جائے۔ بیٹے نے ایسا ہی کیا۔ جب پانی رکھنے کا مقصد پورا ہوا اور پانی ٹھنڈا ہو گیا تو بیٹے نے وہ پانی صحن میں گرا دیا۔ عقب سے ماں کی آواز آئی — سوچو! جو پانی تم نے ضائع کیا، کیا تم اس سے صحن میں موجود پودوں کو پانی نہیں دے سکتے تھے —؟ چیزوں کو استعمال کے بعد ضائع کرنے کے بجائے ان کا بہترین مصرف تلاش کرو۔ استعمال کے بعد بھی شے کا مصرف موجود ہوتا ہے کیوں کہ شے جس حالت میں ہو بے مقصد نہیں۔

خواجہ شمس الدین عظیمی

پیراسائیکالوجی سے مسائل کا حل

گھر آباد رہے

سفینہ الٰہی (گھوٹکی): شادی کے بعد شوہر کے رویے سے اندازہ ہوا کہ وہ کسی اور خاتون کو پسند کرتے تھے لیکن گھر والے وہاں شادی پر رضامند نہیں تھے۔ گھر والوں کے آگے مجبور ہوکر انہوں نے مجھ سے شادی کی۔ ساس سسر نے سمجھا کہ شادی کے بعد بیٹا اسے بھول جائے گا لیکن انہوں نے تعلق ختم نہیں کیا۔ مجھے معلوم ہوا تو میں نے شوہر سے کہا کہ آپ نے رضامندی سے مجھ سے شادی کی ہے، اب اس خاتون کا خیال مناسب نہیں لیکن انہوں نے بے حسی سے جواب دیا کہ تمہیں چھوڑ سکتا ہوں، اس کو نہیں۔ گھر والوں نے عاملوں سے رجوع کیا، سب نے کہا کہ جادو ہے، توڑ کے لئے خرچہ کرنا ہوگا۔ کسی نے پانچ ہزار مانگے اور کسی نے دس ہزار لیکن معاملہ بگڑتا گیا۔ شوہر اب گھر نہیں آتے۔ شادی کے بعد سے میں نے کوئی خوشی نہیں دیکھی۔ اذیت میں مبتلا ہوں۔ اللہ کے لئے کوئی عمل بتائیں کہ میرا گھر ہنسی خوشی آباد رہے۔

جواب: شوہر کی کسی فوٹو کا نیگیٹو لیں اور بڑے سائز کی تصویر بنوالیں، جتنی بڑی ہوسکے۔ رات کو دو بجے اٹھ کر دو رکعت نفل پڑھیں اور دعا کریں۔ اس کے بعد فوٹو کے اوپر دس (10) منٹ تک پنسل سے کراس (x) بنائیں اور اسے لکڑی کے دو تختوں کے درمیان رکھ کر تختے کے اوپر تقریباً دو سیر وزنی پتھر رکھ دیں۔ فوٹو چوبیس (24) گھنٹے اسی طرح رکھیں۔ عمل کی مدت تین ہفتے ہے۔ رات کو اٹھنے کے لئے دو بجے کے وقت کی پابندی ضروری ہے۔

آخری تصویر

شاہ زیب خان (کراچی): عمر 21 سال ہے اور کالج کے آخری سال میں ہوں۔ میرے اعصاب کم زور ہیں۔ جلد گھبرا جاتا ہوں اور کوئی فیصلہ نہیں لے سکتا۔ کسی پل چین نہیں ہے۔ وسوسوں کا دباؤ اتنا زیادہ ہے کہ ذہن شیطانی خیالات کی آماج گاہ بن گیا ہے۔ عدم یکسوئی نے پڑھائی سے بیزار کردیا ہے۔ میں اب اس زندگی سے تھک گیا ہوں۔ میری مدد کریں۔

جواب: دس سال کی عمر کی کوئی تصویر ہوگی، اسے فریم کروالیں۔ دوسری تصویر 15 سال اور تیسری تصویر 21 سال کی عمر کی فریم کروالیں۔ رات کو سونے سے پہلے ان تصویروں کو دیکھیں۔ پہلے 21 سال کی تصویر کو دیکھیں، پھر 15 سال اور آخر میں 10 سال کی عمر کی تصویر دیکھیں۔ دیکھنے کا دورانیہ اس طرح سے ہے

کہ پانچ منٹ 21 سال کی عمر کی تصویر، پانچ منٹ 15 سال کی اور 10 منٹ 10 سال کی عمر کی تصویر دیکھیں۔ پھر آخری تصویر کا تصور کرتے ہوئے سو جائیں۔ عمل چالیس روز کرنا ہے۔ تعطل نہیں آنا چاہئے۔

خوب صورت آواز

صارم حنیف (فیصل آباد): دوست کے توسط سے آپ کو خط لکھ رہا ہوں۔ اس یقین کے ساتھ کہ آپ اللہ کے حکم سے مجھے تکلیف سے نجات دلائیں گے۔ میری آواز کوّے جیسی ہے۔ حلق کے بجائے ناک سے نکلتی ہے۔ سب تضحیک کا نشانہ بناتے ہیں۔ کوشش کرتا ہوں کہ کم سے کم بات کروں لیکن جب بولتا ہوں تو اجنبی بھی متوجہ ہو جاتے ہیں۔ کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ مجھے نزلہ ہے۔ خود تک محدود ہو گیا ہوں۔ اپنی آواز سننے کا دل نہیں چاہتا۔ مجھ پر اتنی گراں گزرتی ہے تو مقابل کو کیسے اچھی لگے گی۔ کیا میری آواز اچھی نہیں ہو سکتی؟

جواب: کمہار سے مٹکا خرید لیں۔ مٹکے کے منہ میں سر ڈال کر اونچی آواز سے لَے میں سورہ کوثر کی تلاوت کریں۔ صبح شام 90 دن تک عمل کرنا ہے۔ اللہ کے فضل سے آپ کی آواز ٹھیک ہو جائے گی۔

اس کے علاوہ عصر کی نماز کے بعد آٹے کا حلوہ گھر میں پکا کر گرم گرم کھائیں اور رات کو سوتے وقت نیم گرم نمکین پانی سے غرارے کریں۔

سدھ بدھ

رفیق عالم (مسقط): میں شادی شدہ ہوں۔ دو بچے ہیں جو نویں اور دسویں میں پڑھتے ہیں۔ محترم عظیمی صاحب! اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے۔ میں کسی اور کے عشق میں گرفتار ہوں۔ سدھ بدھ ختم ہو گئی اور عشق نے مجھے رسوا کر دیا۔ بیوی بچوں نے چھوڑ دیا ہے۔ وہ اب مجھ سے تعلق نہیں رکھنا چاہتے۔ مگر جس کے لئے میں نے اپنا گھر خراب کیا، اس نے مجھے مفارقت دے دی اور میں کہیں کا نہ رہا۔ جتنا بھولنے کی کوشش کرتا ہوں، یاد میں شدت بڑھ جاتی ہے۔ دل اسی کی تمنا کرتا ہے۔ ایسا راستہ بتائیں کہ میں پُرسکون ہو جاؤں۔

جواب: رات آدھی گزر جائے تو 300 مرتبہ ''والقت مافیھا وتخلت'' پڑھیں اور آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں۔ اپنے اندر جھانکیں۔ وہاں آپ کو آپ خود نظر آئیں گے۔ قانون یہ ہے کہ ہر مرد کے اندر ایک عورت ہے اور ہر عورت کے اندر ایک مرد ہے۔ اندر کا مرد یا اندر کی عورت ہی کشش کا ذریعہ ہے۔ آپ کے اندر کی عورت بے سکون ہے۔ جب اسے سکون مل جائے گا، آپ کی حالت نارمل ہو جائے گی۔ اس مراقبہ سے بے سکونی کی کیفیت ختم ہو جائے گی۔ اچھے مصور سے اپنی بڑی تصویر پر خوب صورت رنگ بھروائیں اس طرح کہ تصویر میں نزاکت آ جائے۔ یہ تصویر دن رات تین چار مرتبہ دس دس منٹ تک دیکھیں۔

لباس پر لباس

محمد سعد (سکھر): میرا معدہ اور جگر کم زور ہے۔

ہتھیلیوں میں بہت پسینہ آتا ہے۔ گردے میں پتھری بھی ہے۔ باقاعدگی سے مراقبہ کرتا ہوں۔ اس سے پہلے مراقبے کی کیفیات اچھی تھیں لیکن اب شدید گھبراہٹ ہوتی ہے۔ چلتا ہوں تو چکر آتے ہیں، مایوسی طاری رہتی ہے۔ خوش شکل ہوں پر جب سے طبیعت خراب رہنے لگی ہے، چہرے پر خوشی کی جگہ بیماری نے لے لی ہے۔ مجھے ٹیلی پیتھی سیکھنے کا بھی شوق ہے۔

جواب: اپنے لئے کرتا سلوائیں جو سر سے پیر تک لمبا ہو یعنی آپ برقعے کی طرح اوڑھ لیں۔ اس برقعے میں آنکھوں کی جگہ آنکھ اور کانوں کی جگہ کان بنائیں۔ آپ کے کان اور آنکھ، برقعے کی آنکھ اور کان کے اندر آجائیں۔ ناک کی جگہ ناک بنائیں۔ ناک کے سوراخ کھلے ہوں تاکہ سانس لینے میں آسانی ہو۔ موزے کی طرح ہاتھ ہوں، دستانے کی طرح انگلیاں اور انگوٹھا بنا ہوا ہو۔ کمر کے اوپر کپڑے میں کولہوں کی جگہ سے ابھار ہو اور ٹانگوں کی طرح برقعے کی شلوار بنائی جائے۔ پیر موزے کی طرح ہوں۔ کرتا پاجامہ نما برقع پہن کر رات کو گھر میں چھت پر اکیلے جائیں اور ٹہلیں۔ ٹہلنے کے دوران سورہ مومنون کی آیت 12 سے 14 کا ورد کریں۔ الارم لگا کر 15 سے 20 منٹ ٹہلیں اور آیت کا ورد کرتے رہیں۔ چھت سے واپس آکر بات کئے بغیر سو جائیں۔ تین مہینے عمل کریں۔

کتاب روحانی علاج سے ہر مرض کا الگ الگ علاج کریں۔ پہلے جگر کے علاج سے شروع کریں۔

نادانی

د۔م (لاہور): میٹرک کا طالب علم ہوں۔ اسکول

پیراسائیکالوجی
(Parapsychology)

ماہنامہ قلندر شعور جنوری 2020ء

اماں کا نام : ..... سائل کا نام: .....

تاریخ اور وقت پیدائش : ..... تعلیم: ..... ازدواجی حیثیت: .....

جاگنے کا دورانیہ : ..... سانس کا دورانیہ کتنے سیکنڈ ہے: .....

کھانا پیٹ بھر کے کھاتے ہیں یا بھوک رکھ کر: ..... نمک زیادہ پسند ہے یا مٹھاس: .....

خیالات میں حقیقت پسندی ہے یا الوژن : ..... دستخط : .....

خط و کتابت کا پتہ : .....

..... رابطہ نمبر: .....

اور محلے میں برے دوستوں میں بیٹھ کر اپنی صحت تباہ کر لی ہے۔ مجھے ہوش نہیں رہا کہ میں خود کو نقصان پہنچا رہا ہوں۔ ہوش اس وقت آیا جب پانی سر سے گزر گیا۔ جسم ہڈیوں کا پنجر بن گیا ہے۔ تھوڑا سا کام کرنے کے بعد آرام کرنا ضروری ہو جاتا ہے کیوں کہ کم زوری بہت ہے۔ سانس پھول جاتا ہے۔ باہر کے کھانے اور مرچ مسالوں کی وجہ سے معدے میں گرمی اور جلن نے نڈھال کر رکھا ہے۔ سادہ کھانا حلق سے نہیں اترتا۔ میں پھر سے صحت مند ہونا چاہتا ہوں۔ تکلیف کسی کو بتائی نہیں جاسکتی۔ اپنی نادانی پر بہت نادم ہوں۔

جواب: آج کئی نوجوان اس مسئلے سے دوچار ہیں۔ غیر اخلاقی چیزوں تک رسائی آسان ہوگئی ہے۔ ماں باپ بچوں سے بے خبر ہیں کہ ان کے دوست کون ہیں اور ٹی وی اور موبائل فون پر انٹرنیٹ استعمال کرتے ہوئے بچوں کی مصروفیات کیا ہوتی ہیں۔

باریک ململ کے کپڑے کی پٹی اس طرح سلوائیں کہ دونوں پٹیوں کے درمیان جیب بن جائے۔ ان جیبوں میں سیسے (Lead) کا ایک ایک ٹکڑا رکھ کر اس پٹی کو کمر پر اس طرح باندھ لیں کہ سیسے کے ٹکڑے گردوں کی جگہ رہیں۔ پٹی ایک ماہ تک ہر وقت باندھے رہیں۔ اگر ضرورت کی وجہ سے کھولنا پڑ جائے تو فراغت کے بعد دوبارہ باندھ لیں۔

قرآن کریم ترجمے کے ساتھ پڑھیں اور معنی و مفہوم پر غور کریں۔ رات کو سونے سے پہلے سیرت طیبہؐ کا باقاعدگی سے مطالعہ کریں۔

ہزاروں سال

کسی بادشاہ کے سامنے ایک شخص کی بہت تعریف کی گئی کہ وہ عقل مند ہے اور اس کی باتوں میں دانائی کے موتی ہیں۔ بادشاہ کو ملاقات کا اشتیاق ہوا چناں چہ محل میں حاضر ہونے کا فرمان بھیجا۔

عقل مند شخص حاضر ہوا اور سلام کے بعد کہا، بادشاہ کی عمر ہزاروں سال ہو۔

بادشاہ نے کہا، ہزاروں سال کون جیتا ہے، سنا تھا کہ آپ دانا ہیں لیکن آپ نے ابتدائی کلام میں حماقت ظاہر کی۔

بادشاہ نے ان لوگوں کی طرف دیکھا جنہوں نے اس کی تعریف کی تھی لیکن وہ سب مطمئن دکھائی دیئے۔

دانا نے جواب دیا، آدمی کی حیات بدن کی بقا پر موقوف نہیں ہے۔ نیک نامی کی زندگی وفات کے بعد دوسری حیات ہے اور نیک نامی عدل و انصاف قائم کرنے سے ملتی ہے۔ آنے والی نسلیں اس کی مثالیں دیتی ہیں اس لئے عادل حکم ران ہزاروں سال جیتا ہے۔ میری عرض یہ تھی کہ آپ کا نام صفحۂ دہر پر ہزاروں سال قائم رہے۔ اب مجھے اجازت دیجئے۔ یہ کہہ کر وہ پلٹ گیا۔

سہیل احمد

عشق کیا ہے ــــ؟

جب عشق کی بیل سچے عاشق کے وجود پر چھاتی ہے تو عشق اور اس کی صفات باقی رہتی ہیں، عاشق کی ہستی فنا ہو کر عشق میں تحلیل ہو جاتی ہے۔

جوانی میں قدم رکھا تھا کہ والدہ دنیا سے رخصت ہوگئیں۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی معصوم نگاہیں بھائی پر ٹک گئیں کیوں کہ وہی اب ان کی آنکھوں کا تارا تھا۔ بھائی نے میٹرک تک تعلیم حاصل کی تھی۔ عمدہ شاعرانہ ذوق رکھنے کے ساتھ بے حد حساس طبیعت کا مالک تھا۔ سنجیدگی، بردباری، معاملہ فہمی اور غور وفکر نمایاں خصوصیات تھیں۔ بھائی نے بہنوں کی نگاہوں کو مایوس نہیں لوٹایا اور بلا تامل ان کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لی، ماں بن کر انہیں آغوش شفقت میں لیا اور تمام توانائی بہن بھائیوں کی تعلیم وتربیت کے لئے وقف کردی۔ سلسلہ معاش جاری رکھنے کے لئے طبیعت کی مناسبت سے مختلف رسائل وجرائد میں صحافت اور شعرا کے دیوانوں کی اصلاح وترتیب کا کام اپنے لئے منتخب کیا۔ وقت گزرتا رہا اور اللہ کے فضل سے بہن بھائیوں کی ذمہ داری پوری ہوتی رہی۔

ایک دن دلّی کے چاندنی چوک بازار گیا اور کسی کام سے رام داس بقّال (پرچون فروش) کی دکان پر جا کھڑا ہوا۔ کچھ دیر بعد دکان پر ایک پاکیزہ صورت دیکھی تو نہ جانے اس چہرے میں ایسا کیا دیکھا کہ دماغ کو برقی رو کی طرح کا جھٹکا لگا اور وہ لمحوں میں گرد وپیش سے بے نیاز ہوگیا۔ شاید قدرت نے اس چہرے پر سے نقاب اٹھا کر عالم ملکوت کے حسن کا پرتو دکھایا تھا۔

دن کا وقت تھا، سورج چمک رہا تھا، دنیا کی رونق اور گہما گہمی روزانہ کے مطابق تھی۔ لوگ حسب دستور خیالات میں مگن ادھر ادھر آجا رہے تھے لیکن رام داس بقّال کی دکان کے سامنے کھڑے ہوش وخرد سے بیگانہ شخص کو عجیب تجربہ ہوا تھا۔ وہ نیک اور معزز گھرانے کا نوجوان تھا، مثبت اور تعمیری سوچ میں منفیت اور کج روی کو دخل نہیں تھا، اچھا برا خوب سمجھتا تھا۔ کیا دیکھا اور کیا محسوس کیا، کسی کو اس کی خبر نہیں ہوئی۔

رام داس بقّال نے نوجوان کو مستغرق دیکھ کر احترام سے کہا، کیا ہی اچھا ہو کہ آپ میری دکان پر تشریف رکھیں۔ محو ہونے کی وجہ سے بیرونی دنیا سے نوجوان کا رابطہ وقتی طور پر منقطع ہوگیا تھا۔ یہ دیکھ کر رام داس نے

ہاتھ پکڑ کر دکان پر بٹھا دیا۔ کافی دیر تک گم صم رہنے کے بعد حواس بحال ہوئے تو وہ اٹھ کر گھر کی طرف چل دیا۔

گھر پہنچ کر چارپائی پر بیٹھ گیا۔ بھائی بہن چارپائی کے گرد جمع ہو گئے اور باتیں کرنے لگے۔ کسی کو کچھ کہنے کی جلدی تھی اور کوئی کچھ بتانا چاہتا تھا لیکن سب نے بھائی کو موجود ہونے کے باجود غیر موجود محسوس پایا اور سوچا کہ کام کی زیادتی کی وجہ سے بھائی کو تھکن ہے۔ چناں چہ بہن بھائی وہاں سے ہٹ گئے۔ بہن نے کھانا میز پر رکھا لیکن ویسے ہی پڑا رہا۔ توجہ دلانے پر اس نے تھوڑا سا کھا لیا۔ دل کے ہاتھوں مجبور اگلے دن سے باقاعدہ رام داس بقّال کی دکان پر جانا شروع کیا۔ وہاں بیٹھ کر راستے پر اس طرح سے نظریں جما دیتا جیسے کسی کو تلاش کر رہا ہو۔ ہر آنے جانے والے کو غور سے دیکھتا۔

ایک دن نگاہیں ٹھہر گئیں۔ وہی پاکیزہ اور معصوم صورت سامنے تھی جس کے دیدار کے بعد نئے احساس سے دوچار ہوا تھا۔ اس چہرے کو دوبارہ دیکھ کر دل سے آہ نکلی اور رگ و پے میں گداز سرایت کر گیا۔ اب اکثر و بیش تر اسے دیکھتا اور طلب دیدار پوری کرتا۔

ایک دن رام داس بقّال کی دکان پر بیٹھا تھا، نگاہیں دید کی منتظر تھیں لیکن دن پر دن گزرتے گئے، دلِ بے قرار کو قرار نہ ملا۔ انتظار نے طول پکڑا، شوق دیدار کی آگ فروزاں تھی کہ مضطرب ہو کر دکان دار سے پوچھا، بہت دن ہوئے پاکیزہ صورت دکھائی نہیں دی؟

رام داس نے بتایا، کچھ دیر پہلے انتقال کی اطلاع ملی ہے، افسوس! موت نے چھوٹی عمر میں آلیا۔

خبر سن کر دماغ سن ہو گیا۔ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت مفقود ہو گئی۔ پھر غیر اختیاری طور پر قدم بڑھائے جیسے خالی ذہن مشینی انداز میں چل رہا ہو۔ قدم اس مقام پر رکے جہاں آخری رسومات ادا کی جا رہی تھیں۔ نگاہیں راکھ پر مرکوز تھیں، اندر وہ چہرہ تھا جس کی دید کے لئے نظر بے چین تھی۔ دست قدرت کا شاہکار راکھ کے ڈھیر میں چھپ گیا تھا۔ موت نے فصیل کھینچ دی تھی۔

اسے عجیب کیفیت نے آلیا۔ خود سے جواب طلب کیا، آج کیا وجہ ہے کہ دل اس چہرے کو دیکھنے کا طلب گار نہیں؟ اندر سے جواب ملا،

''تو جسمِ فانی کا پجاری نہیں بلکہ اس حسنِ لازوال کا پرستار ہے جس نے جسم پر سے اپنا سایہ ہٹا لیا ہے۔''

آواز کا سننا تھا کہ آنسوؤں کا بند ٹوٹ گیا۔ دعائیہ کلمات پڑھے، تھکے قدموں اور بجھے دل سے روانہ ہوا۔

اس حادثے نے دل و دماغ کو حد درجہ متاثر کیا تھا۔ بار بار گہری سوچ کا غلبہ ہو جاتا۔ بہن بھائی، دوست احباب اور رشتہ دار حیران تھے کہ ہنستا مسکراتا چہرہ یاس و حسرت کی تصویر کیوں بن گیا ہے۔

کسی طرح دل کو چین نہیں آیا تو فوج میں ملازمت اختیار کر لی۔ ان ہی دنوں دوسری جنگ عظیم کا آغاز ہوا اور جنگ کے شعلے پھیلتے چلے گئے۔ ایک دوسرے پر

برتری دکھانے کی خواہش انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بن رہی تھی۔ نوجوان کی برما کے محاذ پر تعیناتی ہوئی۔ لڑائی کے دوران ایک بم قریب پھٹا اور ٹکڑے جسم میں پیوست ہوگئے۔ سخت زخمی حالت میں اسپتال میں داخل کیا گیا۔ آخر کار علالت میں طوالت کے سبب فوج کی ملازمت کو خیر باد کہنا پڑا۔ مسلسل بیمار رہنے سے نقاہت کے سبب وہ بستر تک محدود ہوگیا۔

ایک دن کسی کام کے لئے بستر سے اٹھا لیکن چند قدم چل کر غشی آ گئی۔ توازن کھونے سے قریب رکھی ہوئی میز الٹ گئی اور گلاس فرش پر گرنے سے کرچیاں بکھر گئیں۔ کانچ کے ٹکڑے ہاتھ میں پیوست ہوئے۔ گہرا زخم اور تیزی سے بہتا ہوا خون۔ حواس مجتمع ہوئے تو دیکھا کہ زخمی ہاتھ سے خون ٹپک رہا ہے۔ پلنگ کا کونا پکڑ کر اٹھنا چاہتا تھا کہ دروازہ کھلا اور کوئی تیزی سے اندر داخل ہوا۔ سر اٹھا کر دیکھا تو دوپٹے کے پیچھے چہرہ چاند کی طرح دمک رہا تھا۔ بڑی بڑی گہری غلافی آنکھوں میں حیرانی تھی۔ ان آنکھوں کو دیکھ کر آنکھیں خیرہ ہوگئیں اور مبہوت ہو کر دیکھتا رہ گیا۔

''آپ کا ہاتھ زخمی ہوگیا ہے۔''

''جی ہاں! گلاس کا ٹکڑا چبھ گیا ہے۔''

نظریں دوبارہ اٹھیں۔ چہرے پر حوروں کا تقدس اور مریم کی سی معصومیت تھی۔

''زخم کا کچھ کیجئے کتنا خون بہہ رہا ہے۔''

''ٹھیک ہے۔'' مختصر جواب دیا۔

''کسی چیز کے گرنے کی آواز سنی تو یہاں آ گئی کہ خدانخواستہ کیا بات ہوگئی ہے۔''

یہ نئے پڑوسی تھے۔ پری چہرہ کی نوجوان کی بہن سے دوستی ہوگئی تھی اس لئے آج وہ ان کے گھر پر موجود تھی۔ پانی میں بھیگی ہوئی پٹی باندھی اور جس رفتار سے آئی تھی اسی تیزی سے واپس چلی گئی۔

دن گزرتے رہے لیکن کوشش کے باوجود خیالات کا طوفان تھم نہ سکا۔ ذہن بار بار معصوم چہرے کی طرف متوجہ ہوجاتا۔ دروازہ کھلنا، اندر داخل ہونا، بے مثال حسن اور ہاتھ کے زخم کو دیکھ کر بے ساختہ چہرے پر تکلیف نمودار ہونا۔ مناظر ذہن پر نقش ہوگئے۔ جتنا ان خیالات سے پیچھا چھڑانے کی کوشش کرتا، وہ اتنی شدت سے حملہ آور ہوتے تھے۔

ایک روز بہن نے بھائی کو ایک کاپی دی۔ یہ اس کی سہیلی کی کاپی تھی جس میں اشعار اور منتخب اشعار دونوں تھے۔ کاپی کے رکھ رکھاؤ اور طرز تحریر سے نفاست اور پاکیزگی جھلک رہی تھی۔ اشعار پڑھے اور جہاں مناسب سمجھا اصلاح کی۔ اشعار کے انتخاب میں بلند خیالات کی عکاسی تھی۔ دن گزرتے رہے اور دونوں کے درمیان اجنبیت کی دیواریں گرتی گئیں۔

زمین کی کوکھ میں جب بیج ڈالا جاتا ہے تو وہ کئی دنوں تک زمین کے اندر مختلف مراحل طے کر کے کونپل کی شکل میں زمین سے ظاہر ہوتا ہے۔ اسی طرح عشق کا بیج

پرورش پا کر کونپل بن چکا تھا، جڑیں پھیل رہی تھیں۔ چاند کی ضوفشانی سے دل کا نہاں خانہ روشن ہو گیا تھا۔ کبھی کبھی بے ساختہ پسندیدگی کا اظہار کر بیٹھتا۔ ایک بار پری چہرہ کی کاپی میں عبارت لکھی دیکھی۔

''صبح کا سہانا پن، شام کا سنہرا رنگ، شفق کی سرخی، حدنظر تک پھیلا ہوا آسمان، بل کھاتے دریا، گنگناتی ندیاں، موسیقی سے بھرپور جھرنے، سبزے اور درختوں سے ڈھکی ہوئی وادیاں، پرندوں کے اڑتے ہوئے غول— فطرت کے یہ نظارے کتنے روح پرور ہیں۔ انہیں دیکھ کر دل بے اختیار گداز سے لبریز ہو جاتا ہے۔''

عشقِ صادق کا معاملہ آکاس بیل کا سا ہے۔ آکاس بیل درخت میں پیدا ہو کر اس کے وجود پر اس طرح پھیل جاتی ہے کہ درخت چھپ جاتا ہے۔ درخت کی ساری توانائی آکاس بیل کے لئے وقف ہو جاتی ہے۔ اسی طرح جب عشق کی بیل سچے عاشق کے وجود پر چھا جاتی ہے تو عشق اور اس کی صفات باقی رہتی ہیں عاشق کی ہستی فنا ہو کر عشق میں تحلیل ہو جاتی ہے۔

رات دن خیال ذہن سے جدا نہ ہوتا جیسے خیال مقناطیس کی طرح ذہن کی سوئی کا رخ اپنی طرف رکھ رہا ہو۔ اٹھتے بیٹھتے، کام کرتے، چلتے پھرتے دل عشق کی گلی کا طواف کرتا تھا۔ عشق اور مشک کی خوش بو کی طرح ذہنی اور جذباتی وابستگی زبان زدعام ہونے لگی۔

ایک دن خبر بجلی بن کر گری کہ پڑوسی خاموشی سے کسی اور گھر میں منتقل ہو گئے ہیں۔ معلوم ہوا کہ جب لوگوں کی سرگوشیاں کانوں میں پہنچیں تو انہوں نے یہی مناسب سمجھا کہ یہ گھر چھوڑ کر کہیں اور چلے جائیں۔

دوری اور فاصلے عشق کی آگ کو اور زیادہ بھڑکا دیتے ہیں۔ دوری عشق کی بھٹی کے لئے ایندھن ثابت ہوئی۔ شاید عشق میں جو کمی رہ گئی تھی وہ جدائی نے پوری کر دی۔

دل سوز و گداز سے معمور ہو گیا۔ اندر جو آگ بھڑک اٹھی تھی وہ کبھی آنسوؤں کی صورت میں ظاہر ہوتی اور کبھی اشعار کا روپ دھار لیتی۔

کچھ عرصے بعد کسی تقریب میں شرکت کی دعوت ملی۔ یہ ایسی تقریب تھی جس میں اس کی موجودگی ضروری تھی۔ تقریب میں پہنچ کر انتظامات میں مشغول ہوا۔ کچھ دیر بعد گزر مہمان خواتین کے کمرے کے پاس سے ہوا۔ اندر نظر پڑی تو آنکھوں پر یقین نہیں آیا— وہی معصوم چہرہ، نازک سراپا جسے دیکھنے کے لئے آنکھیں ترس گئی تھیں، پوری محفل میں چاند کی طرح تھی جس کی روشنی کے آگے ستاروں کا حسن ماند پڑ جاتا ہے۔

نظر— نظر سے ملی تو عشق بے خود ہو گیا۔

آج حسن کی بارگاہ میں سر جھکا کر خود کو سپرد کرنا چاہتا تھا۔ خود فراموشی کے عالم میں کمرے میں داخل ہوا اور بے اختیار قدموں میں سر رکھ دیا۔ چند لمحوں کے لئے محفل پر سکوت چھا گیا، اس سے پہلے کہ کوئی کچھ کہتا، الوداع کہتے ہوئے وہاں سے چلا آیا۔

کچھ دنوں بعد ہندوستان کی تقسیم عمل میں آئی۔ فسادات پھوٹ پڑے اور دھرتی سرخ ہو گئی۔ خاندان

کے ساتھ پاکستان ہجرت کی۔فسادات کی ہولناکیاں اورزمانے کے نشیب وفراز دل سے یادمٹا نہ سکے۔رفتہ رفتہ اندر بدلنے لگا۔خودی کا دامن بار بار چھوٹ جاتا۔ خودفراموشی کا یہ عالم تھا کہ کسی طرح انہماک نہیں ٹوٹتا تھا۔ بے خودی کے بعد خود بخود ہوش آتا لیکن گفتگو بے ربط ہوتی تھی۔جذب کئی کئی گھنٹے طاری رہتا۔پھر شخصیت میں حیرت انگیز انقلاب برپا ہوا۔زبان سے جو الفاظ ادا ہوتے، وہ پورے ہوجاتے یہاں تک کہ لوگوں میں صاحبِ کرامت بزرگ کی حیثیت سے پہچان ہوگئی۔

جس زمانے میں جذب کی کیفیت طاری تھی، ایک صاحب حاضر ہوئے ۔ کچھ دیرانتظار کے بعد نیم ہوش میں آنے پر سائل نے عرض کیا،جس مقصد سے حاضر ہوا ہوں اس کے لئے آپ کے ماضی کا سہارا لینا ضروری ہے۔ ماضی میں سے ایسے نام کو سامنے لانا چاہتا ہوں جس کا آپ کی زندگی میں بڑا مقام رہ چکا ہے۔

سائل جواب کا منتظر تھا لیکن مقابل خاموش تھا۔

مخمور نگاہیں سائل پر جمی ہوئی تھیں۔

جواب نہ پاکر سائل بولا، جب سے ہماری شادی ہوئی ہے میں نے ہمیشہ اسے بے اطمینان دیکھا۔کوئی بات ایسی ضرور تھی جو خلش بن کر بے چین رکھتی تھی۔ وقت گزرتا گیا لیکن بے چینی کم ہونے کے بجائے بڑھتی رہی۔حال یہ ہے کہ ہوش وحواس تقریباً گم ہیں اورزبان پر صرف ایک نام ہے۔ایک بار آپ کو دیکھ لے تو ٹھیک ہوجائے گی۔مہینوں بھٹکتا رہا ہوں ۔ بڑی مشکلوں سے آپ کا پتہ معلوم کیا ہے۔خدارا میرے ساتھ چلئے یا اسے حاضری کی اجازت دیجئے۔

ہاتھ جھٹک کر کہا،نہیں! تمہارے ساتھ نہیں جائیں گے۔کیا یہ چاہتے ہو کہ قاتل کہلائیں۔اب ہم وہ نہیں ہیں جو تم سمجھ رہے ہو۔دل پر محبت غالب آجائے تو وجود باقی نہیں رہتا—یہ کہہ کر پھوٹ پھوٹ کر رو دیا۔

پھر آسمان کی طرف دیکھا اور کہا،اے خدارحم فرما!

مضمون سچے واقعے پر مشتمل ہے اور مختصر پیش کیا گیا ہے۔ جب ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ کے سامنے بیان ہوا تو واقعے کے چشم دید گواہ نے روحانی توجیہ دریافت کی۔ابدالِ حق نے فرمایا،

''کیا آپ نے حضرت ابراہیم ادھمؒ کی سیرت کا مطالعہ نہیں کیا؟ حضرت ابراہیم ادھمؒ ایک عرصے بعد اپنے بیٹے کو سامنے دیکھتے ہیں۔بیٹا لڑکپن کی حدود عبور کر کے جوانی میں قدم رکھ چکا ہے۔ جوان بیٹے کو سامنے پاکر یکایک ان کے دل میں بیٹے کی محبت غالب آجاتی ہے اور وہ دوڑ کر اسے سینے سے لگا لیتے ہیں۔

اسی وقت ندائے غیبی آتی ہے،

'ابراہیم! دعویٰ دوستی تو ہم سے اور یہ کیا—؟'

حضرت ابراہیم بن ادھمؒ کانپ جاتے ہیں، چہرہ فق ہوجاتا ہے۔اللہ سے فریاد کرتے ہیں،

اے اللہ! میری مدد فرما

اے اللہ! میری مدد فرما

بیٹا جھرجھری لیتا ہے اور دوسرے ہی لمحے بے جان ہوکر

زمین پر گر جاتا ہے۔لوگ آگے بڑھ کر دیکھتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ اس کی روح پرواز کر چکی ہے۔ بے شک اللہ کی سنت میں تبدیلی ہے نہ تعطل واقع ہوتا ہے۔''

سوال کیا گیا کہ غیبی دنیا میں سفر کرنے والے اکثر و بیش تر سالکین کے حالات زندگی کو کھنگالا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ انہوں نے عشقِ مجازی سے گزر کر عشقِ حقیقی کی منزل میں قدم رکھا۔اس کی وجہ کیا ہے؟

ابدالِ حق نے فرمایا،

''عرفانِ نفس حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ انسان کے اندر ذوق طبیعت اور عشق موجود ہو۔عشق کیا ہے؟اس کے بارے میں مختصراً کہا جاسکتا ہے کہ یہ ایک ایسا جذبہ ہے جس کی بنیاد انسان کو ایسے نقطے پر لے آتی ہے جہاں وہ براہِ راست قانون قدرت کی گہرائیوں سے ہم رشتہ ہو جاتا ہے۔قانون قدرت کی گہرائیوں سے ہم رشتہ ہونے کے لئے ضروری ہے کہ آدمی کی افتاد طبع ایسی ہو کہ وہ اپنے ارادے اور اختیار کے تحت ذہنی یکسوئی حاصل کر سکے۔ ذہنی یکسوئی حاصل کرنے کا ایک مؤثر راستہ کسی کے ساتھ ذہنی وابستگی ہے۔ جب یہ ذہنی وابستگی کسی انسان کے ساتھ ہوتی ہے تو عشقِ مجازی کا روپ دھار لیتی ہے اور جب یہ ذہنی مرکزیت خالق کائنات کے ساتھ ہم رشتہ ہو جاتی ہے تو اس کا نام عشقِ حقیقی ہے۔

تاریخ کے اوراق پلٹنے سے جو بات سامنے آتی ہے وہ یہ ہے کہ عشقِ مجازی ـــ عشقِ حقیقی کے لئے پہلا قدم ثابت ہوتا ہے۔

صنف نازک سے عشق کرنے والا کوئی بندہ اگر ہوس

میں وہی کشتی ہوں

عشق ہی میرا سفر ہے عشق ہی کاشانہ ہے
میں وہی کشتی ہوں جس کا ناخدا دیوانہ ہے
یاد ہیں وہ دن کہ سر تھا اور لطف پائے دوست
اب وہی سر کوہ و صحرا کے لئے افسانہ ہے
شمع اپنے ساتھ دور زندگانی لے گئی
کچھ نہیں محفل میں اک خاکستر پروانہ ہے
دل رہا میرا وہ صورت جلوہ گر جب تک رہی
اب میں بیگانہ ہوں دل سے مجھ سے دل بیگانہ ہے
میں ہوں اور میخانۂ خون محبت ہے عظیمؔ
زندگی میری فقط اک جرأت رندانہ ہے

(ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ)

اور جنسی جذبات کے دھاروں میں خود کو نہ بہنے دے تو اس کی شعوری صلاحیتیں سہ چند (تین گنا) ہو جاتی ہیں۔اس لئے کہ صنف نازک کے اندر اللہ تعالیٰ کے انوار کی دو لہریں ہمہ وقت اور ہر آن جاری و ساری ہیں جب کہ مرد کے اندر ایک لہر کام کرتی ہے۔

مشیت نے ایسے لوگوں کی افتادِ طبیعت یہ بنائی ہے کہ وہ لوگوں کے کام آئیں،ان کی خدمت کریں،ان کے ساتھ عجز و انکساری کے ساتھ پیش آئیں۔ ان کی طبیعت میں یہ نقش اتنا گہرا ہوتا ہے کہ جب بندے کو اللہ تعالیٰ کے حضور حاضری کا شرف نصیب ہوتا ہے تو اس کے اوپر یہ احساس محیط ہوتا ہے ـــ میرا سر خالق کائنات کے قدموں میں ہے۔

زاہدہ تبسم

فرد کہاں پر ریکارڈ ہے ــــ؟

ہم جو سوچتے ہیں اس کا فوراً کیمیائی زبان میں ترجمہ ہوجاتا ہے۔ یہ کیمیکل مخصوص جینز کے اظہار کو کنٹرول کرتے ہیں یعنی ہم جو کچھ ہیں اپنے ذہن کے معنی ومفہوم کے مطابق ہیں۔

کسی فرد کی خوب صورتی کی تعریف کریں۔اس کے بال، آنکھوں کا رنگ، پرکشش نقوش کو سراہیں اور متوازن قد کا ذکر کریں تو ہوسکتا ہے وہ خوش ہونے کے ساتھ آپ کو بتائے کہ اس کی خوب صورتی کی وجہ خفیہ جینیاتی کوڈ (Genetic code) ہے جو کھربوں خلیات کے مراکز میں موجود جینز (Genes) سے جاری ہوا ہے۔اس خفیہ پیغام کی ڈی کوڈنگ کے نتیجے میں امینوایسڈ جمع ہوکر ایسے پروٹین بناتے ہیں جس کی وجہ سے آدمی کی ظاہری ساخت ایک ہونے کے باوجود الگ الگ نظر آتی ہے۔ جینیاتی کوڈ کا یہ عمل آدمی کے علاوہ نباتات، حیوانات، معدنیات اور دیگر تمام مخلوقات کو بھی منفرد روپ دیتا ہے۔

دوست حسین ہونے کے ساتھ نیک اور خوش اخلاق ہے، اپنے شعبے میں کام یاب ہے اور زندگی کے بارے میں روشن ذہن رکھتا ہے تو محققین کہتے ہیں کہ یہ تمام خوبیاں اس کے جینوم (Genome) سے آگے یعنی ایپی جینوم (Epigenome) سے تعلق رکھتی ہیں اور ان کا سورس جینیاتی کوڈ ہرگز نہیں ہے۔

ان اوصاف کے سگنل ماحول سے منتقل ہوتے ہیں۔ فرد ماحول کے اثرات کو جس انداز سے قبول کرتا ہے اس کے مطابق شخصیت تبدیل ہوتی ہے۔تبدیلیوں کی نشان دہی ڈی این اے (DNA) کی سطح پر کی جاسکتی ہے۔

ایپی جینوم سے پہلے یہ سمجھیں کہ جینوم کیا ہے۔

آدمی کی دوسری مخلوقات سے انفرادیت کی وجہ خلیے کے مرکز میں 46 کروموسومز یعنی 23 جوڑے ہیں۔ آدھا حصہ ماں کی طرف سے اور آدھا حصہ باپ کی طرف سے آتا ہے۔ کروموسومز دو نہایت باریک اور لچھے دار لڑیوں میں پروئے ہوئے ڈی این اے پر مشتمل ہوتے ہیں۔

انسانی کروموسومز میں تقریباً 20 سے 25 ہزار جینز ہیں۔انسان کے تمام جینز یا ڈی این اے کا مجموعہ انسانی جینوم (Human Genome) کہلاتا ہے۔ یہ وارثتی اطلاعات کا مجموعہ ہے جس میں جسم کی نشوونما

اوراعضا سے متعلق ہدایات ہوتی ہیں۔

46 کروموسومز میں تقریباً تین ارب اساسی جوڑے (base pairs) موجود ہیں۔ ہر تین اساسی اکائی (base units) مل کر ایک جینیاتی کوڈ بناتے ہیں تا کہ خلیے کو پیغام ملے کہ امینو ایسڈز کی ترتیب اس طرح کی جائے کہ جسم کے لئے ضروری فلاں پروٹین پیدا ہو۔ پیغامات کی تعداد ہزاروں ہوسکتی ہے۔ مثال کے طور پر جلد، بالوں اور آنکھوں کا رنگ، خدوخال، جسم کی کارکردگی وغیرہ۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ حالات، تجربات، جذبات وغیرہ کا ہمارے ڈی این اے میں ''محفوظ معلومات'' سے تعلق نہیں ہوتا کیوں کہ یہ معاملات مادی جسم سے باہر ماحول میں رونما ہوتے ہیں۔ ہمارا طرز زندگی جینز کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ ماحول پر منحصر ہے۔

پچھلے دو عشروں میں اس حوالے سے انقلابی تحقیق ہوئی ہے۔ ڈی این اے کی باریک لچھے دار لڑیوں میں کچھ خفیف نشانات ملے ہیں جو ماحول کے اثرات کو قبول کرتے ہیں اور ان نشانات کی وضاحت کافی حد تک ممکن ہوگئی ہے۔ یہ ٹیکنالوجی ایپی جینیٹکس کہلاتی ہے۔ یہ ایسے حیاتیاتی نظام کا مطالعہ کرتی ہے جو جینز کو آن یا آف رکھنے کا کام کرتا ہے۔

ڈی این اے پر بننے والے ان نشانات کو کوڈ سے تشبیہ دی جاسکتی ہے جس کی مدد سے کسی فرد کی انفرادیت کے بارے میں معلوم ہوتا ہے کہ اس کا رہن سہن کیسا ہے، عادتیں اور مشاغل کیا ہیں اور غذا کیسی ہے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ جینز جن کے ساتھ ہم پیدا ہوتے ہیں وہ نہیں بدلتے لیکن ایپی جینیٹکس ان کا اظہار بدلتی ہے لہٰذا ہم جینز نہیں، ماحول بدل سکتے ہیں۔

اب ایپی جینیٹکس کا میکانزم پڑھیں۔

ڈی این اے کی ایک اساسی اکائی ہے جسے سائٹوسین (cytocine) کہا جاتا ہے۔ سائٹوسین پر ایک مقام ہے جہاں میتھائل گروپ اس سے جڑتا ہے۔ میتھائل گروپ دراصل ایسا کیمیکل بانڈ بناتا ہے جو کسی خاص جین کو آن کرنے اور اسی سے منسلک دوسرے جین کو آف رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ عمل ڈی این اے کی ترتیب تبدیل کئے بغیر ہوتا ہے۔ اس میں میتھائل گروپ کے علاوہ ہسٹونز (histones) پروٹین اور Non coding RNA کا کردار بھی اہم ہے۔ سمجھ لیجئے کہ یہ چھوٹے چھوٹے کیمیائی tags ہیں جن کی مدد سے ڈی این اے (DNA) میں مختلف مقامات پر نشانات بنتے رہتے ہیں۔ مارکنگ کا یہ عمل پوری زندگی جاری رہتا ہے۔

''جینوم'' میں ایسی کروڑوں جگہیں ہوتی ہیں جہاں میتھائل گروپ اثر انداز ہوسکتے ہیں۔ انہی تبدیلیوں کی وجہ سے دو افراد کے جینیاتی نمونے مختلف ہوتے ہیں۔ مماثل جڑواں بچوں کے منفرد ہونے کی وجہ یہی ہے۔

تبدیل شدہ جینز کے مجموعے کو اپی جینوم کہتے ہیں اور یہ تبدیلیاں کئی نسلوں تک منتقل ہوتی ہیں۔ ہمارے والدین کا طرز زندگی اور سوچ پھر ان کے والدین کا رہن سہن اور طرز فکر ہمارے جینز پر اثر انداز ہوتی ہے۔

ہم جو سوچتے ہیں اس کا فوراً کیمیائی زبان میں ترجمہ ہوجاتا ہے۔ یہ کیمیکل مخصوص جینز کے اظہار کو کنٹرول کرتے ہیں یعنی ہم جو کچھ ہیں اپنے ذہن کے معنی ومفہوم کے مطابق ہیں۔

اپی جینیٹکس کا کردار رحم میں اعضا بنتے وقت نہایت اہم ہوجاتا ہے۔ میتھائل گروپ ہر خلیے میں غیر ضروری جینز کو بند کرنے میں مدد دیتے ہیں تاکہ دل کے خلیات، گردے کے طور پر ظاہر نہ ہوں اور معدے کے خلیات عصبی خلیوں میں نہ بدل جائیں۔ بچے کی نشوونما کا سورس (ماخذ) ماں کی سوچ، غذا اور اس کا طرز زندگی ہے۔ باپ کی غذائی عادات اور ذہنی رجحانات بھی اہم ہیں۔ اپی جینیٹکس کے محققین تلاش میں ہیں کہ کیا ماں کا شعور ہی وہ سگنل ہے جو بچے کے اعضا کی نشوونما کا ذمہ دار ہے؟ کیا یہی وہ سگنل ہے جو دل کے خلیات میں گردے بنانے والے جینز متحرک نہیں ہونے دیتا؟ ماں کے شعور کا سورس کیا ہے؟ اگر ماحول ہے تو یہ نکتہ بھی اہم ہے کہ ماحول میں افراد اور قدریں کیسی ہیں؟ طے شدہ امر ہے کہ ماں کا رویہ بائیو کیمیکل سگنلز میں ترجمہ ہوکر بچے کے ڈی این اے تک پہنچتا ہے اور بچے کا ذہن ان سگنلز کے مطابق تیار ہوتا ہے۔

اب تک بیان کی گئی تفصیل سے محققین سمجھتے ہیں کہ اپی جینیٹکس ہماری زندگی کی کہانی منکشف کرسکتا ہے۔

خون کے چند قطروں سے معلوم ہوجاتا ہے کہ صحت اور عادات کیسی ہیں؟ جذباتی کیفیات اور زندگی کے تجربات کیا ہیں؟ چوں کہ یہ تبدیلیاں ساری عمر جاری رہتی ہیں اس لئے ان سے معاشی حالت اور معاشرتی ماحول کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، کئی سال پرانے واقعات کی تفصیلات کا اشارہ مل سکتا ہے اور عمر کے دورانیے کا معلوم ہونا بھی ممکن ہے۔

اپی جینیٹکس فطری عمل ہے لیکن طرز فکر منفی ہو تو غلط سمت میں اثر انداز ہوتا ہے۔ سگریٹ نوشی، نشے کی عادت یا غذا میں بد احتیاطی وغیرہ اس ٹیکنالوجی سے شناخت کی جاسکتی ہیں اور بیماری میں مبتلا ہونے کے امکانات کے بارے میں معلوم کیا جاسکتا ہے۔

ماہر جینیات کے مطابق بیماری کا تعلق وراثت سے زیادہ اپی جینیٹکس (بیرونی سگنلز) سے ہے۔ ان سگنلز کا تعلق کسی حادثے، کیمیائی تبدیلی یا خیالات سے ہوسکتا ہے۔ یہ عناصر خصوصاً الزائمر اور کینسر میں متضاد رخ پر جینز کو نارمل سے ہٹ کر آن کردیتے ہیں۔ جینز اور ڈی این اے ہماری مکمل بیالوجی کنٹرول نہیں کرتے بلکہ ڈی این اے، خلیات سے پیغامات وصول کرتا ہے۔

خودکشی کے خیالات اور ڈپریشن کے اثرات بھی اپی

جینوم میں پڑھے جا سکتے ہیں۔ خوف سے وابستہ ایپی جینیٹکس تبدیلیاں ایسے ہارمونز میں اضافے کا باعث ہیں جن سے ذہنی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

خلیہ ڈی این اے میں موجود جینز کو ہمیشہ ''مفہوم'' کے ساتھ پڑھتا ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ ایپی جینیٹکس ہمارے فہم میں انقلاب لاسکتی ہے کہ ذہن اور جسم کا تعلق کیا ہے، کس طرح سے ہے اور اس کا اثر انفرادی اور اجتماعی زندگی پر کیسے مرتب ہوتا ہے۔

ایپی جینیٹک ٹیسٹنگ میں بہتری کی کوشش جاری ہے۔ مثلاً یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ ہم ماضی میں کس تناؤ کا شکار تھے البتہ اس کی نوعیت کیا تھی یہ تفصیل ابھی سامنے نہیں آئی۔ محققین کا کہنا ہے کہ ان تفصیلات کا روشن رخ یہ ہے کہ ایپی جینوم کے وہ نشانات جو منفی تجربات اور کیفیات کا نتیجہ ہیں انہیں مٹانے کے ساتھ منفی کو مثبت میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ آواز کنٹرول کرنے والے بٹن یا پنکھے کے ڈیمر سوئچ کی طرح اسے پیچھے بھی کیا جا سکتا ہے۔ کینسر سے حفاظت کرنے والے جینز منفی ایپی جینوم کی وجہ سے آف ہو جاتے ہیں، انہیں دوبارہ آن کیا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے لئے دوا کے علاوہ مراقبہ اور سائیکوتھراپی سے مدد لی جا رہی ہے۔ مقصد توجہ میں مثبت تبدیلی پیدا کرنا ہے تا کہ تناؤ کے ہارمونز کی سرگرمی رک جائے۔

تحقیق کا خلاصہ ماہرین پیش کرتے ہیں کہ

''ہم اپنے ڈی این اے (DNA) پر حکم ران ہیں۔ ہمارے جذبات و احساسات جینز کو پیغامات بھیجتے ہیں۔ ہم اپنی بیالوجی کو چلاتے ہیں۔ یہ بات یقینی ہے کہ ایپی جینیٹکس منفی ہو یا مثبت، بلا ارادہ نہیں ہوتی۔ اور یہ اتفاقی عمل بھی نہیں ہے بلکہ ہم باقاعدہ اپنی پروگرامنگ خود کرتے ہیں۔''

اپنے ہونے کا احساس خیال کے ذریعے ہوتا ہے۔
ماحول کا ادراک بھی خیال کے تابع ہے۔
ہم قدم بہ قدم زندگی کے مراحل طے کرتے ہیں
اور یہ خیال کے بغیر ممکن نہیں۔
خیال نہ آئے تو سامنے رکھی شے نظر نہیں آتی۔

خیال اپنے سورس سے خوشی، اجتماعیت اور سکون کے عناصر لے کر آتا ہے جس میں فرد اپنے اندر یا باہر کے ماحول کے مطابق معنی پہناتا ہے۔ خوشی اور ناخوشی، سکون اور بے سکونی کا تصور ماحول سے ملتا ہے۔ بچپن سے بڑھاپے تک فرد جن تجربات سے گزرتا ہے وہ اس کا ذہن یا شعور بن جاتے ہیں۔ ماں باپ کی تربیت اور ماحول بچے کی غیر جانب دار فطرت کو جانب دار بنا دیتے ہیں۔ مثبت یا منفی interpretation سے ایک مخصوص سانچہ تشکیل پاتا ہے۔ انفرادی شعور کا سورس یہی سانچہ ہے۔ یہاں سے نشر ہونے والے ہزاروں پیغامات ہر لمحہ جینز پر اثر انداز ہوتے ہیں جس سے فرد کا انفرادی ریکارڈ (ایپی جینوم) بنتا ہے۔

اب پڑھئے کہ روحانیت اس نظام کے بارے میں کیا کہتی ہے۔ عظیم روحانی سائنس دان حضور قلندر بابا اولیاؒ کے مطابق روح کا ایک زون روشنی کا دائرہ ہے جس کا اصطلاحی نام جویہ ہے۔ ہر فرد کے جویہ میں انفرادی اعمال کا ریکارڈ موجود ہے۔

جویہ وسیع موضوع ہے جس میں تمام تشریحات شعوری زندگی سے متعلق ہیں۔ کچھ نکات یہ ہیں،

لاشعور سے شعور میں اطلاع کا منتقل ہونا جویہ میں منتقل ہونا ہے۔ ہر فرد اطلاع میں الگ معنی پہناتا ہے اس لئے کہ اس کے تجربات، مشاغل اور عادات منفرد ہیں۔ جویہ شعور کی بنیاد ہے۔ شعور کیا ہے ــــ؟ ادراک اور فہم ہے، سکت اور صلاحیت ہے۔

نور کی دنیا کا ادراک = نور کا شعور

اسفل دنیا میں انہماک = اسفل شعور

نگاہ جس طرف متوجہ ہوکر روشنی جذب کرتی ہے وہی اس کا شعور بن جاتا ہے۔ غصہ، سکون، صبر، محبت، نفرت سب شعوری سکت کا اظہار ہیں۔ ماحول کے ہجوم سے بہترین بات کا انتخاب کرنا شعوری صلاحیت ہے۔

سوال ہے کہ والد کے جینز میں غصہ ہے۔

کیا یہ لازمی ہے کہ بیٹے میں یہ وراثت متحرک ہو؟

اس کی توجیہ مضمون میں موجود ہے۔

جویہ کی مدد سے شعوری دائرہ کار میں تخلیقی عمل کی تشریح بیان ہوتی ہے کہ

مظاہرات کس طرح سامنے آتے ہیں؟

تجلی اور نور کا اظہار مادیت میں کس طرح ہوتا ہے؟

کھربوں خلیوں میں یکساں جینز ہونے کے باوجود اعضا الگ الگ کیوں ہوجاتے ہیں؟

مادی اشیا خاصیت کیوں بدلتی ہیں؟

یہ گھٹتی اور بڑھتی کیوں ہیں؟

مادی اجسام ٹوٹ پھوٹ کے کھلونے ہیں۔

یہ عارضی نظام کا احوال ہے۔

جویہ بتاتا ہے کہ سب کچھ اللہ کی طرف سے ہے۔

ذہن انتخاب کرسکتا ہے اس نظام کا جو ''مستقل'' ہے۔

مستقل نظام کیا ہے ــــ؟ پیغمبرانہ تعلیمات راہ نمائی کرتی ہیں کہ انبیائے کرام نے اللہ تعالیٰ کے انسپائریشن سسٹم کا تعارف پیش کیا ہے۔ اس تعارف کے مطابق مادی جسم کو حرکت میں رکھنے والا کرنٹ اللہ کی صفات کے تابع ہے۔ صفات میں تفکر کرنے سے ذہن غیر جانب دار ہوجاتا ہے اور ضمیر کی آواز پر عمل کرتا ہے۔ ضمیر کی آواز نور باطن ہے جو نیکی اور بدی میں امتیاز پیش کرتی ہے۔

قرآن کریم کی تعلیمات کے مطابق اللہ نے نیکی اور بدی ہر جان پر الہام کردی ہے۔ جو لوگ پاکیزہ راستہ اختیار کرتے ہیں، وہ فلاح پاتے ہیں۔ محققین اگر جویہ سے واقف ہوجائیں تو فرد کا باطنی ریکارڈ ان کے سامنے آجائے گا۔

پیامِ شوق

ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ کے عزیز دوستوں میں ایک نام سید نثار علی بخاری صاحب کا ہے۔ ان سے تعلق خاطر کی ایک تصویر حضور بابا صاحبؒ کا یہ منظوم فراق نامہ ہے جو آپ نے باغپت (یو۔ پی) میں قیام کے دوران 5 دسمبر 1942ء کو اپنے دوست سید نثار علی بخاری صاحب کے نام لکھا تھا۔

السلام اے مہربانِ زندگانی السلام
اے نشاطِ بزمِ دل اے یار جانی السلام

اک فقیر بینوا کے دل میں تیری یاد ہے
تو خفا ہے جس سے وہ تیرے لئے ناشاد ہے

① شمع گر خواہد کہ سوزد خرمن پروانہ را
جُز بہ طاعت شرط نبود مذہب دیوانہ را

تو گلستانِ وطن کا سرو ہے شمشاد ہے
مرحبا اس انجمن پر جس میں تو آباد ہے

باغِ جنت سے فزوں تر ہے مجھے وہ انجمن
جس میں ہوتے ہیں مرے احباب سرگرمِ سخن

میرے دل کی خواہشیں ان آستانوں پر نثار
جو کہ ہیں قدموں سے یارانِ وطن کے ہمکنار

اے صبا لے جا پیامِ شوق اس منزل کے نام
فرض ہے جس کے ہر اک کوچہ کا مجھ پر احترام

سر جھکا کر عرض کرنا وہ ادب کا ہے مقام
دوست دارانِ سرور و شادمانی السلام

میں تمہیں محسوس کرتا ہوں دل و جاں کے قریب
پھر بھی تم بھولے ہوئے ہو مجھ کو یہ میرا نصیب

وہ سحر وہ شام وہ راتوں کی مجلس یاد ہے
ان بہاروں کے لئے دل مائلِ فریاد ہے

اس زمیں کی یاد میں قلبِ حزیں بیمار ہے
جس کا ہر ذرّہ تمہارے سایہ سے گلزار ہے

(۲) روزگارے شد کہ من کشتی در آب انداختم
کار درد و بندگی با عجز و زاری ساختم

السلام اے مہربانِ زندگانی السلام
اے نشاطِ بزمِ دل اے یار جانی السلام

۱۔ شمع اگر پروانے کے خرمن (ٹھکانہ، خزانہ) کو آگ لگانا چاہے تو دیوانگی کے مذہب میں اطاعت کے سوا اور کوئی راستہ نہیں۔

۲۔ ایک زمانے سے میں نے اپنی کشتی پانی میں بہادی ہے۔ درد اور بندگی کے معاملات کو عجز و زاری سے سازگار کیا۔

گلِ نسرین

فراق ـــ وصال

نوجوان نے ریت کی دیواروں میں پڑنے والی دراڑ کو درست کرتے ہوئے کہا، فراق بھی وصال ہے۔ پانی میں رہ کر کوئی کیسے بتائے کہ پانی کیا ہے؟ پانی سے الگ ہو کر ہی وہ پانی کو دیکھتا ہے پھر احساس ہوتا ہے کہ کیا پانی کو پانی سے الگ ہو کر دیکھنا ممکن ہے؟

وہ شام کو ساحل پر ٹہلنے کے بعد گیلی ریت پر بیٹھ کر گھروندے بناتا تھا۔ پانی کی لہر آتی اور دیواروں کو بہالے جاتی۔ نہ جانے پانی اور مٹی سے کیا محبت تھی کہ یہاں آ کر وہ ان دونوں کے درمیان تعلق تلاش کرتا اور تلاش سمندر کی لہروں میں گم ہو جاتی۔

وہ سوچتا تھا کہ پانی جب تلوے چھوتا ہے تو ٹھنڈک پیروں سے ہوتی ہوئی سینے تک پہنچتی ہے جیسے مٹی سے بنے وجود کو اپنے اندر جذب کر رہی ہو یا مٹی کے ذرّات کو یکجا رکھنے والے پانی کو سمندر سے جوڑ رہی ہو۔ لہر سے مٹی کے گھروندے کی دیواریں بہہ جاتیں تو اسے خوشی ملتی تھی کیوں کہ پانی کی لہر پانی کو مٹی سے آزاد کر کے ساتھ لے جاتی۔ مگر خوشی کے ساتھ پانی کی پانی سے دوری مٹتے دیکھ کر اندر میں تشنگی بڑھ جاتی تھی۔ دراصل اس دوری کو وہ اپنے اندر مٹتے دیکھنا چاہتا تھا۔

وہ کہتا تھا کہ مٹی پانی اور خشکی تری کا سنجوگ عجیب ہے۔ یہ ساتھ رہتے ہیں، ایک دوسرے میں ملتے ہیں لیکن اپنی اپنی شناخت قائم رکھتے ہیں۔ نہ جانے انہیں فراق کیوں پسند ہے!

کسی کی موجودگی کا احساس ہوا۔

بھائی! جانتے ہو انجانے میں کیسا کھیل کھیل رہے ہو؟ لہروں کے بھنور میں پھنس گئے تو نکلنا ممکن نہیں۔

سر اٹھائے بغیر جواب دیا، پانی اور مٹی ایک دوسرے سے آزاد ہو کر اپنی اپنی مقداروں میں ملنا چاہتے ہیں۔ ساحل وصل اور فراق کا میدان ہے کوئی کھیل نہیں۔

نووارد بولا، تم دیکھتے نہیں کہ پانی ـــ پانی سے مل رہا ہے پھر کیسا فراق ـــ؟

نوجوان نے کہا، پانی ابھی پانی سے کہاں ملا ـــ؟

اگر مل گیا تو ساحل پر کیوں آتا ہے ـــ؟

اس میں اٹھنے والا مدوجزر کیا ہے ـــ؟

نہیں معلوم سمندر خود کو پانی دیکھتا ہے

یا پانی خود کو سمندر دیکھتا ہے!

شاید پانی کو معلوم نہیں کہ سمندر کیا ہے
یا سمندر پانی سے نا آشنا ہے!
کبھی اسے باہر پھینکتا ہے اور جب پانی دور ہوتا ہے
تو اندر سمیٹ لیتا ہے۔ اگر سمندر میں پانی وصل سے
واقف ہے پھر فراق کیا ہے اور فراق ہے کیوں ــــ؟

نو وارد نے آتی جاتی لہروں میں گھروندے بنانے
میں مشغول نوجوان کو کچھ دیر خاموشی سے دیکھنے کے
بعد جواب دیا، ممکن ہے کہ پانی آگہی کے مراحل سے
گزر رہا ہے اور ساحل پر آ کر احساس ہوتا ہے کہ میں
ہی سمندر ہوں اس لئے لوٹ جاتا ہے۔

نوجوان نے بے ساختہ سر اٹھا کر نو وارد کو دیکھا اور
کہا، اور تم کہتے ہو کہ میں بھنور میں پھنس جاؤں گا۔

وہ خاموش رہا۔

یاد رکھو! بھنور میں وہ شے پھنستی ہے جس کی سمت
باقی لہروں سے جدا ہو۔ جس کو تم بھنور کہتے ہو، کبھی غور
کیا ہے کہ وہ ہے کیا؟

لہجے پر زور دیتے ہوئے کہا، دائرہ ہے!

دائرے میں جو لہر ایک بار آ جائے، وہ اسے اپنے
محور سے نکلنے نہیں دیتا، دائرہ در دائرہ فاصلوں کو طے
کرتا ہوا اندر میں لے جاتا ہے اور خود سے متعارف
کرا دیتا ہے۔

میں تمہیں لہروں سے خبردار کرنے آیا تھا مگر خود اس
قصے میں گم ہو گیا۔ بھائی خود بھنور بھی تو حرکت میں
ہے۔ پھر وصال کیا ہے اور فراق کیا ہے ــــ؟

نوجوان نے ریت کی دیواروں میں پڑنے والی دراڑ
کو درست کرتے ہوئے کہا، فراق بھی وصال ہے۔ پانی
میں رہ کر کوئی کیسے بتائے کہ پانی کیا ہے؟ پانی سے
الگ ہو کر ہی وہ پانی کو دیکھتا ہے۔ پھر احساس ہوتا ہے
کہ کیا پانی کو پانی سے الگ ہو کر دیکھنا ممکن ہے؟ اور وہ
ایک بار پھر خود کو پانی کے سپرد کر دیتا ہے۔

نوجوان نے بتایا، میں برسوں سے سمندر کی کہانی
دیکھ رہا ہوں، سن رہا ہوں اور محسوس کر رہا ہوں۔ کیا تم
نے لہروں میں تلاطم دیکھا ہے ــــ؟

نو وارد نے سر ہلایا کہ دیکھا ہے۔

نوجوان نے سر نفی میں ہلاتے ہوئے کہا، تم نے
نہیں دیکھا۔ اب میری نظر سے سمندر کو دیکھو!

نو وارد کی پشت سمندر کی جانب تھی، سر موڑ کر آبی
ذخیرے پر نگاہ کی تو نظر آیا کہ لہریں اٹھتی بیٹھتی اور
لپٹتی ہوئی آگے بڑھ رہی ہیں۔

کیا نظر آیا ــــ؟

بے قراری ہے!

نوجوان نے تشنگی کو زبان پر لاتے ہوئے کہا، یہ
لہریں سمندر میں رہ کر فراق سے دوچار ہیں!

نو وارد بولا، میرا ذہن اس بات کو قبول نہیں کرتا۔
پانی اگر پانی میں رہ کر بے چین ہو تو وصل کیسے اور کہاں
ملے ــــ؟ اگر یہی وجہ ہے تو ان لہروں کو وصل نہیں مل
سکتا۔ مگر ایک بات غور طلب ہے۔

نوجوان نے پوچھا، وہ کیا—؟

اگر پانی کا وصل سمندر سے ہے تو پھر پانی اوپر کیوں اٹھتا ہے۔ نووارد نے دور اٹھنے والی اونچی لہروں کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔ اسے تو اٹھنے کے بجائے بیٹھ کر نیچے تہ سے رجوع کرنا چاہئے۔

نوجوان کے چہرے پر گہری مسکراہٹ در آئی۔

کچھ دیر گزر گئی لیکن اس نے جواب نہیں دیا۔

نووارد بھی نوجوان کے ساتھ ریت پر گھر بنانے میں مشغول ہوگیا۔ سمندری ریت کی مخصوص مہک اندر سرایت کی تو کچھ دیر بعد مہک کا احساس ختم ہوگیا۔ یہ بھی یاد نہیں رہا کہ ہاتھ گیلے اور ریت سے لت پت ہیں۔

ریت میں جذب پانی سے نووارد کے ہاتھ گیلے ہوئے، چمک ہاتھوں پر لگی، پانی جذب ہوگیا اور چمک ہاتھوں پر چپک گئی۔ نگاہ چمک پر مرکوز کی — روزن کھلا اور اس روزن میں فضا کا عکس نمایاں ہوا، پھر بادل نظر آئے اور بادل سے اوپر آسمان تھا۔

نووارد نے ڈوبتی ابھرتی سوچوں سے گھبرا کر اچانک نوجوان کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا اور خبر دیتے ہوئے کہا، زمین پر سمندر آسمان میں بادل ہے۔

اور ان بادلوں میں پانی ہے۔ آسمان سے توانائی بادلوں میں داخل ہوتی ہے تو بارش برستی ہے۔ لہریں اس لئے اوپر اٹھتی ہیں کہ ان کا سورس سمندر کا آبی سانچہ یا تہ نہیں، آسمان سے برسنے والا پانی ہے!

نوجوان نے بات مکمل کی۔

نووارد کو کچھ دیر پہلے اپنے سوال پر اس کی خاموشی اور گہری مسکراہٹ کی وجہ معلوم ہوگئی تھی۔

نوجوان جانتا تھا کہ یہ شخص روز اسے یہاں آتے دیکھتا ہے اور اس کے معمول سے واقف ہے۔ اسے علم تھا کہ میری طرح یہ بھی فراق میں مبتلا ہے اس لئے اپنے اندر کی تشنگی میرے اندر دیکھ کر آج یہ قریب آیا اور مجھے ان لہروں سے خبردار کیا۔ ورنہ روزانہ کتنے لوگ یہاں سے گزرتے ہیں، کبھی کسی نے رک کر نہیں پوچھا کہ بار بار گھر کیوں بناتے ہو۔ اس نے کہا،

آسمان، بادل، پانی، سمندر اور ساحل

ساحل، سمندر، پانی، بادل اور آسمان

سب فراق کا نظام اور وصال کے سلسلے ہیں۔ یہ ایک دوسرے سے الگ لیکن ملے ہوئے ہیں۔ پانی کبھی ساحل پر جاتا ہے، کبھی نیچے بیٹھتا ہے اور کبھی اوپر اٹھتا ہے — بے قراری بتاتی ہے کہ پانی سفر میں ہے۔

نووارد ہنستے ہوئے بولا، میں تمہیں خبردار کرنے بیٹھا تھا اور تمہارے پاس بیٹھ کر خود خبر بن گیا۔ ان لہروں اور گیلی ریت میں تسکین کیسی ہے؟

نوجوان نے متوجہ کیا، ریت میں چمک بھی تو ہے۔

ہاں! اس چمک میں ایک در کھلا اور میں نے آفاق کو انفس میں دیکھا۔ اسی چمک میں مجنوں لیلیٰ کو دیکھتا تھا۔ وہ بھی تمہاری طرح سمندر کے کنارے بیٹھا ریت

چھان رہا تھا۔ میری طرح کسی نے اس سے پوچھا،

میاں مجنوں! ریت کیوں چھان رہے ہو—؟

مجنوں نے خشمگیں نگاہوں سے دیکھا اور جواب دیئے بغیر ریت چھاننے میں مصروف ہوگیا۔ وہ بندہ اس کے پاس بیٹھ گیا اور پوچھا، مجنوں بھائی یہ کام کب سے کررہے ہو—؟

مجنوں بولا، پتہ نہیں۔

ریت کیوں چھان رہے ہو—؟

اس بار مجنوں نے نہایت اشتیاق سے کہا، لیلیٰ کو ڈھونڈ رہا ہوں۔ اسے تعجب ہوا کہ لیلیٰ! کیا لیلیٰ ریت میں رہتی ہے—؟

مجنوں کی نگاہیں یک لخت ریت کے ذرّات میں گم ہوگئیں۔ آنکھ کے ڈیلے ٹھہر گئے اور اس نے کہا، اگر ریت میں لیلیٰ نہیں ہے تو پھر ریت میں چمک دمک کیسی؟ یہ لیلیٰ کے حسن کا جمال ہی تو ہے جس سے ریت میں ذرّات چمک رہے ہیں۔

کہانی سن کر نوجوان نے کہا، زمین بے قرار ہے اور گردش میں ہے کہ اس کا مرکز آسمان ہے۔ آسمان بے قرار ہے، ایسا بے قرار کہ تکمیل کی تلاش میں نفی کرکے اپنی سمتیں گم کردی ہیں۔ آسمان کا دوسرا رخ زمین ہے۔ پانی، مٹی، آسمان، زمین اور جو کچھ ان میں ہے، یہ سب ایک دوسرے سے ملنا چاہتے ہیں۔ ان کے ملن اور دوری سے کائنات کا نظام قائم ہے۔

نووارد بولا، لگتا ہے تم قریب آگئے ہو؟

نوجوان نے بے نیازی سے کہا، دور میں پہلے بھی نہیں تھا۔ بس ناواقف تھا اور ناواقفیت دوری بن گئی۔ جو پانی سمندر ہے، کیا یہاں بیٹھ کر میرے ہاتھوں میں جذب نہیں ہوگیا—؟ ریت میں چمک آئینہ ہے اور میں اس آئینے میں کیا کیا نہیں دیکھتا۔ ریت میں ٹھنڈک جسم کا حصہ محسوس ہوتی ہے۔ لگتا ہے کہ کمہار نے اسی مٹی سے مجھے بنایا ہے، ایک روز اسی میں مل جاؤں گا، لہر آئے گی اور مجھے سمندر سے آشنا کرے گی اور سمندر بخارات بن کر بادلوں تک پہنچا دے گا۔ پانی کی طرح میں بھی سفر میں ہوں!

وقت کے ابدال کا کہنا ہے،

دنیائے طلسمات ہے ساری دنیا
کیا کہئے کہ ہے کیا یہ ہماری دنیا
مٹی کا کھلونا ہے ہماری تخلیق
مٹی کا کھلونا ہے یہ ساری دنیا

گھروندا مکمل ہوا تو ایک بڑی لہر آئی اور ریت کے ذرّات بہا لے گئی۔ جو باقی رہ گئے وہ ایک بار پھر قالب میں ڈھلنے کے لئے کمہار کے منتظر تھے۔

وہ دونوں کچھ کہے بغیر اٹھے اور کل پھر ملنے کے لئے متضاد سمتوں میں چل دیئے۔

★ قارئین! مضمون غور سے پڑھئے۔ اس میں جو قوانین بیان کئے گئے ہیں، لکھ کر ادارے کو بھیج دیجئے۔

سید اسد علی

دیکھا جو اسے بعد فنا ہونے کے

بادشاہ کو ہر وقت خدشہ رہتا تھا کہ دشمن قتل نہ کر دیں چناں چہ محل میں متعدد خواب گاہیں بنائی جاتی تھیں۔ کسی کو علم نہ ہوتا کہ بادشاہ آج کس کمرے میں ہے۔

حامل علم لدنّی حضور قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں:

''اقتدار کی خواہش، جنس کا غلبہ اور غصہ ـــ آدمی کی تین بنیادی کم زوریاں ہیں۔ کوئی فرد اس وقت تک روحانی انسان نہیں بن سکتا جب تک وہ ان کم زوریوں پر قابو نہ پالے۔''

یہ خامیاں فرد کی انفرادی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہیں، گھر، خاندان اور محلے کے ماحول کو پراگندہ کرنے کا ذریعہ بنتی ہیں اور اجتماعی سطح پر شدید اضطراب اور بے چینی پھیلانے کا سبب بنتی ہیں۔ معاشرے اور قوموں کے مزاج میں شامل ہو کر احساس محرومی اور فتنہ و فساد پیدا کرتی ہیں۔ تینوں خامیاں وسیع عنوانات ہیں جن پر لکھنے کے لئے مشاہدات اور تاریخی صفحات کی کمی نہیں ہے۔ رسالے میں صفحات کے پیش نظر مضمون میں ان خامیوں میں سے ایک، اقتدار کی خواہش کا تاریخی حوالے سے تذکرہ کیا گیا ہے۔ ہزاروں سال کی معلوم تاریخ میں اس منفی خواہش نے ایسے واقعات جنم دیئے ہیں کہ انسانیت رہتی دنیا تک شرمندہ رہے گی۔

آدمی ابتدائی دور سے اقتدار کی خواہش کے زیر اثر رہا ہے البتہ مورخین کے مطابق جب شہری ریاستیں وجود میں آئیں تو اقتدار کی رسہ کشی کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس زمانے میں مذہبی دانش وروں اور حکم رانوں میں اقتدار کی جنگ ہوتی تھی۔ دونوں اجارہ داری چاہتے تھے۔ بادشاہوں کو حکومتی امور میں مداخلت ناپسند تھی۔

تاریخ بتاتی ہے کہ آدمی اقتدار پرستی میں حدود پار کر جاتا ہے۔ نمرود نے اقتدار کو مستحکم کرنے کے لئے خدائی کا دعویٰ کیا۔ وہ قوی ہیکل اور بااثر تھا، دانش وروں کے بنائے ہوئے نظام کو تہس نہس کر دیا، عوام کے سامنے خود دیوتا بن کر آیا اور اپنی مورتی کی پرستش کرائی۔

قدیم ایران کے ساسانی بادشاہ بھی یہی چاہتے تھے کہ رعایا ان کی پرستش کرے۔ بادشاہ کو اختیار تھا کہ مقدمہ چلائے بغیر موت کا حکم دے۔ بادشاہ کی ماں اور اس کی بڑی ملکہ کو بھی اختیارات حاصل تھے کہ جسے چاہیں موت کے گھاٹ اتار دیں۔

اقتدار پرستی عدم تحفظ میں مبتلا کرتی ہے۔ بادشاہ کو

ہر وقت خدشہ رہتا تھا کہ دشمن قتل نہ کر دیں چناں چہ محل میں متعدد خواب گاہیں بنائی جاتی تھیں۔ کسی کو علم نہ ہوتا کہ بادشاہ آج کس کمرے میں ہے۔

کہتے ہیں کہ اردشیر اول، خسرو اول، خسرو دوم اور کئی دوسرے ساسانی بادشاہوں کے لئے چالیس کمروں میں بستر بچھائے جاتے تھے۔ بعض اوقات بادشاہ ان میں سے کسی کمرے کو استعمال نہ کرتا بلکہ عام کمرے میں بغیر بستر کے ہاتھ کا سرہانہ بنا کر سو جاتا تھا۔

قدیم ایران میں سلاطین اور امرا بھی اقتدار پرست تھے۔ وہ خود کو دیوتا کہتے تھے۔ رعایا ان کو سجدے کرتی تھی۔ ان کے جرائم معاف تھے اور کسی کو ان کے خلاف لب کشائی کی جرأت نہیں تھی۔

مصری معاشرے میں اعلیٰ طبقہ مذہبی پیشواؤں اور امرا کا تھا۔ یہ تعداد میں کم لیکن اختیارات اور اثر و رسوخ میں زیادہ تھے۔ ان کے پاس غلاموں کی فوج تھی۔ اسی طرح مصر میں زمین فرعون کی ملکیت تھی اور ہر شخص احکامات ماننے پر مجبور تھا۔ عوام کی حیثیت فرعون کے غلاموں کی تھی۔ ان کا عقیدہ تھا کہ ہمارا اقتدار مرنے کے بعد قائم رہے گا۔ بادشاہ کو ایک کمرے میں دفن کیا جاتا، زیورات اور اجناس رکھے جاتے اور غلاموں اور کنیزوں کی جماعت ساتھ ہوتی۔ دروازہ بند کر کے مٹی کا ڈھیر لگا دیا جاتا کہ پتہ نہ چلے کہ بادشاہ ساز و سامان کے ساتھ مدفون ہے۔ بادشاہ کی میت پر جو گزرتی ہوگی سو گزرتی ہوگی لیکن غلاموں اور کنیزوں کے زندہ دفن ہونے کے تصور سے لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔

گروہوں میں اقتدار کی خواہش پروان چڑھتی ہے تو ہر گروہ خود کو زیادہ با عزت اور معتبر ثابت کرنے میں لگ جاتا ہے۔ نتیجے میں معاشرہ فرقوں میں بٹتا ہے جس کی بنیاد نسلی یا خاندانی امتیازات ہوتے ہیں یا یہ تقسیم زبان اور مذہب کے نام پر ہوتی ہے۔

مورخین کے مطابق جب رومیوں کا دور آیا تو ایک وقت کے بعد پیشواؤں نے حکومتی امور میں مداخلت شروع کر دی۔ قیصر نے مجبوراً کچھ اختیارات انہیں دیئے۔ رفتہ رفتہ وہ حکومت پر قابض ہو گئے۔ قیصر کی حکومت برائے نام رہ گئی۔ پھر ایک وقت کے بعد اقتدار کی تقسیم پر پیشواؤں میں اختلافات کی وجہ سے فرقے بنے اور حکومت میں ان کا عمل دخل کم ہوتا گیا۔

ہندومت میں ذات برادری کی تقسیم کے حوالے سے سرکار زینی جارچوی ''مادر کائنات'' میں لکھتے ہیں،

''ہندو مذہب میں جن چار طبقوں برہمن، کھتری، ویش اور شودر کا ذکر ملتا ہے، ان کے متعلق بالتحقیق متفقہ طور پر یہ بتایا گیا ہے کہ ابتدا میں ان کا کوئی وجود نہیں تھا۔ معاشرے میں طبقاتی تقسیم کی ابتدا بھی بعد میں ان پنڈتوں اور پروہتوں نے کی تھی جو مذہب کے ٹھیکے دار بن گئے تھے۔ حالاں کہ ان سے ذرا پہلے اسی دور میں مساوات اس حد تک تھی کہ ویش کی لڑکی کھتری اور برہمن کو بیاہی جا سکتی تھی۔ وید کے اشلوک شودر بھی اسی

طرح سن سکتا تھا جس طرح برہمن، کھتری اور ویش۔
اس کے کانوں میں پگھلا سیسہ نہیں ڈالا جاتا تھا۔''

بادشاہوں کے واقعات کا مطالعہ کیا جائے تو انہوں نے اقتدار پرستی کے لئے خونی رشتوں کی عزت، احترام اور تقدس کو پامال کیا۔ اکبر بادشاہ بنا تو سوتیلے بھائی مرزا عبدالحکیم نے سازش کی اور لاہور پر حملہ کر دیا۔ اکبر نے شکست دی اور مرزا عبدالحکیم نے عمر قید میں گزاری۔

اکبر کے بعد اس کا بیٹا جہانگیر تخت نشین ہوا۔ جہانگیر کے بیٹے خسرو نے بغاوت کر دی۔ باغیوں کو شکست ہوئی اور سرعام پھانسی دی گئی جب کہ اپنے بیٹے شہزادہ خسرو کو اندھا کروا کر قید میں ڈال دیا۔ جہانگیر کے بعد شاہ جہاں تخت نشین ہوا۔ اس کے دو بھائی شہزادہ شہریار اور داور نے بغاوت کر دی۔ شاہ جہاں نے بغاوت کچل کر شہریار کو اندھا کر دیا اور شہزادہ داور مارا گیا۔

شاہ جہاں کی زندگی میں اس کے بیٹوں (داراشکوہ، اورنگ زیب، شجاع اور مراد) کے درمیان تخت کے حصول کے لئے خوں ریز جنگیں ہوئیں جن میں اورنگ زیب کو فتح ہوئی، باقی شہزادے مارے گئے۔

اورنگ زیب نے اقتدار سنبھال کر باپ شاہ جہاں کو لال قلعے میں قید کر دیا۔ زندگی کے آخری آٹھ سال باپ نے بیٹے کی قید میں گزارے۔ اورنگ زیب کی وفات کے بعد اس کے بیٹوں میں دس سال کے عرصے میں سات (7) خوں ریز جنگیں ہوئی۔ بڑی تعداد میں فوجی مرے اور مغل سلطنت کم زور ہوگئی۔

اقتدار کے حصول کے لئے ناحق خون کرنا اور خونی رشتوں کو قربان کرنے کی روایات صرف برصغیر میں نہیں تھیں، یہ بادشاہوں کے مزاج کا خاصّہ رہا ہے۔

سکندر اعظم کا شمار دنیا کے بڑے بادشاہوں میں ہوتا ہے۔ اس نے تخت و تاج سنبھالنے کے بعد اقتدار پر گرفت مضبوط کرنے اور مستقبل میں ممکنہ سازشوں سے بچنے کے لئے کئی خونی رشتوں کو قتل کیا۔ چچازاد بھائی ''اے منٹاس'' جو رقیب ثابت ہوسکتا تھا، اسے راستے سے ہٹایا۔ دو سابق شہزادوں اور سوتیلی ماں قلوپطرہ کے چچا اٹالس کو قتل کرایا۔ وہ اس کے خلاف سازشوں میں شریک تھے۔ یہاں تک کہ سگی ماں کے اکسانے پر نوزائیدہ دودھ پیتی سوتیلی بہن کو قتل کرا دیا۔

600 ق م میں قدیم ایران کا مشہور بادشاہ کوروش اعظم گزرا ہے۔ اس کی قیادت میں ایران نے جنوب مغربی ایشیا، وسطی ایشیا، یورپ کے کچھ علاقے اور کوہ قاف فتح کیا۔ مغرب میں بحیرہ روم اور درۂ دانیال سے لے کر مشرق میں ہندوکش تک کا علاقہ فتح کر کے اس دور کی عظیم ترین سلطنت قائم کی۔

کوروش کی پیدائش سے پہلے اس کا نانا استاغیث تخت نشین تھا۔ بیٹی نے خواب دیکھا کہ ایک سیلاب اٹھا پھر پھل دار بیلیں ملک میں پھیل گئیں۔ مشیروں نے بادشاہ استاغیث کو تعبیر بتائی کہ اس کا نواسہ ایک دن

بغاوت کر کے تخت الٹ دے گا۔

بادشاہ استاغیث نے بیٹی ''منڈانے'' کو ایک علاقے ایکبا تانہ بھیج دیا۔ بیٹی امید سے تھی۔ نومولود کے قتل کی ذمہ داری مقامی چرواہے کے سپرد کی گئی۔ چرواہے کے گھر انہی دنوں بچہ کی پیدائش ہوئی۔ بچہ مردہ تھا۔ اس نے کوروش کو گود لے کر اپنے بیٹے کو کوروش ظاہر کیا۔

مورخین کے مطابق تقریباً پانچ ہزار سال قبل مسیح میں زمین پر مادری نظام رائج تھا اور خاندان، وراثت اور شجرہ عورت سے منسوب کیا جاتا تھا۔ معاشرے میں خواتین اول حیثیت رکھتی تھیں ۔ پھر سمیری دور، جو 4000 قبل مسیح میں شروع ہوا، مردوں نے ہوشیاری سے خواتین کے اقتدار پر قبضہ کرنا شروع کیا۔ پہلی حکمت عملی یہ وضع کی کہ مردوں کے بت بنائے جانے لگے جنہیں عوام میں دیوتا کی حیثیت سے پیش کیا جاتا۔ عوام ان بتوں سے مرادیں مانگتی اور پرستش کرتی تھی۔ آج بھی کئی تہذیبوں میں مردوں کے بتوں کی پوجا ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر جنوب مشرقی افریقا کا ''دورمباز'' قبیلہ اپنے راجا کو دیوتا مانتا ہے۔

وسطی افریقا کے ''باگاندہ'' قبیلے کا بھی یہی عقیدہ ہے کہ ان کا ساحر دیوتا پہاڑ میں رہتا ہے۔ ایک دوسری قوم ''اروار'' کا سردار بھی خود کو دیوتا سمجھتا ہے۔ وہ کئی دن تک کچھ نہیں کھاتا اور کہتا ہے کہ مجھے کھانے کی ضرورت نہیں، کبھی کبھار شغل کے طور پر کچھ کھا لیتا ہوں۔ غرض ہر دور میں شر پسند لوگوں کی طرف سے خدائی کے دعوے ہوئے اور ان دعووں کی طرح وہ سب خاک میں مل گئے۔

رومی تہذیب میں بھی مردوں نے رفتہ رفتہ عورتوں کے اقتدار پر قبضہ کیا اور انہیں قید میں ڈال دیا۔ عورتوں کے ساتھ حیوانوں سے بدتر سلوک کیا گیا۔ بیویوں اور کنیزوں کے بعد کنواری لڑکیوں کے گھروں سے نکلنے پر پابندی عائد کی گئی۔ مردوں سے بات کرنے کی ممانعت تھی۔ ایتھنز کے لوگ عورتوں کو گھر کے علیحدہ حصے میں رکھتے تھے۔ ان سے صرف عورتیں مل سکتی تھیں۔ بیویوں کی حفاظت کے لئے کتّے پالے جاتے تھے۔

ایشیا کے لوگ پہرے کے لئے خواجہ سرا رکھتے تھے۔ مولانا محمد حسین آزاد نے اکبر کے ایک قاضی کے متعلق ''دربار اکبری'' میں لکھا ہے کہ وہ جب دربار میں حاضری دینے جاتا تو بیویوں کو قید کر کے چابیاں ساتھ لے جاتا تھا۔ یہ طریقہ سولہویں صدی عیسوی تک یورپ میں بھی جاری رہا۔ رفتہ رفتہ اقتدار پر مرد پوری طرح قابض ہو گئے۔ اب مرد معاشروں میں عورت نحوست اور بدقسمتی کی علامت تھی جس کی پیدائش پر سوگ منایا جاتا اور زندہ دفن کیا جاتا تھا۔ عورت نے شوہر کی چتا کے ساتھ جلنے اور کاروکاری جیسی روایت کو بھی جھیلا ہے۔

یہ اقتدار کی خواہش تھی کہ معلم الملکوت، شیطان مردود بن گیا۔ شیطنت کے زیر اثر بادشاہوں اور دیگر

لوگوں نے دنیا کے سکون کو پامال کیا۔

اقتدار کی خواہش کیوں پیدا ہوتی ہے ــــ؟

مخلوق وسائل کی محتاج ہے۔ جب ذہن پر سے تخلیق کرنے والی ہستی کا تصور مغلوب ہوتا ہے تو فریب زدہ سوچ کو بنیاد فراہم کرنے کے لئے وہ مال و دولت، جائیداد اور طاقت کا سہارا لیتے ہیں اور خود کو محفوظ سمجھتے ہیں۔ موت شداد کو بھی آئی جس نے مصنوعی جنت بنائی تھی۔ اہل فکر خواتین وحضرات کے مطابق اقتدار ملکیت کا تقاضا ہے۔ ابدالِ حق رباعی میں فرماتے ہیں،

انسان کا غرور اقتدار و زر ہے
گر یہ بھی نہیں تو مذہب و منبر ہے
دیکھا جو اسے بعد فنا ہونے کے
معلوم ہوا یہ خاک مٹھی بھر ہے

آدمی ساری زندگی میرا مال میرا مال کرتا ہے۔ سونے چاندی کے ذخیرے جمع کرتا ہے۔ معیار زندگی کو بلند سے بلند کرنے میں حدود کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ نام ونمود کے لئے رشتوں کا تقدس پامال کرتا ہے اور ناحق خون بہانے سے گریز نہیں کرتا۔ پھر عمر بھر کی بھاگ دوڑ کیا ہوئی؟ جب دولت یہاں سے بعد کی دنیا میں کام نہیں آتی تو ہم اس کو ذخیرہ کیوں کرتے ہیں؟ قرآن کریم میں اقتدار اور ملکیت کے بارے میں ارشاد ہے:

''اللہ زمین اور آسمان کی ساری موجودات کا مالک ہے اور سخت تباہ کن سزا ہے قبول حق سے انکار کرنے والوں کے لئے۔'' (ابراہیم:۲)

علمائے باطن فرماتے ہیں،

''آدمی خالی ہاتھ آتا ہے اور خالی ہاتھ چلا جاتا ہے۔ جب آتا ہے تو جسم پر کپڑے نہیں ہوتے اور جب مرتا ہے تو کتنا ہی امیر آدمی کیوں نہ ہو اس کے کپڑے قینچی سے کاٹ کر اتار دیئے جاتے ہیں ــــ پھر ملکیت اور اقتدار کا دعویٰ کیا معنی رکھتا ہے ــــ؟''

زندگی خود کو مسافر سمجھ کر گزارنی چاہئے۔ مسافر سرائے میں ٹھہرتا ہے وہاں موجود چیزیں استعمال کرتا ہے لیکن اس کے دل و دماغ میں راسخ ہوتا ہے کہ وہ مہمان ہے، ایک روز سب چھوڑ کر چلے جانا ہے۔

حامل علم لدنّی ابدالِ حق فرماتے ہیں،

''اللہ تعالیٰ ہر وقت اور ہر آن اپنی مخلوق کی خدمت میں مشغول ہیں، مخلوق کی حفاظت کرتے ہیں اور ان کی زندگی کے لئے وسائل فراہم کرتے ہیں لیکن اس معاملے میں مخلوق سے کوئی صلہ اور بدلہ نہیں چاہتے۔ بندہ اگرچہ خالق کی طرح مخلوق کی خدمت نہیں کرسکتا لیکن اپنی سکت، صلاحیت، بساط کے مطابق کسی صلے یا بدلے کے بغیر وہ اللہ کی مخلوق کی خدمت کرسکتا ہے۔ وہ مخلوق ہوتے ہوئے وسائل کی احتیاج سے ماورا نہیں ہوسکتا لیکن اپنی ہر حاجت اور ضرورت کو اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس سے وابستہ کرسکتا ہے۔ اس طرز عمل کی وجہ سے وہ اللہ کی بادشاہت کا ایک رکن بن جاتا ہے۔''

مرکزی مراقبہ ہال کراچی

چھبیسویں

روحانی ورکشاپ

''اسلام اور تصوف''

سلسلہ عظیمیہ کے امام حضور قلندر بابا اولیاؒ کے اکتالیسویں عرس کے موقع پر **26 جنوری 2020ء بروز اتوار**، مرکزی مراقبہ ہال میں منعقد ہونے والی روحانی ورکشاپ کا عنوان مرشدِ کریم حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب نے ''اسلام اور تصوف'' مقرر کیا ہے۔

رجسٹریشن کا آغاز	08 دسمبر 2019ء بروز اتوار
رجسٹریشن فیس	-/1800 روپے
16 سال سے کم عمر	-/1200 روپے

نوٹ : نشستوں کی تعداد محدود ہے۔ رجسٹریشن جلد از جلد کروائیں۔

★ 11 سے 16 سال تک کی عمر/سیکنڈری اسکول کے طالب علموں کے لئے بھی نشستیں مخصوص کی گئی ہیں۔

ورکشاپ میں شرکت کے خواہش مند خواتین وحضرات کی سہولت کے لئے عرض ہے کہ ناموں کے اندراج اور فیس جمع کرنے کے لئے اپنے شہر میں قائم مراقبہ ہال کے نگراں سے رابطہ کریں۔

رابطہ کے لئے: آرگنائزر روحانی ورکشاپ، مرکزی مراقبہ ہال، ST-06، سرجانی ٹاؤن، کراچی

پوسٹ کوڈ: 75850 فون نمبر: 36912786-21-92+، فیکس نمبر: 36910786-21-92+

ای میل: markazi.muraqaba.hall@gmail.com

http://Facebook.com/Roohani.Workshop/

ڈاکٹر احمد ممتاز اختر

وہم کا گیٹ

وہ شک کے سبب عدم تحفظ کا شکار ہوا، یہ نہیں دیکھا کہ جس کو سجدے کا حکم ہے وہ مٹی کا پتلا نہیں، پتلے میں موجود صفاتی علوم ہیں۔

تھا ضبط بہت مشکل اس سیلِ معانی کا
کہہ ڈالے قلندر نے اسرارِ کتاب آخر
(اقبالؔ)

اسرارِ کُن فیکون کے واقف ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ مینارہ نور ہیں جن کی تعلیمات بھٹکی ہوئی، سسکتی ہوئی اور غم و آلام میں ڈوبی ہوئی نوع انسانی کے لئے سکون و آشتی کا پیغام ہیں۔ ان کی تعلیمات پر تفکر کر کے نوع آدم انفرادی و اجتماعی ترقی کے ساتھ کائنات کے رازوں سے پردہ اٹھا سکتی ہے اور دنیا کو امن و سکون کا گہوارہ بنا سکتی ہے۔

سرچشمۂ صدق و صفا بابا قلندر اولیاؒ
تابندہ از نورِ خدا بابا قلندر اولیاؒ
تکریم بھی، تعظیم بھی، تسلیم بھی، تحریم بھی
سکھلا گئے کیا کیا ادا بابا قلندر اولیاؒ

حضور قلندر باباؒ نے سرور کائناتؐ کی پیروی کر کے نوع آدم کو فکر کا ایسا ورثہ عطا کیا ہے جو تعصّبات کی زنجیریں توڑ کر سب کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرتا ہے۔

موجودہ دور میں تفریق کی ایک وجہ زبانوں کی تبدیلی سے پیدا ہونے والے مسائل ہیں۔ قلندر بابا اولیاؒ کی تعلیمات بتاتی ہیں کہ الفاظ سے زیادہ ان کی معنویت کی حیثیت ہے کیوں کہ الفاظ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ خالق کائنات کو مختلف زبانوں میں مختلف نام سے پکارا جاتا ہے، سب کا مقصد صرف لامحدود اور عظیم ذات کو پکارنا ہے۔ اسی طرح ہر دور میں روح کا نام زبان کی مناسبت سے بدلتا رہا۔ کسی نے soul اور کسی نے آتما کہہ دیا۔ نام تبدیل ہوتے رہے لیکن حقیقت نہیں بدلی۔ زبان بولنے والوں نے معنی پر دھیان نہیں دیا، الفاظ کو اہمیت دی اس لئے معنی نظر انداز ہو گئے اور الفاظ میں فرق سے ذہن میں شک پیدا ہوا۔

حضور قلندر بابا اولیاؒ کا طرز تعلیم جدید زمانے کو مدنظر رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ انہوں نے شک سے بچنے پر بہت زور دیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں،

''وہم (شک۔doubt) میں پھنسنا نہیں چاہئے

اس لئے کہ وہم تذبذب کو جنم دیتا ہے۔

انما امرہٗ اذا اراد شیاً ان یقول لہٗ کن فیکون

کسی بات کا ارادہ کرتے ہی ہو جائے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے۔ وہم کا گیٹ کلوز رہنا چاہئے۔ اگر کسی شخص کے سر پر ہاتھ رکھ کر ـــ ان اللہ علیٰ کل شیئٍ قدیر ـــ گیارہ مرتبہ پڑھا جائے اور دم کیا جائے اور تین مرتبہ اس طرح کیا جائے تو وہم کا گیٹ کلوز ہو جائے گا۔ وہم کے قریب نہیں جانا چاہئے کہ وہ doubt پیدا کرتا ہے اور شک کی پرورش ہوتی ہے اور اس طرح ڈالی پہ ڈالی پھیلتی چلی جاتی ہے۔ اس کا بڑھنا رکتا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ شک کو ناپسند کرتے ہیں جو وہم کے ذریعہ پیدا ہوتا ہے۔'' (کتاب: قدرت کی اسپیس)

حامل علم لدنّی قلندر بابا اولیاءؒ کے فرمان کے مطابق انفرادیت ایسا عمل ہے جو ایک شخص، ایک جماعت یا پوری قوم پر مشتمل ہوسکتا ہے۔ فرد کی سطح پر انفرادیت سے ہم واقف ہیں۔ جماعت اور قوم کی سطح پر انفرادیت یہ ہے کہ ایک گروہ خود کو دیگر سے ممتاز سمجھے اور دوسروں کا استحصال کر کے اپنے مفاد کو اولیت دے۔ بظاہر وہ ترقی کرتا ہے لیکن اس ترقی کے باطن میں شک اور تغیر کے سوا کچھ نہیں۔ فطرت کے برعکس سوچ میں خیر کے بجائے شر اور عدم تحفظ ہوتا ہے۔ ایسی صورت حال میں فرد، جماعت یا قوم کا یقین ٹوٹ جاتا ہے۔

''جب شک زمین میں پھیل جاتا ہے تو اس انتشار سے آفات ارضی حرکت میں آجاتی ہیں اور پھیل جاتی ہیں۔ چناں چہ سیلاب، زلزلے، وبائیں وغیرہ ظہور میں آتی ہیں۔ کبھی کبھی خانہ جنگی بھی ہوتی ہے جس سے قوم اور افراد کا اعصابی نظام تباہ ہو جاتا ہے جو طرح طرح کی بیماریاں پھیلنے کا موجب بنتا ہے۔''

شک کی ابتدا کیا ہے ـــ؟ اللہ تعالیٰ نے آدم کا پتلا بنایا اور فرشتوں کو سجدے کا حکم دیا تو سب نے سجدہ کیا مگر عزازیل نے انکار کر دیا۔ وہ شک کے سبب عدم تحفظ کا شکار ہوا، یہ نہیں دیکھا کہ جس کو سجدے کا حکم ہے وہ مٹی کا پتلا نہیں، پتلے میں موجود صفاتی علوم ہیں جس کی وجہ سے خاکی وجود کو کائنات میں تمام مخلوقات سے اشرف قرار دیا گیا ہے۔ غور طلب ہے کہ جب فرشتوں کو حکم دیا گیا کہ وہ آدم کو سجدہ کریں تو آدم اس وقت علم الاسما سے واقف تھے اور انہوں نے اس کا مظاہرہ کیا۔ نافرمانی پر عزازیل ـــ ابلیس بن گیا۔

آدم کا مستقر جنت قرار پایا۔ وہاں ٹائم اور اسپیس کی آزادی ہے۔ انہیں حکم ہوا کہ جہاں سے جی چاہے، خوش ہو کر کھاؤ پیو اور شجر ممنوعہ کے قریب نہ جانا۔

خوش رہنے میں حکمت یہ ہے کہ وقت اور اسپیس کا احساس نہیں ہوتا، اطمینان وسکون غالب ہونے سے ذہن تقسیم نہیں ہوتا بلکہ اللہ سے قربت کا احساس ہوتا ہے اور یہی خوشی کی سب سے بڑی وجہ ہے۔

آدم نے جب تک حکم کی تعمیل کی ـــ جنت کی ہر شے

اس کے لئے مسخر تھی۔ بالآخر شیطان کے اکسانے پر وہ درخت کی طرف متوجہ ہوگیا۔ یہ نافرمانی یعنی اللہ سے دوری تھی جس نے یقین اور خوشی کو پس پشت ڈال کر ناخوشی اور بے یقینی کو بیدار کیا اور آدم شک میں مبتلا ہوگیا۔ شک کا سبب اللہ سے دوری ہے۔

''اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، صبر اور نماز سے مدد لو۔ بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔''

(البقرۃ: ۱۵۳)

صلوٰۃ کے معنی ربط ہیں اور صبر یقین کے ساتھ راضی برضا رہنا ہے۔ صبر اور صلوٰۃ — قدرت کی اسپیس ہیں جو اس نے خود تک پہنچنے کے لئے مخلوق کو عطا فرمائی ہیں۔ یہ الفاظ کلیدی حیثیت رکھتے ہیں کہ صبر کرنے والوں کے ساتھ اللہ ہے۔ صبر کی اسپیس سے گزرنے والے پر اللہ کی خصوصی توجہ ہوتی ہے کیوں کہ وہ اپنے اور خالق کے درمیان ربط میں شیطان کی طرف متوجہ نہیں ہوتا لہٰذا اللہ تعالیٰ اسے اپنے خاص بندوں میں شامل کر کے شک سے محفوظ کر دیتے ہیں۔

''اس بدانجامی سے اللہ کے وہی بندے محفوظ ہیں جنہیں اللہ نے اپنے لئے خالص کر لیا ہے۔''

(الصّٰفّٰت: ۷۴)

اللہ تعالیٰ نہایت مہربان اور بے پایاں محبت کرنے والے ہیں۔ اللہ نے مخلوقات پر سب سے بڑا کرم اور احسان اپنے محبوب رحمۃ للعالمینؐ کی صورت میں کیا۔ اللہ تعالیٰ نے آخری الہامی کتاب قرآن میں وہ فارمولے نازل فرمائے جن کا علم حاصل کر کے ہم شک سے نکل کر واپس جنت میں داخل ہو سکتے ہیں۔

جنت حضوری کی اسپیس ہے۔

دین و دنیا کے فرائض پر غور کریں۔

۱۔ اللہ پر ایمان، انبیائے کرام پر ایمان، الہامی کتابوں پر ایمان، فرشتوں پر ایمان اور یوم حساب پر ایمان۔ ان کی حکمت میں ظاہر کے ساتھ باطن کا علم ہے۔ اللہ پر ایمان سے شک دور ہوتا ہے۔ انبیائے کرام کی تعلیمات پر عمل کرنے سے امتوں کے درمیان شر پسند گروہ کی پیدا کردہ تفریق ختم ہوتی ہے اور سب جان لیتے ہیں کہ اللہ کا پیغام شروع سے آخر تک ایک ہے۔ الہامی کتب اور آخری آسمانی کتاب قرآن کریم میں معاشرت کے اصول اور تکوینی قوانین ہیں۔ فرشتوں کا مشاہدہ ہو جائے تو فرشتے اللہ کے حکم سے ہر وقت فرد کی خدمت میں حاضر باش رہتے ہیں۔ اور یوم حساب کے معنی ہیں کہ بندہ اللہ کی طرف سے ہے، اللہ کی طرف لوٹتا ہے اور اس کے ایک ایک عمل اور دل میں آنے والے ہر خیال سے اللہ واقف ہے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ نے اعزہ، اقربا، یتیموں، مساکین اور مسافروں کی خدمت اور مدد کا حکم دیا ہے۔ اس سے دولت کے ارتکاز کی نفی ہوتی ہے۔

۳۔ صلوٰۃ قائم کرنا اور زکوٰۃ کی ادائیگی میں حقوق اللہ اور حقوق العباد کی پاسداری ہے۔ ان سے دنیاوی

معاملات میں منہمک رہنے کی نفی ہوتی ہے۔ بندہ جانتا ہے میں اللہ کے دیئے ہوئے میں سے خرچ کر رہا ہوں۔

۴۔ روزے سے تغیر کا ترک ہوتا ہے اور بیداری میں نیند کی دنیا کے حواس غالب ہوتے ہیں۔

۵۔ حج کی ادائیگی میں دنیاوی جاہ وحشم کی نفی ہے۔

ناظم آباد کے مکان میں ایک صاحب ملاقات کے لئے آئے۔ باتوں کے دوران وہ جسم کھجا لیتے تھے۔ عظیمی صاحب نے سبب دریافت کیا تو بتایا کہ خارش کی شکایت ہے۔ انہوں نے دم کر دیا۔ وہ ملاقات کر کے چلے گئے لیکن عظیمی صاحب مرض سے متاثر ہو گئے۔ انہوں نے اپنے مرشد کریم قلندر بابا اولیاؒ سے عرض کیا۔ قلندر باباؒ نے فرمایا کہ کچھ نہیں ہے، آپ کے ذہن نے خارش کو نوٹ کر لیا۔ جیسے ہی قلندر بابا اولیاؒ نے یہ فرمایا، شاگردِ رشید کے ذہن سے خارش کا خیال نکل گیا اور وہ صحت یاب ہو گئے۔

زندگی توجہ کا نام ہے اور اسی کے سبب تحریکات ظاہر ہوتی ہیں۔ توجہ نافرمانی کی طرف ہے تو ذہن شکوک و شبہات میں مبتلا رہتا ہے۔ توجہ اللہ کی طرف ہے تو دل یقین سے منور ہوتا ہے۔ ہر شے جس کا ہم تذکرہ کرتے ہیں، وجود رکھتی ہے اور اس سے ہم کسی نہ کسی درجے میں متاثر ہوتے ہیں۔ اسی لئے دینی فرائض میں ہے کہ ہمہ وقت اللہ سے ارتباط رہے تاکہ دوسرا نقش غالب نہ ہو۔

عظیمی صاحب بیان کرتے ہیں کہ میرے مرشد کریم قلندر بابا اولیاؒ فرماتے تھے کہ فقیر کی عجب شان ہے۔

عرض کیا کہ حضور کیا شان ہے؟

فرمایا، لوگ بے وقوف بناتے ہیں، آخر تک بنتا رہتا ہے۔ فقیر یہ سمجھتا ہے کہ مجھے بے قوف بنا کر یہ خوش ہو رہا ہے تو چلو اسے خوش ہونے دو۔ وہ بے وقوف بنتا چلا جاتا ہے تاوقتیکہ وہ بندہ خود ہی بھاگ جائے یا اسے اپنی غلطی کا احساس ہو جائے۔

پھر فرمایا کہ سیدنا حضور پاکؐ فرماتے ہیں،

''مومن کی فراست سے ڈرو کہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔''

مومن کا دیکھنا عام انسانوں کی طرح ہے لیکن وہ اللہ کے نور کے ذریعے جو کچھ دیکھتا ہے اس کا اظہار نہیں کرتا۔ اسے جو علم عطا کیا گیا ہے وہ امین بن کر حفاظت کرتا ہے۔ اللہ کے دوست شک کے جال میں پھنسنے سے بچنے کے لئے ماضی میں تفکر کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ماضی جنت کی دنیا ہے جس میں یقین کی اسپیس غالب ہے جب کہ عالم ناسوت میں شک کی اسپیس کا غلبہ ہے۔ دعا ہے کہ ہم سب شک سے دور ہو جائیں اور یہ اولیاء اللہ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے سے ممکن ہے کہ اللہ کے دوستوں کو خوف وغم نہیں ہوتا۔

اس عظیمی کارواں کے خواجہ ہیں روح رواں
محور حق و آگہی قلندر بابا اولیاؒ
نظر کرم لازم ہے اب نادم بہت خادم ہے اب
بحر سخا کامل عطا بابا قلندر اولیاؒ

ڈاکٹر نعیم ظفر

غیب ظاہر غیب

حامل علم لدنّی حضور قلندر بابا اولیاؒ کے عرس جنوری 2017ء میں خانوادہ سلسلہ عظیمیہ جناب عظیمی صاحب نے خطاب میں غیب حاضر غیب کی مفصل تشریح کی اور تخلیقی رموز منکشف کئے۔ ایک نکتہ ایسا تھا جس کے متعلق فرمایا کہ یہ بات میں آپ کو خاص اجازت لے کر بتا رہا ہوں۔ ہزاروں حاضرین نے دیکھا، سامعین نے سنا اور ہزاروں قارئین نے بعد میں اس خطاب کو مارچ 2017ء کے شمارے میں پڑھا۔ زیرِ نظر مضمون اس خطاب کے مذکورہ نکتے کا ایک تفہیمی زاویہ ہے۔

کمپیوٹر پروگرامنگ میں اکثر پروگرام کی ڈویلپمنٹ کے دوران مخصوص ڈائیگرام استعمال کی جاتی ہے جو انگریزی حرف V کے مشابہ ہے۔ سمجھنے کے لئے شکل P دیکھیں۔ آسانی کے لئے ہم V کے دائیں جانب سے پروگرام کو بنانے کے مختلف درجات کو سمجھتے ہیں۔ یہ تسلسل نیچے کی طرف جھک کر مکمل ہوتا ہے اور بائیں جانب اپنی انتہائی صورت اختیار کر لیتا ہے۔

اللہ نے ایسا پروگرام بنایا ہے جس میں ایک پروگرام سے دوسرا پروگرام نکلتا ہے۔ اسے ہم دو فیز کہتے ہیں۔ ابدالِ حق نے اس کے لئے ''مراتب'' کی اصطلاح استعمال کی ہے۔ غیب تخلیق ہوا یعنی تمام اشیا کا علم پہلے فیز میں ہے۔ یہ ''علمِ شے'' فارمولے ہیں۔ الہامی کتابوں میں مقداروں کا لفظ کثرت سے استعمال ہوا ہے جسے عام فہم الفاظ میں ''فارمولا'' کہا جاتا ہے۔

''پاک اور بلند مرتبہ ہے وہ ذات جس نے مقداروں سے تخلیق کی اور ان مقداروں کی ہدایت (فھدٰی) بخشی۔'' (الاعلیٰ: ۱-۳)

تخلیق میں عناصر کو مختلف تناسب سے ترتیب دیا جاتا ہے پھر اس کی نشوونما کا پیٹرن قائم کیا جاتا ہے۔ متذکرہ بالا آیات میں ''فھدٰی'' کا قریب ترین لفظ ہدایت دینا یا pattern مہیا کرنا ہے۔

قرآن کریم میں علمِ شے کا ذکر اس طرح ہے،

''کیا انسان پر لامتناہی زمانے کا ایک وقت ایسا بھی گزرا ہے جب وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا؟'' (الدھر: ۱)

اور شے کے بارے میں ارشاد ہے،

''ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا تاکہ اس کا امتحان لیں اور اس غرض کے لئے ہم نے اسے



(گلاب سیب 20 سالہ فرد)

شکل نمبر P

سننے اور دیکھنے والا بنایا۔'' (الدھر:۲)

الہامی کتابوں کے مطابق بلند مرتبہ ذات نے مخلوقات تخلیق کیں، توازن پیدا کیا اور شے کو فعال کر دیا جیسے سننا، بولنا اور دیکھنا وغیرہ۔ آدمی علمِ شے کو نہیں، شے کو دیکھتا ہے۔ سامنے ڈسپرین کی گولی رکھی ہے تو آپ گولی دیکھتے ہیں علمِ شے کو نہیں۔ اسی طرح آنکھ معجون کو دیکھتی ہے ــــ معجون کا فارمولا غیب ہے۔

اللہ تعالیٰ نے متوجہ کیا ہے،

''تم پہاڑوں کو دیکھتے ہو اور سمجھتے ہو کہ یہ جمے ہوئے ہیں مگر یہ بادلوں کی طرح اڑ رہے ہیں۔''

(النمل: ۸۸)

ایک اور آیت میں ارشاد ہے،

''اس نے زمین میں پہاڑوں کی میخیں گاڑ دیں تا کہ زمین تم کو لے کر ڈھلک نہ جائے۔'' (النحل:۱۵)

شے اور علمِ شے کے ضمن میں عمر کا تجزیہ کیا جائے تو 20 سالہ شخص کی عمر کے 19 سال کہاں گئے اور 21 واں سال کہاں موجود ہے ــــ؟

شکل P میں وضاحت ہے کہ دورانیہ غیب حاضر غیب کا ہے۔ بائیں طرف مستقبل ہے، نشیب (تنزل) حاضر ہے اور دائیں جانب غیب ہے۔ 20 سال ظاہر ہونے کا مطلب ہے کہ 19 سال (علم) کہیں چلے گئے اور بیس سال کے بعد کی زندگی بھی کہیں پر ہے۔

اس طرح سیب ہے، پھر سیب کی اولاد۔ وہ کہاں ہے ــــ؟ تصویر میں بائیں جانب دیکھیں تو وہ غیب کے زون میں نظر آئے گی۔ حاضر سیب سے یہ بات کھلتی ہے کہ سیب کے اجداد کہیں نہ کہیں پر ہیں۔ یہی مثال گلاب کی اولاد، گلاب اور گلاب کے اجداد کی ہے۔

علمِ شے فنا نہیں ہوتا جب کہ شے تغیرات سے گزرتی ہے اور فنا ہو جاتی ہے۔ قارئین جان سکتے ہیں کہ نفی، اثبات اور نفی کا دورانیہ کن اصولوں کے تحت ہے۔

علمِ شے کیوں فنا نہیں ہوتا؟ اس لئے کہ یہی پہلی template ہے جسے اسکول، کالج اور یونی ورسٹی میں zigen vector یا ''اصل'' کے نام سے پڑھایا جاتا ہے۔ اس کی ایکویشن مندرجہ ذیل لکھی جا سکتی ہے۔

کلی تخلیق = علم شے + نفس کلی + عدم + بقائے دوام

جزوی تخلیق = شے + نفس جزوی + تغیر در تغیر + فنائیت

نفس کلی کا مطلب اصل ہے۔ جیسے آدم کی اصل سے کالے، گورے اور گندمی رنگ لوگ پائے جاتے ہیں۔ کہیں ناک چپٹی، گول اور ستواں ہے تو کہیں کان لمبے، چھوٹے اور اوسط ہیں۔ کندھے گول، چوڑے، جھکے یا ڈھلکے ہوتے ہیں۔ شباہت میں جزوی فرق کو نفس جزوی کہہ سکتے ہیں۔ بقیہ اصطلاحات عام فہم ہیں۔

عالم غیب میں موجود علمِ شے کو منعطف (خم کھانا، مڑنا) کیا جائے تو شے رنگوں میں مظہر بنتی ہے۔ یاد رہے کہ یہاں لفظ منعکس استعمال نہیں کیا گیا۔

دونوں اصطلاحات میں کیا فرق ہے؟

ایک فعل دونوں میں مشترک ہے کہ منشور کے موافق اطلاعات رنگوں میں ڈھلتی ہیں۔

عام سمجھ کے تحت شہادت واقعے کو ممکنہ درستی کے تحت اپنی سمجھ کے مطابق پیش کرنے کو کہتے ہیں۔ اس دنیا میں ظاہر ہونے والی صورتیں جیسے پرندوں کا اڑنا، دریا بہنا، چشمہ پھوٹنا، بادل گرجنا، بجلی کڑکنا، صحرا، سمندری کورل میں رنگ برنگی مچھلیاں، درخت، آتش فشاں، پہاڑ، آدمی، بلی، گلاب، آم، ہاتھی وغیرہ سب خالق کائنات کا مظہری پروگرام ہے، علم الشھادۃ ہے۔ یہ ایسا عالم، زون یا اسکرین ہے جو اپنی اصل یعنی علمِ شے (غیب) یا عالم غیب کو حاضر کرتا ہے۔

سوال ہوسکتا ہے کہ تخلیقات لمحہ در لمحہ غیب کے زون سے حاضر زون میں آتی ہیں۔ حاضر ہمیں یاد رہتا ہے کیوں کہ وہ ہمارے شعور میں ریکارڈ ہو جاتا ہے۔ بقیہ اول الذکر اور آخر الذکر زون کا ریکارڈ کہاں ہے — ؟

یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ 20 سالہ شخص سے پوچھا جائے پہلی جماعت میں فلاں واقعے کی تفصیل کیا تھی، وہ ذہنی بساط کے مطابق کوئی جواب ضرور دے گا۔ یہ جواب کہاں سے آیا اور اس کا ریکارڈ کہاں ہے — ؟

تخلیقات کے غیب حاضر غیب کے سائیکل کا لمحوں میں جائزہ لیں تو حیات لمحہ در لمحہ کھلتی اور بند ہوتی دکھائی دیتی ہے۔ لمحات کا ہم ریکارڈ رکھیں تو کہہ سکتے ہیں کہ پہلا لمحہ M1، دوسرا M2، تیسرا M3 — اسی طرح فرد Mn لمحات میں جیتا ہے۔ آدمی M1 لمحے میں ظاہر ہوا پھر ریکارڈ بن گیا۔ کہاں ریکارڈ بنا — ؟ اس پر اسی مضمون میں آگے بات ہوگی۔ جب M1 کا ریکارڈ غائب ہو تو اگلے لمحے M2 مظہر ہو گیا۔ M2 ریکارڈ میں غائب ہوا تو M3 حاضر ہو گیا حتیٰ کہ مقررہ لمحات اپنی انتہا Mn تک پہنچے۔ حسابی طور پر زندگی کو مندرجہ ذیل طریقے سے لکھ سکتے ہیں۔

$$\text{لائف} = M1 + M2 + M3 \ldots\ldots + Mn$$

یا

$$\text{لائف} = \sum_{i=1}^{n} Mi$$

یہ فارمولا زندگی پر محیط ہے۔ یہی فارمولا ہر لمحے کی مقداروں میں غیب، حاضر اور غیب سے گزرتا ہے۔

مظاہر اطلاع پر قائم ہیں۔ چیونٹی، کنکر، درخت،

پھول، پہاڑ، آدمی، جنات، فرشتے، سمندر، دیدہ نادیدہ مخلوق چاہے وہ زمین کے اندر ہو، سطح زمین کی مکین ہو یا فضاؤں میں رہتی ہو، سب اطلاعات کے بہاؤ پر قائم ہیں۔ بہاؤ میں تعطل نہیں ہے۔

تخلیقات کے لئے ذرّے کا لفظ استعمال کریں تو ذرّے کا وجود اطلاع سے ہے۔ ذرّے کو اطلاعات بغیر تعطل اور مقداروں میں تبدیلی کے بغیر مہیا ہوتی ہیں۔ قابل غور ہے کہ ذرّہ یا شے کا وجود چاہے دیدہ ہو یا نادیدہ، ان میں ہر صورت اطلاعات کا بہاؤ جاری رہتا ہے۔ شے غیب میں ہو، حاضر ہو یا پھر غیب میں چلی جائے، کائناتی ریکارڈ میں موجود رہتی ہے۔ اطلاعات کے بہاؤ کے لئے ''قلندر شعور'' کے حاملین تجلی کے بہاؤ کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں۔

کائنات کی بنیاد تجلی ہے۔ دنیا کی تخلیق میں پانی کا دو تہائی کردار نظر آتا ہے۔ مثال کے طور پر اینٹوں کا بنانا، لوہے کی شیٹ بنانا، شکم مادر ہو یا زمین ہر جگہ تخلیق میں پانی ہے۔ تجلی بہرحال پانی کی اساس ہے اور شے کو وجود بخشتی ہے۔

محققین کہتے ہیں کہ ہماری دنیا تقریباً 1500 عناصر سے تخلیق ہے۔ تخلیقات خالق کائنات کی صفات ہیں۔ ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ نے ان کی تعداد تقریباً ساڑھے گیارہ ہزار منکشف کی ہے۔ کائنات کے معلوم نامعلوم زون ان ہزاروں اسمائے الٰہیہ کی مختلف مقداریں ہیں۔ ہر تجلی ایک صفت ہے۔

کائنات کی تمام اشیا ایک دوسرے سے منسلک ہیں۔ ان میں ایک طرح کا ربط ہے۔ ہوسکتا ہے خیال آئے کہ جب ساڑھے گیارہ ہزار (ترکیبی عناصر) تجلیات مختلف ہیں تو ربط کہاں ہے—؟

ابدالِ حق تفصیل بیان کرتے ہیں کہ ہر تجلی کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں اس کی اپنی صفت ہے جیسے صفت کریم، رحیم، علیم، قدیر، سمیع، بصیر— جب کہ ہر صفت کے بقیہ حصے میں دو مزید صفات ''قدرت'' اور ''رحمت'' ہر صفت کے ساتھ منسلک ہیں۔

تمام تخلیقات میں تجلیات دور کر رہی ہیں اس لئے ہمیں لاشمار انواع و اقسام نظر آتی ہیں۔ ان میں فرق مقداروں کی وجہ سے ہے مگر ساتھ ہی وہ دیگر تخلیقات سے قدرت اور رحمت کے صفاتی میکانزم کے تحت جڑی ہوئی ہیں۔ اللہ رب العالمین قادر مطلق ہیں۔ اللہ کے محبوب حضور پاکؐ رحمۃ للعالمین ہیں۔ محبوبیت کی یہ ڈور تخلیقات کو اکائی میں پرو کر رکھتی ہے۔

''نہ سورج کے بس میں یہ ہے کہ وہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن پر سبقت لے جاسکتی ہے، سب ایک ایک فلک میں تیر رہے ہیں۔'' (یٰسٓ: ۴۰)

خاتم النبیین حضور پاکؐ کے تربیت یافتہ صحابی امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں دریائے نیل کا واقعہ پیش آیا۔ امیر المومنین نے دریائے نیل سے

مخاطب ہوکر فرمایا،

''اگر تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے چل رہا ہے تو سرکشی سے باز آجا ورنہ عمر کا کوڑا تیرے لئے کافی ہے''۔

اس بیان میں آپ اکائیت کی اہمیت سمجھ سکتے ہیں۔

شے اس لئے ظاہر ہوتی ہے کہ اس کا علم پہلے سے موجود ہے یعنی علمِ شے کو شے پر اولیت ہے۔ شے کا غیب سے مظہر ہونا پھر غائب ہو جانا سب تجلی کے مختلف فیز یا مراتب ہیں جو یکے بعد دیگرے رونما ہوتے ہیں۔

سامنے بلند و بالا عمارت ہے۔ کھڑکیاں، دیوار، زینے، جالیاں، بالکنی، بلب، رنگ اور بیرونی آرائش آپ دیکھتے ہیں مگر سیمنٹ، بلاک، بجری، عمارت کی تعمیر کا علم اور اس سے منسلک دیگر علوم پر توجہ نہیں ہے۔ وجہ یہ ہے کہ بندے میں وہ طرز فکر بیدار نہیں ہوئی جو گہرائی میں تجزیہ یا مشاہدہ کرے۔ مشاہدے سے مراد تمام حواس کا استعمال ہے۔

یاد رہے کہ حواس پانچ تک محدود نہیں۔

گہرائی میں دیکھنے کی طرز فکر کا حصول آسان ہے۔ سوچ جس شے میں دلچسپی رکھتی ہے، اس کی شباہت و شکل سے مزاج میں کیفیات پیدا ہوتی ہیں جیسے برف کے تصور سے ٹھنڈ کا احساس ہوتا ہے۔ احساس جتنا گہرا ہوتا ہے، اسی مناسبت سے حواس بیدار ہوتے ہیں۔ آدمی کے اندر زندگی کے آثار کسی ایجنسی کے تحت ہیں۔ ایجنسی جب تک ساتھ دیتی ہے، آدمی سنتا، بولتا، کھاتا اور پیتا ہے۔ ایجنسی ساتھ چھوڑ دے تو حواس کے آثار نظر سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔

طبی ماہرین بتاتے ہیں آدمی میں زندگی قائم رکھنے کے لئے لازم عضو دل، گردے، پھیپھڑے، جگر، معدہ اور دماغ ہیں۔ علمائے باطن بتاتے ہیں کہ وہ ایجنسی جس پر آدمی کی زندگی قائم ہے اس میں چھ عضو ہیں جن کو لطائف کہا جاتا ہے۔

دلچسپی سے کیفیات موجزن ہوتی ہیں۔ کیفیات کے اثرات سے لطائف میں روشنی کم یا زیادہ ہوتی ہے۔ جیسے ہم چراغ کی روشنی کم زیادہ کرتے ہیں۔ روشنی کی لو لطافت و کثافت دونوں جانب پھیل سکتی ہے۔ لو کا رخ لطافت کی جانب موڑا جائے تو لطافت میں پھیلنے اور سکڑنے کی رفتار کا تعین ممکن نہیں۔ اس کے برعکس لو کا رخ کثافت یا مادی دلچسپی کی جانب موڑا جائے تو لطافت میں پھیلنے اور سکڑنے کی رفتار کا تعین ممکن ہے۔

فکر یا طبیعت کے رجحان کو علمائے باطن نے نسبت کہا ہے۔ باطنی علوم کے ماہرین سے نسبت کا رجحان آدمی کو حقیقت سے روشناس کراتا ہے۔ اس کے برعکس بندہ فکشن کی محدودیت میں گرفتار ہو جاتا ہے۔

قارئین سمجھ سکتے ہیں کہ سکون آشنا زندگی کے لئے نسبت کی کیا اہمیت ہے۔

غیب ظاہر کے ضمن میں اب تک جو بیان کیا گیا اسے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ شے کا وجود علمِ شے سے ہے۔ علم کہاں سے آتا ہے — یہ اطلاعات کا output ہے۔ اطلاع لمحہ لمحہ کیسے غیب سے حاضر ہو رہی ہے؟ ابدالِ حق فرماتے ہیں کہ نور میں ہر طرح کی اطلاعات ہیں مثلاً کھانا، پینا، سونا، جاگنا، سانس لینا وغیرہ۔ اطلاعات کے تنزل کی ایکویشن یوں بنائی جاسکتی ہے۔

اسمائے الٰہیہ — تجلیات — نور — روشنی — مظہر

ہر نوع کی تخلیق اور فعالیت میں مختلف اسما متحرک ہیں اور یہ سب علم ہیں۔ ہر نوع میں ''والذی قدر فھدیٰ'' کے مصداق مقداروں کا مخصوص تناسب ہے۔ ہم واضح کر چکے ہیں کہ ہر نوع ایک دوسرے کو اس لئے پہچانتی ہے کہ اس کی ترکیب میں جو اسم کی تجلی فعال ہے وہ اگرچہ مخصوص ہے مگر اس میں صفت قدرت اور صفت رحمت کا اشتراک ہے۔

قل ھواللہ احد کی تفسیر کی جائے تو احدیت کی معنویت روشن ہوتی ہے۔ آدم کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے بحیثیت نائب علم عطا کیا گیا ہے۔ آدم صفات باری تعالیٰ سے واقف ہو جائے تو وہ کائناتی انواع کے آثارِ زندگی، ان کے رجحانات اور حرکت و عمل سے واقف ہو جائے گا۔

بارہا یہ ذکر ہو چکا ہے کہ علم کو اولیت ہے جو کسی نہ کسی

حامل علم لدنّی قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں،

اب ذکرِ زمین و آسماں کیونکر ہو
یہ عمر ہے کیا اس کا بیاں کیونکر ہو
جس لمحہ کے آسماں زمیں ٹکڑے ہوں
وہ لمحۂ پیچیدہ عیاں کیونکر ہو

طرح درجہ بدرجہ مراحل سے گزر کر فرد کی زندگی بنتا ہے اور زندگی ریکارڈ ہے۔ اطلاعات بصورت تجلی تنزل کرتی ہیں، ان میں فرد سے متعلق علم، احساس اور فعالیت موجود ہوتی ہے اور آدمی کو زندہ رکھنے والی ایجنسی میں مسلسل داخل ہوتی ہیں۔ ابدالِ حق نے اس ایجنسی کو نسمہ کا نام دیا ہے۔

نسمہ وہ روشنی ہے جس سے مادی جسم تخلیق ہوتا ہے۔ لمحے کی اطلاعات کا تجزیہ کریں تو غیب سے تجلی کے ذریعے اطلاعات نشر ہوتی ہیں اور مخلوق میں تقسیم ہوتی ہیں۔ ان کا تقسیم ہو کر ظاہر ہونا — حاضر کی دنیا ہے، جسے عالم شہادت کہتے ہیں۔ ابتدا سے انتہا اور باطن سے ظاہر تک ہر شے اللہ کی صفات کے تابع ہے۔

''وہی اول ہے اور آخر ہے اور ظاہر ہے اور باطن ہے۔'' (الحدید: ۳)

آدمی ظاہر دیکھتا ہے مگر باطن نہیں دیکھتا۔

جو کچھ ہم دیکھتے ہیں وہ تو دیکھتے ہیں لیکن یہ نہیں دیکھتے کہ کس سے دیکھ رہے ہیں!

عبدالوحید نظامی

چاند، سورج اور ستارے

سائنس جس ٹائم اور اسپیس میں داخل ہونے کی کوشش کر رہی ہے، اللہ کے مقرب بارگاہ بندے اس اسپیس میں دن رات رہتے ہیں۔

کوئی مخلوق ایسی نہیں جو خواب نہ دیکھتی ہو۔ خواب میں مستقبل سے متعلق اشارے ہوتے ہیں۔ قرآن کریم میں چھ خوابوں کا تذکرہ ہے جن کا تعلق مستقبل سے ہے۔ ان میں تین خواب انبیائے کرام کے ہیں، ایک بادشاہ، ایک بادشاہ کا ساقی اور ایک خواب شاہی باورچی کا ہے۔ ثابت ہوتا ہے کہ خواب دیکھنے کے لئے عہدے کی تخصیص نہیں۔ قدرت کی طرف سے ہر فرد کو راہ نمائی ملتی ہے۔

۱۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب

''فی الواقع اللہ نے اپنے رسولؐ کو سچا خواب دکھایا تھا جو ٹھیک ٹھیک حق کے مطابق تھا۔ انشاء اللہ تم ضرور مسجد الحرام میں پورے امن کے ساتھ داخل ہو گے، اپنے سر منڈواؤ گے اور بال ترشواؤ گے، اور تمہیں کوئی خوف نہ ہوگا۔ اللہ اس بات کو جانتا تھا جسے تم نہ جانتے تھے اس لئے وہ خواب پورا ہونے سے پہلے اس نے یہ قریبی فتح تم کو عطا فرما دی۔'' (الفتح: ۲۷)

نبی کریمؐ نے خواب دیکھا کہ وہ صحابہ کرام کے ساتھ مکہ میں عمرہ کر رہے ہیں۔ جس وقت خواب دیکھا اس وقت آپؐ مدینہ میں تشریف فرما تھے۔ مکہ میں کفار کی دشمنی عروج پر تھی۔ انہیں عمرہ کے لئے مکہ جانا تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے خواب میں آنے والے واقعے کی نشان دہی فرما دی۔ خواب کے دو سال بعد مکہ فتح ہوا۔ نبی کریمؐ ہزاروں افراد پر مشتمل لشکر کے ساتھ مکہ میں داخل ہوئے، سب کو امان دی اور عمرہ ادا کیا۔ اللہ نے اپنے محبوب رسولؐ کا خواب سچا کر دکھایا۔ حضور پاکؐ کے خواب میں دو سال کے مستقبل کی نشان دہی ہے۔

۲۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خواب:

''آخر کو جب ان دونوں نے سر تسلیم خم کر دیا اور ابراہیمؑ نے بیٹے کو ماتھے کے بل گرا دیا۔ اور ہم نے ندا دی کہ اے ابراہیمؑ! تو نے خواب سچ کر دکھایا۔ ہم نیکی کرنے والوں کو ایسی ہی جزا دیتے ہیں۔''

(الصّٰفّٰت: ۱۰۳-۱۰۵)

حضرت ابراہیمؑ کو خواب میں اپنے پیارے بیٹے

حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کی ہدایت دی گئی۔خواب کا تذکرہ بیٹے حضرت اسماعیلؑ سے کیا تو دونوں نے تسلیم و رضا کا مظاہرہ کیا۔ جب قربانی کا وقت آیا تو غیب سے قربانی کے لئے جانور حاضر ہوا۔اس طرح حضرت ابراہیمؑ کا خواب پورا ہوا۔

۳۔ حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب:

''یہ اس وقت کا ذکر ہے جب یوسفؑ نے اپنے باپ سے کہا، ابا جان میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گیارہ ستارے ہیں اور سورج اور چاند ہیں اور وہ مجھے سجدہ کررہے ہیں۔'' (یوسف:۴)

حضرت یوسفؑ — حضرت یعقوبؑ کے لاڈلے بیٹے تھے۔ایک روز والد سے عرض کیا کہ ابا جان! میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ مجھے سورج، چاند اور گیارہ (11) ستارے سجدہ کررہے ہیں۔حضرت یعقوبؑ نے تعبیر بتائی کہ مستقبل میں اللہ تعالیٰ تمہیں بزرگی اور بلند مرتبہ عطا فرمائیں گے لیکن خواب کا تذکرہ کسی سے نہیں کرنا۔تقریباً 40 سال کے بعد تعبیر پوری ہوئی۔حضرت یوسفؑ کو پیغمبر ہونے کے ساتھ مصر کی بادشاہت بھی ملی۔

۴۔ بادشاہ ملک الریان کا خواب:

''ایک روز بادشاہ نے کہا، میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ سات موٹی گائیں ہیں جن کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور اناج کی سات ہری بالیں ہیں اور دوسری سات سوکھی۔اے اہل دربار! مجھے اس خواب کی تعبیر بتاؤ اگر تم خوابوں کا مطلب سمجھتے ہو۔''

(یوسف: ۴۳)

خواب کی تعبیر حضرت یوسفؑ نے یہ بتائی کہ سات سال میں ملک میں غلّے کی فراوانی ہوگی اور سات سال قحط رہے گا۔بادشاہ ملک الریان کے خواب میں 14 سال کی اسپیس سامنے آتی ہے۔

۴۔ ساقی + باورچی کا خواب:

''اس کے ساتھ دو اور جوان بھی قید خانے میں داخل ہوئے۔ایک روز ان میں سے ایک نے کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں شراب کشید کررہا ہوں، اور دوسرے نے کہا، میں نے دیکھا کہ میرے سر پر روٹیاں رکھی ہیں اور پرندے ان کو کھا رہے ہیں۔ دونوں نے کہا ہمیں اس کی تعبیر بتایئے، ہم دیکھتے ہیں کہ آپ نیک آدمی ہیں۔'' (یوسف: ۳۶)

اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ کو خواب کی تعبیر کا علم عطا کیا تھا۔جب حضرت یوسفؑ قید ہوئے تو ان کے ساتھ قید خانے میں دو قیدی اور تھے جن کا تعلق شاہی دربار سے تھا۔ایک ساقی اور دوسرا باورچی تھا۔

حضرت یوسفؑ نے تعبیر بتائی کہ انگور نچوڑنے والا واپس عہدے پر فائز ہوجائے گا اور سر کے اوپر روٹی جسے پرندے کھا رہے ہیں، یہ خواب دیکھنے والے کو پھانسی ہوگی۔دونوں کے مقدمات چلے۔سال گزرنے کے بعد ایک بری ہوکر عہدے پر بحال ہوا اور دوسرے

قیدی کو پھانسی دے دی گئی ۔یعنی ان کے خوابوں میں ایک سال کی اسپیس کا احاطہ ہے۔

سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے،

''خواب علم نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔''

الہامی کتابیں، احادیث اور اولیاء اللہ کے فرمودات وضاحت کرتے ہیں کہ خواب کا انسان کی زندگی سے گہرا تعلق ہے۔ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ کتاب ''لوح وقلم'' میں تحریر فرماتے ہیں،

''جس کو ہم خواب دیکھنا کہتے ہیں، ہمیں روح اور روح کی صلاحیتوں کا سراغ دیتا ہے۔ وہ اس طرح کہ ہم سوئے ہوئے ہیں، تمام اعضا بالکل معطل ہیں۔صرف سانس کی آمد و شد جاری ہے لیکن خواب دیکھنے کی حالت میں ہم چل پھر رہے ہیں، باتیں کر رہے ہیں، سوچ رہے ہیں، غم زدہ اور خوش ہو رہے ہیں کوئی کام ایسا نہیں ہے جو کہ ہم بیداری کی حالت میں کرتے ہیں اور خواب کی حالت میں نہیں کرتے۔

اب ہم ان صلاحیتوں کا تذکرہ کر دینا ضروری سمجھتے ہیں جو خواب یعنی رویا کے نام سے روشناس ہیں۔ چناں چہ عالم خواب میں انسان کھاتا پیتا اور چلتا پھرتا ہے۔اس کے معنی یہ ہوئے کہ روح گوشت پوست کے جسم کے بغیر بھی حرکت کرتی اور چلتی پھرتی ہے۔روح کی یہ صلاحیت جو صرف رویا میں کام کرتی ہے ہم کسی خاص طریقے سے اس کا سراغ لگا سکتے ہیں اور اس صلاحیت کو بیداری میں استعمال کر سکتے ہیں۔انبیا علیہم السلام کا علم یہیں سے شروع ہوتا ہے اور یہی وہ علم ہے جس کے ذریعے انبیائے کرام نے اپنے شاگردوں کو یہ بتایا ہے کہ پہلے انسان کہاں تھا اور اس عالم ناسوت کی زندگی پوری کرنے کے بعد کہاں چلا جاتا ہے۔''

خواب غیب کی دنیا کا علم ہے۔ ہر فرد اس دنیا میں داخل ہوتا ہے اس لئے روحانی صلاحیت سے واقفیت کی صلاحیت سب کو عطا کی گئی ہے۔

زندگی میں ایسے خواب ضرور آتے ہیں جس سے فرد پر پاکیزگی لازم ہو جاتی ہے۔اسی طرح جو خواب آج دیکھا من وعن وہ کچھ وقت کے بعد پورا ہو جاتا ہے۔ یہ متوجہ کرتا ہے کہ مادی جسم خواب میں متحرک جسم سے منسلک رہتا ہے اور اس کی تحریکات سے متاثر ہوتا ہے۔لہٰذا خواب کے علم اور راہ نمائی سے زندگی صراط مستقیم پر قائم ہو جاتی ہے۔

محترم عظیمی صاحب فرماتے ہیں،

''انسان خواب اور بیداری کے حواس کا مجموعہ ہے۔ اگر انسان کے اندر خواب کے حواس نہ ہوتے تو انسان کبھی بھی مستقبل میں قدم نہیں رکھ سکتا تھا۔ جنت جہاں ماضی ہے وہاں مستقبل بھی ہے جو انسان کا اصل مقام اور وطن ہے۔اگر بیداری کے حواس کو خواب کے حواس پر غلبہ حاصل ہو جاتا تو انسان غیب کی دنیا میں اپنے لئے کوئی مقام منتخب نہیں کر سکتا تھا۔''

کہتے ہیں کہ سویا اور مویا برابر ہے۔حواس کا بیداری

سے خواب کے عالم میں منتقل ہونا جسم پر عارضی موت یا نیند ہے۔ دونوں عالمین میں حواس مشترک ہیں۔ حواس کی طرف توجہ کی جائے تو سوائے برقی رو یا کرنٹ کے کوئی چیز سامنے نہیں آتی۔ برقی رو کا تعلق لاشعوری دنیا سے ہے اور یہ لہروں کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔

شہنشاہ ہفت اقلیم حضرت بابا تاج الدین ناگپوریؒ نے ان کو ''انا کی لہریں'' کہا ہے۔

انا کی لہریں کائنات میں ہر طرف پھیلی ہوئی ہیں۔ یہ ٹائم اور اسپیس میں رہ کر ٹائم اور اسپیس سے آزاد ہیں۔ ہر مخلوق کی تخلیق ان لہروں سے ہوتی ہے اور مخلوقات میں رابطے کا ذریعہ بھی انا کی لہریں ہیں۔ انسان اپنے اندر کام کرنے والی لہروں سے واقفیت حاصل کرلے تو غیب — ظاہر ہوجاتا ہے۔

میڈیکل سائنس باطنی دنیا سے واقف ہونا چاہتی ہے جب کہ باطنی علوم کے ماہرین خواب کی دنیا کے حواس سے واقف ہیں، ان کے معمولات اور اقوال میں ٹائم اور اسپیس کے فارمولے ہیں۔ سائنس جس ٹائم اور اسپیس میں داخل ہونے کی کوشش کررہی ہے، اللہ کے مقرب بارگاہ بندے اس اسپیس میں دن رات رہتے ہیں۔

مخلوقات میں کروموسومز کے مخصوص جوڑے ہیں۔ کروموسومز ظاہر میں رنگ ہیں اور رنگوں کا باطن روشنی ہے۔ ہر فرد کے ڈی این اے (DNA) میں کروموسومز کا ریکارڈ ہے۔ یہ ریکارڈ بیداری کی اسپیس سے ماورا ہے۔ DNA کے اندر موجود ریکارڈ خواب اور اس سے ماورا اسپیس ہے۔ سائنس کی ترقی میں جو عمل کار فرما ہے وہ ٹائم اور اسپیس پر گرفت اور رفتار سے واقف ہونے کی کوشش ہے۔ فرد شب بیداری کی عادت اختیار کرے اور اس وقت کو اللہ سے واقف ہونے کے لئے وقف کرے تو خواب کی زندگی بیداری کی طرح سامنے آجاتی ہے۔ ابدالِ حق کا فرمان ہے،

''جس کو ہم خواب دیکھنا کہتے ہیں ہمیں روح اور روح کی صلاحیتوں کا سراغ دیتا ہے۔''

علم ظاہری ہو یا باطنی — لاشعور سے شعور میں منتقل ہوتا ہے۔ محقق Elias Howe سلائی کے لئے مشین بنانے کی کوشش میں تھا۔ 1845ء کی ایک صبح خواب میں دیکھا کہ وہ کسی جنگلی قبیلے کی قید میں ہے۔ قبیلے کے سردار کا حکم ہے کہ چوبیس گھنٹے کے اندر سلائی مشین بنادو ورنہ قتل کردیئے جاؤ گے۔ کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی۔ آخر سردار نے نیزہ بردار محافظوں کو اسے ہلاک کرنے کا حکم دیا۔ جوں ہی محافظ قریب آئے، ہووے نے دیکھا کہ ان کے نیزوں میں نوک کے ساتھ سوراخ ہیں۔ نیند سے بیدار ہوا تو سمجھ میں آگیا کہ مشین کے لئے عام سوئی کے برخلاف ایسی سوئی درکار ہے جس میں نوک کے پاس سوراخ ہو۔ اس طرح سلائی مشین ایجاد ہوئی۔

سید نوشاد کاظمی

ہیڈ ماسٹر صاحب ــــ؟

یا الٰہی! میں خطا کار ہوں تب بھی تیرا ہوں۔ ریا کار ہوں تب بھی تو ہی جائے پناہ ہے۔ اگر کچھ بھلائی کا کام تیری توفیق سے ہوا ہے تب بھی میں تیرے سامنے تہی دست ہوں۔ میرے اندر پارسائی کی رمق نہیں ہے۔ میں خالی دامن ہوں۔ اس دامن کو اپنی یاد سے بھر دے۔

بس اسٹاپ پر پہنچا تو رات کے آٹھ بج کر پندرہ منٹ تھے۔ اسٹاپ مرکزی سڑک سے تقریباً 20 کلو میٹر کے فاصلے پر تھا۔ میں نے جلدی جلدی چائے پی۔ اس وقت چائے پینا مجبوری تھی کیوں کہ سر بھاری ہو رہا تھا۔ پھر دوران سفر نیند کے سبب طاری ہونے والی سستی دور کرنے کی خاطر چائے پی تھی۔

مرکزی سڑک پر واقع ہوٹلوں میں چائے اچھی ملتی تھی۔ پھر ایک ٹیکسی والے سے بات کی کہ وہ مجھے اس بس اسٹیشن پر چھوڑ آئے جہاں سے گاڑی میرے گاؤں جاتی ہے۔ اس نے زیادہ نرخ بتائے۔

اللہ کی رحمت دیکھئے کہ اس اثنا میں رکشے والا رکا اور پوچھا، بابو جی! کدھر جانا ہے؟ بس اسٹیشن کا نام بتایا تو وہ بولا، بابو جی! سو کا نوٹ ہوگا؟ کرایہ مناسب تھا، میں جلدی سے رکشے میں بیٹھا اور تاکید کی کہ اسٹاپ پر نو بجے تک پہنچا دو ورنہ گاؤں کی بس نکل جائے گی۔

وہ بولا، مشکل ہے بابو جی۔ سڑک پر کام ہو رہا ہے، جگہ جگہ سے سڑک اکھاڑی گئی ہے۔ نو بجے تک پہنچنا بہت مشکل ہے۔ میرے چہرے پر مایوسی دیکھ کر وہ فوراً بولا، پریشان نہ ہوں، میں کوشش کرتا ہوں۔

میں سڑک کی مرمت و بحالی سے بے خبر تھا۔ ایک سال بعد گھر جا رہا تھا۔ رکشے والے سے پوچھا، سڑک کی مرمت کب شروع ہوئی؟

بابو جی! پانچ چھ ماہ ہو چکے ہیں۔ مرمت کے لئے ساری سڑک اکھاڑ دی گئی ہے۔ دو تین ماہ یوں ہی پڑی رہی۔ اب کام شروع ہوا ہے مگر سست روی سے۔ گاؤں والوں کو سخت مشکلات درپیش ہیں۔ اکثر مریض اسپتال پہنچنے سے پہلے راستے میں دم توڑ دیتے ہیں۔

''اوہ! میں چونکا پھر کہا، خیر کام تو ہو رہا ہے۔ سڑک ٹھیک ہو جائے گی۔ ان کاموں میں وقت لگتا ہے۔

رکشے والے نے تبصرہ نہیں کیا اور انہماک و احتیاط کے ساتھ اونچے نیچے گڑھوں پر سے رکشہ گزارتا رہا۔

رکشے کی رفتار سست تھی۔ ہچکولے کھاتے ہوئے گزر رہا تھا۔ میں نے سوچا کہ اسی لئے ٹیکسی والے نے زیادہ کرایہ بتایا تھا۔ اماں جی کی فکر کھا رہی تھی ۔ وہ بیمار تھیں۔ انہیں صبح راولپنڈی کے اسپتال لے جانا تھا۔ اس سڑک سے لے جانا مشکل اور ان کے لئے تکلیف دہ ہوگا۔ کوشش تھی کہ نو بجے تک گاؤں کے لئے جانے والی گاڑی کے بس اسٹیشن پر پہنچ جاؤں۔

جاڑے کا موسم تھا۔ آٹھ نو بجے آدھی رات کا گمان ہوتا تھا۔ رکشے کی ماند ہوتی ہوئی ہیڈ لائٹ سے سڑک پر جابجا گڑھے اور پتھر نظر آئے۔

مجھے خاموش دیکھ کر رکشہ ڈرائیور بولا، بابو جی مجبوری ہے، گڑھوں پر تیز نہیں چلا سکتے۔ گاڑی کو نقصان ہوگا۔ رات کو گھر جانا ہوتا ہے اسی لئے یہاں سے گزرتا ہوں۔ ورنہ باہر کی گاڑیاں ادھر نہیں آتیں، اگر آ جائیں تو زیادہ کرایہ لیتی ہیں۔

پوچھا، کہاں رہتے ہو؟

بابو جی !'' سنگڑی میرا ڈھوک'' ہے نا، وہاں رہتا ہوں۔ بال بچوں کا ساتھ ہے ۔ رزق اللہ دیتا ہے مگر جسمانی اعضا کا وظیفہ ضروری ہے اس لئے محنت مزدوری کرتا ہوں۔ اللہ کا شکر ہے گزارہ ہو جاتا ہے۔

''سنگڑی میرا'' وہی اسٹیشن تھا جہاں سے میرے گاؤں کے لئے بسیں جاتی تھیں۔ قسمت اچھی تھی کہ اسی اسٹاپ کار کشے والا مل گیا۔ اسے گھر پہنچنے کی جلدی تھی اور اپنے اسٹاپ کی سواری بھی مل گئی تھی۔ حسن اتفاق میں دونوں کا بھلا تھا۔

رکشہ انتہائی سست روی سے رینگتا ہوا آگے بڑھ رہا تھا۔ رفتار دیکھ کر نو بجے بس اسٹیشن پہنچنے کی امید اب ختم ہوگئی۔ چند منٹ باقی تھے۔ اللہ اللہ کر کے اسٹیشن پہنچا۔

اب بس پکڑنے سے تو رہا مگر رکشے کے ہچکولوں نے بھوک بڑھا دی تھی۔ بازار نو بجے سے قبل بند ہو جاتا تھا۔ بازار میں سناٹا تھا۔ مجھے اتار کر ڈرائیور آگے بڑھ گیا۔ ہیڈ لائٹ کی روشنی میں آوارہ کتے ادھر ادھر پھرتے نظر آئے۔ آواز سن کر بھونکنا شروع کر دیا۔ وہ سوچتے ہوں گے کہ ان کے تخلیے میں کون کہاں سے آ گیا۔

رکشہ اندھیرے میں ڈوبے بازار کے آخری سرے پر پہنچ کر رک گیا۔ گاڑی روک کر ڈرائیور چھپر ہوٹل کی طرف بڑھا، ہوٹل کے باہر بلب روشن تھا۔ روشنی کی وجہ سے عقبی دیوار دور سے مجھے نظر آ رہی تھی کیوں کہ گھپ اندھیرے میں بلب کی روشنی نے ہوٹل کو روشن کر دیا تھا۔ یک گونہ اطمینان ہوا کہ ہوٹل کھلا ہے کچھ نہ کچھ کھانے کو مل جائے گا۔ میں پیدل چلتے ہوئے وہاں تک پہنچا، رکشے والا جا چکا تھا۔

چارپائی پر بیٹھے شخص کے حلیے بشرے سے مجھے لگا کہ یہ مالک ہے۔ اس کے علاوہ یہاں کوئی نہیں تھا۔ آگے بڑھ کر سلام کیا اور پوچھا، کھانے کو مل سکتا ہے؟

وہ سلام کا جواب دے کر بولا، بابو جی! صرف مسور کی

دال ہے۔ چپاتیوں کے ساتھ دے سکتا ہوں۔

اچھا پھر جلدی کرو۔ کہہ کر میں احاطے میں بچھی بان کی چارپائیوں میں سے ایک پر بیٹھ گیا۔ بیمار ماں کی پریشانی ذہن پر سوار تھی۔ گاؤں یہاں سے 80 کلومیٹر دور تھا۔ رات میں سفر پیدل طے نہیں کر سکتا تھا۔

بے چینی سے ہوٹل والے سے پوچھا، بھائی! جبال پور جانے کے لئے اس وقت گاڑی مل سکتی ہے؟

جبال پور میرا گاؤں تھا۔ ہوٹل والا بولا نہیں صاحب! آخری گاڑی ٹھیک نو بجے نکل جاتی ہے۔ اس کے بعد جبال پور کے لئے کوئی گاڑی نہیں جاتی۔ کسی ٹیکسی، موٹر سائیکل والے کی لفٹ مل جائے تو آپ جا سکتے ہیں۔

میں ''ہوں'' کہہ کر خاموش ہو گیا اور سوچا کہ کچھ وقت موٹر سائیکل سوار یا ٹیکسی کا انتظار کروں گا ورنہ یہیں سو جاؤں گا۔ یہ بھی تو یہاں سوتا ہوگا۔ کھانا کھانے کے پندرہ بیس منٹ بعد تک چارپائی پر بیٹھا رہا کہ شاید کوئی گاڑی آ جائے۔ ایک ٹریکٹر والا آیا۔ پوچھنے پر بتایا کہ وہ پانچ کلومیٹر آگے اپنے گھر جا رہا ہے۔

سوا دس بجے کے بعد ہوٹل کے مالک نے سامان سمیٹنا شروع کیا۔ ہولناک سناٹے میں صرف آوارہ کتّوں کے بھونکنے کی آوازیں تھیں۔ جب چارپائیاں اٹھا کر دیوار کے ساتھ کھڑی کیں تو میرا ماتھا ٹھنکا۔ یہ تو ہوٹل بند کر رہا ہے۔ حیرت اور پریشانی سے پوچھا، کیا آپ رات کو یہاں نہیں سوتے؟

نہیں صاحب! گھر قریب ہے۔ گھر جاتا ہوں۔ آپ جاتے ہوئے چارپائی دیوار کے ساتھ الٹے رخ پر کھڑی کر دینا، آوارہ کتّے ان پر سو جاتے ہیں۔

اس کی بے رخی سے میری پریشانی مزید بڑھ گئی۔

پریشان تھا کہ ویران جگہ پر کیسے رہوں گا۔ آنکھ بند ہو گئی تو کتّے مجھے بھنبھوڑ دیں گے۔ گھر پہنچنا ضروری تھا۔ اگر صبح گھر پہنچا تو اماں کو راولپنڈی لے جانے میں تاخیر ہو جائے گی۔

چارپائی سے اٹھتے ہوئے کہا، بھائی! میں بھی جا رہا ہوں۔ پیدل سفر کروں گا، اللہ گھر پہنچنے کا کوئی سبب بنا دے گا۔ آپ چارپائی کھڑی کر دیں۔

جی اچھا صاحب۔ اس نے چارپائی اٹھا لی اور میں اللہ کا نام لے کر جاڑے کی سرد رات میں گاؤں جانے والی سڑک پر پیدل چل پڑا۔

اچھی خاصی سردی تھی۔ پیدل چلنے سے سردی کا احساس جاتا رہا البتہ ہاتھ اور منہ یخ ہو گئے تھے۔ مفلر لپیٹ لیا۔ تقریباً گھنٹا بھر چلنے کے بعد تھکاوٹ ہوئی۔ زیادہ سے زیادہ پانچ کلومیٹر فاصلہ طے کیا تھا۔ ساڑھے گیارہ بج گئے تھے۔ سوچا کہ مزید چلنا حماقت ہے۔ رات بھر چلنے کے باوجود 80 کلومیٹر کا سفر طے نہیں ہوگا۔ مجبوری اور بے بسی پر دکھ ہوا۔ کاش ہوٹل کا مالک مجھے سونے کی جگہ دے دیتا یا رہنے کا بندوبست کر دیتا!

یا اللہ! ویرانے میں رات کے اس پہر کیا کروں؟

دور دور تک لوگ نہیں۔ آوارہ کتّے بھونکتے تو دل پر

یاسیت چھا جاتی۔ یہیں بیٹھ کر بھولی بسری گاڑی کا انتظار کرنا مناسب سمجھا۔

بیٹھنے کے لئے سڑک کے کنارے پتھر سے بنے جنگلے کو لائٹر کی روشنی میں دیکھا کہ کہیں موذی حشرات نہ ہوں۔ پھر بیگ سے چادر نکال کر بچھائی اور آلتی پالتی مار کر ''یا حی یا قیوم'' کا ورد ردھم میں شروع کیا۔ ذہنی یکسوئی ہوئی اور بڑھتی گئی۔ دعا کی کہ

''یا الٰہی ! میں خطا کار ہوں تب بھی تیرا ہوں۔ ریا کار ہوں تب بھی تو ہی جائے پناہ ہے۔ اگر کچھ بھلائی کا کام تیری توفیق سے ہوا ہے تب بھی میں تیرے سامنے تہی دست ہوں۔ میرے اندر پارسائی کی رمق نہیں ہے۔ میں خالی دامن ہوں۔ اس دامن کو اپنی یاد سے بھر دے۔ یہ ٹوٹا پھوٹا، بے نوا آدمی تیرے علاوہ جائے کہاں؟ اس کے لئے تو کوئی جائے استقرار نہیں ہے۔ تو میری مشکل جانتا ہے اور دور کرنے پر قادر ہے۔ تیرے علاوہ میرا کوئی نہیں ہے۔ میری مدد فرما اور اپنی حفظ وامان میں رکھ۔''

نہیں معلوم کتنی دیر یا حی یا قیوم کا ورد جاری رہا۔ خیال آیا کہ اللہ کے ایک دوست کے سلسلے کا غلام ہوں۔ اللہ ان کے طفیل میری مشکل دور فرما دے گا۔

یا حیی یا قیوم کے ورد سے طبیعت میں سکون پیدا ہوا۔ ورد ختم کرنے کا دل نہیں چاہا۔ گھڑی دیکھی تو ایک بجا تھا۔ دو گھنٹے ایک نشست میں بیٹھنے سے ٹانگیں شل ہوگئی تھیں۔ چند قدم ٹہلا پھر دور سے کسی بائیک یا رکشے کی ہیڈ لائٹ نظر آئی اور آہستہ آہستہ آواز قریب آتی گئی۔

موٹر سائیکل سوار قریب پہنچ کر رکا۔ میں نے دیکھا وہ ہمارے گاؤں کے ہائی اسکول کے ہیڈ ماسٹر تھے۔ میں میٹرک میں ان سے پڑھ چکا تھا۔

موٹر سائیکل کھڑی کر کے مجھ سے بغل گیر ہوئے۔ حال احوال پوچھا اور حیرت کا اظہار کیا کہ رات کے ایک بجے ویرانے میں کیا کر رہے ہو؟

ماجرا سنایا کہ ایک سال بعد چھٹی پر گھر آیا ہوں۔ اسٹیشن پر پہنچنے میں تاخیر ہوگئی اور آخری بس نکل گئی۔ پیدل چل دیا کہ اللہ کوئی سبب پیدا کر دے گا۔ یہاں پہنچ کر گاڑی کا انتظار کرنے لگا۔

انہوں نے کہا، میری سواری حاضر ہے۔ میں نے اس مدد پر اللہ کا شکر ادا کیا اور موٹر سائیکل پر ان کے ساتھ گاؤں آیا۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے استفسار پر بتایا کہ ان کی رہائش اسکول میں ہے۔ وہ شہر گئے ہوئے تھے اور اب واپس آ رہے ہیں۔

ہائی اسکول میرے گھر سے قریب تھا۔

فاصلہ حیران کن طور پر جلدی گزر گیا، وقت کا پتہ نہیں چلا اور میں گھر کے دروازے پر تھا۔

اصرار کیا کہ وہ گھر میں آئیں اور رات قیام کریں۔

ہیڈ ماسٹر صاحب نہیں مانے اور کہا، بیٹا! رات آدھی سے زیادہ گزر چکی ہے، آپ گھر جائیں۔ میں اسکول میں ہوں۔ پھر ملاقات ہوگی۔ کل پرسوں آ جانا۔

صبح اماں جی کو اسپتال لے گیا۔ ان کی بیماری کی وجہ

سے راولپنڈی میں چند دن ٹھہرنا پڑا۔ہم پانچویں دن شام کو گھر پہنچے ۔ اگلی صبح ہیڈ ماسٹر صاحب سے ملنے اور شکریہ ادا کرنے اسکول آیا۔

اسکول پہنچے پر معلوم ہوا کہ ہیڈ ماسٹر صاحب کا تو چھ ماہ قبل تبادلہ ہوگیا ہے،ان کی جگہ یہاں کوئی اور ہے۔

یعنی جن صاحب (ہیڈ ماسٹر صاحب) نے میری مدد کی تھی،وہ چھ ماہ پہلے یہاں سے جا چکے تھے۔

مجھ پر حیرت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔

ہیڈ ماسٹر صاحب کے روپ میں مجھے موٹر سائیکل پر لانے والا کون تھا ــــ؟

غیبی مددگار یا کوئی فرشتہ ــــ؟

میں نے چپ سادھ لی اور اسکول میں اساتذہ سے مل کر اپنے گھر چلا آیا۔

قارئین! حضرت غوث علی شاہ قلندر پانی پتیؒ نے واقعہ لکھا ہے ــــ لڑائی ہورہی تھی اور حضرت خضرؑ ایک صاحب کے ہمراہ مٹکا لئے زخمیوں کو پانی پلا رہے تھے۔ لباس دھوتی اور قمیص تھا۔کسی نے پوچھا،آپ نے یہ لباس کیوں پہنا ہوا ہے؟یقیناً اس میں کوئی حکمت ہے۔

حضرت خضرؑ نے فرمایا،یہ لباس میں نے اس لئے پہنا ہوا ہے کہ یہاں زخمیوں میں ہندو اور مسلمان دونوں ہیں۔اس لباس میں دیکھ کر وہ مجھے اپنا سمجھیں گے اور انہیں میرے پانی پلانے پر اعتراض یا خدشہ نہیں ہوگا۔

مستِ الست

زندے وہی ہیں جو کہ ہیں تم پر مرے ہوئے
باقی جو ہیں سو قبر میں مردے بھرے ہوئے

مستِ الست قلزم ہستی میں آئے ہیں
مثل حباب اپنا پیالہ بھرے ہوئے

اللہ رے صفائے تن نازنین یار
موتی ہیں کوٹ کوٹ کے گویا بھرے ہوئے

دو دن سے پاؤں جو نہیں دبوائے یار نے
بیٹھے ہیں ہاتھ ہاتھ کے اوپر دھرے ہوئے

ان ابروؤں کے حلقہ میں وہ انکھڑیاں نہیں
دو طاق پر ہیں دو گل نرگس دھرے ہوئے

بعد فنا بھی آئے گی مجھ مست کو نہ نیند
بے خشت خم لحد میں سرہانے دھرے ہوئے

نکلیں جو اشک بے اثر آنکھوں سے کیا عجب
پیدا ہوئے ہیں طفل ہزاروں مرے ہوئے

لکھے گئے بیاضوں میں اشعار انتخاب
رائج رہے وہی کہ جو سکے کھرے ہوئے

الٹا صفوں کو تیغ نے ابروئے یار کی
تیر مژہ سے درہم و برہم پرے ہوئے

آتشؔ خدا نے چاہا تو دریائے عشق میں
کودے جواب کی ہم تو ورے سے پرے ہوئے

(کلام: حیدر علی آتشؔ)

محمد عاصم بیگ

محافظ موت

موت سے آپ ڈریں یا نہ ڈریں اگر عمر باقی ہے تو ملک الموت پابند ہے کہ آپ کو دنیا سے نہ لے جائے اور اگر وقت پورا ہو گیا ہے تو ایک سیکنڈ بھی دنیا میں نہیں رہ سکتے۔ اس حقیقت سے دنیا کا ایک فرد انکار نہیں کر سکتا۔

عالم ناسوت میں زندگی کا تذکرہ کیا جائے تو ایک رخ یہ ہے کہ زندگی کی ابتدا ہوتی ہے۔ جس شے کی ابتدا ہو اس کی انتہا بھی ہوتی ہے۔ زندگی کی انتہا کو اس دنیا میں موت کا نام دیا جاتا ہے۔

موت کیا ہے ــــ؟ زندگی کا تسلسل ہے۔

زندگی ہماری ہو یا کسی اور مخلوق کی، دو رخ موت حیات پر قائم ہے اور ان ہی میں ردّ و بدل ہوتی رہتی ہے۔ حرکت مادی وجود کو میڈیم بنائے تو آنکھ شے کو چلتا پھرتا اور تقاضے پورے کرتا دیکھتی ہے، اس رخ کو زندگی سمجھا جاتا ہے اور جب حرکت مادی وجود کے بغیر ہو تو آنکھ شے کو بے حرکت دیکھتی ہے اور اسے موت سمجھتی ہے۔ مفہوم یہ ہے کہ ہم جسم کے حرکت میں رہنے کو زندگی اور جسم کے بے حرکت ہونے کو موت اس لئے کہتے ہیں کہ ہم جسم کو ہی سب کچھ سمجھتے ہیں جب کہ موت و حیات ایک ہیں۔ ایک عالم میں موت دوسرے عالم میں حیات ہے۔

حیات و ممات کا نظریہ ــــ مادی وجود کے زیر اثر ہے۔ تصویر کا غیر جانب دار رخ یہ ہے کہ جسم محض لباس ہے۔ حرکت لباس کے تابع نہیں بلکہ ہر فرد کی شعوری سطح کے لحاظ سے خود کو لباس میں ظاہر کرتی ہے۔

رسول اللہؐ کا ارشاد عالی مقام ہے،

''جب تم قبرستان میں جاؤ تو کہو ــــ السلام علیکم یا اہل القبور۔''

حضور پاکؐ نے یہ بھی فرمایا ہے،

''قبر میں رہنے والے تمہارے سلام کا جواب دیتے ہیں لیکن تم سنتے نہیں۔''

اس دنیا سے دوسری دنیا میں منتقل ہونے والے افراد ناسوتی لباس کی قید سے آزاد ہو جاتے ہیں جب کہ اُس عالم (عالم اعراف) میں بھی لباس کا عمل دخل ہے۔

زمینی لباس کی حقیقت بیان کرتے ہوئے ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں،

معلوم ہے تجھے زندگانی کا راز؟
مٹی سے یہاں بن کے اڑا ہے شہباز
اس کے پر و پرزے تو یہی ذرّے ہیں
البتہ کہ صناع ہے اس کا دم ساز

ہم جس چیز کو زندگی کا نام دیتے ہیں وہ قدرت کی بنائی ہوئی تصویر ہے۔ ان تصاویر کا زمین پر مظاہرہ زندگی ہے۔ زمین صرف عالم ناسوت میں نہیں ہے، جتنے عالمین ہیں، زمین و آسمان سب میں ہیں۔

دوسرا رخ جو زندگی کا تسلسل ہے، وہاں بھی تقاضے ہیں۔ ایک وقت میں ایک رخ ظاہر ہے۔ مادی حواس جس رخ کا ادراک کرتے ہیں، اسے زندگی سمجھتے ہیں۔ اور جب حرکت نظر سے اوجھل ہوتی ہے، اسے موت کہتے ہیں۔ زندگی ظاہر ہو تو اس کا مغلوب رخ موت وہ زندگی ہے جس میں حرکت ناسوتی لباس کے بغیر ہوتی ہے۔ غالب مغلوب کا تعلق حرکت سے نہیں — جسم سے ہے۔ حرکت دونوں کیفیات میں غالب ہے۔

① سنیما میں اسکرین ہے، پروجیکٹر ہے، پروجیکٹر پر فلم لگی ہے مگر پروجیکٹر بند ہے نتیجے میں اسکرین تاریک ہے یا اسکرین پر زندگی مفقود ہے۔ جیسے ہی پروجیکٹر چلتا ہے، اس میں سے روشنی فلم پر ریکارڈ تصویروں کو کھینچ کر لہروں میں منتقل کرتی ہے۔ لہریں لینس میں سے گزر کر اسکرین پر ظاہر ہوتی ہیں — تصویریں چلتی، پھرتی، رقص کرتی، گنگناتی اور باتیں کرتی نظر آتی ہیں جب کہ تصویریں عکس ہیں۔

قرآن کریم میں ارشاد ہے،

''وہ زندہ کو مردے میں سے نکالتا ہے اور مردے کو زندہ سے نکال لاتا ہے۔ اور زمین کو اس کی موت کے بعد زندگی بخشتا ہے۔ اسی طرح تم بھی حالتِ موت سے نکال لئے جاؤ گے۔'' (الروم: ۱۹)

اسکرین کو غور سے دیکھیں اور بتائیں کیا ہوا؟

پہلے اسکرین نظر آ رہی تھی اور تصویریں پردے میں تھیں، اب اسکرین چھپ گئی ہے اور تصویریں نظر آ رہی ہیں۔ جیسے ہی پروجیکٹر رکتا ہے، اسکرین پھر سے تاریک ہو جاتی ہے۔ جو تصویریں سنیما کی اسکرین پر مظاہرہ بن رہی تھیں وہ فلم کے فیتے میں موجود ہیں لیکن ہم نہیں دیکھتے۔ فیتہ بھی اسکرین ہے مگر نظر اس اسکرین سے ناواقف ہے۔

② آسمان سے پانی زمین پر نازل ہوتا ہے اور زمین میں جذب ہو کر پھول، درخت، پھل، گھاس اور ہر طرح کے جان داروں کے ظہور کا ذریعہ بنتا ہے۔ پانی اور زمین کے ملاپ سے جو تخلیقات وجود میں آتی ہیں، ان سے زمین چھپ جاتی ہے اور ہم رنگ برنگ تخلیقات کو دیکھتے ہیں یعنی زندگی جس بساط پر ظاہر ہو رہی ہے وہ چھپ گئی اور رنگ سامنے آ گئے۔

''اور یہ جو بہت سی رنگ برنگ کی چیزیں اس نے تمہارے لئے زمین میں پیدا کی ہیں، ان میں غور و فکر کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔'' (النحل: ۱۳)

زمین پر نظر آنے والی شے کہیں سے آتی (منتقل) ہے اور مظاہرے کے بعد چلی جاتی ہے۔ آنے کے بعد جانا دوسرے مقام پر منتقل ہونا ہے۔ منتقلی کے عمل کو

''انتقال'' کہتے ہیں۔ غور کریں کہ شے کے ایک مرتبہ انتقال کو زندگی جب کہ دوسرے انتقال کو موت کا نام دیا جاتا ہے۔ انتقال زندگی کی بنیاد ہے اور موت بن کر زندگی کو قائم رکھے ہوئے ہے۔ ایک لمحے پر موت نہ آئے تو دوسرا لمحہ زیر بحث نہیں آتا۔

معاشرے میں موت سے متعلق جو تصورات رائج ہیں انہوں نے ایسی فضا قائم کی ہے کہ موت سے ناواقف شخص خوف زدہ رہتا ہے۔ ابدالِ حق اس خوف کے بارے میں فرماتے ہیں،

''آدمی بے وقوف ہے، موت سے ڈرتا ہے جب کہ موت آدمی کی سب سے بڑی محافظ ہے۔''

شاگردِ رشید عظیمی صاحب تشریح کرتے ہیں کہ،

''ملک الموت کی جہاں یہ ڈیوٹی ہے کہ وہ روح قبض کرے — ملک الموت کی یہ بھی ڈیوٹی ہے کہ وقت معینہ سے پہلے کسی بھی آدمی کو اس دنیا سے باہر نہ جانے دے۔ انسان کی سب سے بڑی محافظ اس کی موت ہے اور انسان اپنی سب سے بڑی محافظ سے ہی ڈرتا رہتا ہے۔ موت سے آپ ڈریں یا نہ ڈریں اگر عمر باقی ہے تو ملک الموت بھی آپ کی طرح مجبور ہے اور اگر وقت آ گیا ہے تو آپ ایک سیکنڈ بھی دنیا میں نہیں رہ سکتے۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس حقیقت سے دنیا کا ایک فرد انکار نہیں کر سکتا۔''

باری تعالیٰ کا ارشاد ہے،

''ہر نفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ پھر تم ہماری طرف پلٹا کر لائے جاؤ گے۔'' (العنکبوت: ۵۷)

انتقال عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب منتقل ہونا یا جگہ بدل لینا ہے۔ جب کہ ''مرنا'' ہندی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی امر ہونا ہے۔

آیئے جانتے ہیں کہ جدید سائنس موت کے بارے میں کیا کہتی ہے۔ آکسفورڈ یونی ورسٹی میں ریاضی اور طبیعیات کے پروفیسر راجر پینروز کا کہنا ہے،

''مادی زندگی جو ہم گزار رہے ہیں صرف ہمارا تصور ہے۔ جب مادی جسم کی موت ہوتی ہے تو اس کے پیچھے لامحدودیت ہے۔''

لامحدودیت کے بارے میں وہ کہتے ہیں،

''لامحدودیت ایسی حقیقت ہے جو بہت وسیع ہے اور اس مادی دنیا کی بنیاد ہے۔ ہماری زندگی پر اگلی دنیا نے احاطہ کیا ہوا ہے۔ جسم مرتا ہے لیکن روحانی کوانٹم جاری رہتا ہے۔ اس طرح میں امر ہوں۔''

کوانٹم فزکس کے محققین کافی حد تک متفق ہیں کہ شعور ایسا یونٹ ہے جو اطلاعات کو محفوظ کرتا ہے اور یہ یونٹ مادی جسم سے باہر موجود رہ سکتا ہے۔ اس بنا پر شعور کی حیثیت مادی جسم سے زیادہ ہے۔ اس بات کو بنیاد بنا کر وہ شعور کی مختلف تشریحات کر رہے ہیں۔ جہاں محقق اس بحث میں مشغول ہیں کہ شعور کیا ہے وہیں بعض محققین نے دنیا کے سامنے یہ نتائج پیش کئے ہیں کہ اطلاع کوانٹم کے درجے میں محفوظ ہوتی ہے۔

امریکی محقق رابرٹ لانزا اپنی Biocentrism

کی تھیوری میں کہتے ہیں کہ

''اسپیس اور ٹائم ایسی شے نہیں ہے جیسا ہم ان کو سمجھتے ہیں۔ Timelessness (لازمانی) اور spaceless (لامکانی) کی دنیا میں موت وجود نہیں رکھتی۔''

سائنس کے مطابق کوانٹم توانائی کی وہ مقدار ہے جو اکائی کی حیثیت رکھتی ہے۔اور کوانٹم فزکس میں توانائی اور مادّے کا مطالعہ ایٹم اور ایٹم کے بنیادی ذرّات کے درجے میں کیا جاتا ہے۔

قارئین! الہامی کتابوں نے ہر فرد کو اس بات کی فہم عطا کی ہے کہ شے ایک رخ میں محدود اور دوسرے رخ میں لامحدود ہے۔محدود رخ میں شے ایک مقام پر نظر آتی ہے جب کہ لامحدودیت میں ڈائی مینشن مغلوب ہوجاتے ہیں۔کتاب ''نظریۂ رنگ و نور'' میں اس الہامی قانون کی وضاحت اس طرح ہے،

''ہر انسان کے اندر بیک وقت دو دنیائیں آباد ہیں۔ ایک شعوری دنیا اور دوسری لاشعوری دنیا۔شعوری دنیا محدود ہے اور لاشعوری دنیا لامحدود ہے۔لامحدود دنیا میں لاکھوں کہکشائیں اور کہکشاؤں میں کروڑوں دنیائیں آباد ہیں۔ماہرین اپنا مشاہدہ بیان کرتے ہیں کہ ہر دنیا میں آدم زاد برادری موجود ہے۔زمانیت کی درجہ بندی کی وجہ سے اس انسانی برادری کے خدوخال میں تو کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی البتہ تخلیقی فارمولے میں یہ فرق ہوجاتا ہے کہ کسی دنیا کی مخلوق ٹرانسپیرنٹ ہے، کسی دنیا کی مخلوق سنہری ہے اور کسی دنیا کی مخلوق مرکری ہے۔لیکن ہر دنیا میں دوسری مخلوقات کے علاوہ آدم زاد یا انسان یقینی طور پر موجود ہے۔''

جب کچھ نہیں تھا تو اللہ تھا۔اللہ نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں۔تعارف کے لئے خلق کا موجود ہونا، خلق کے لئے وسائل کا موجود ہونا اور وسائل کی موجودگی کے لئے earth کا ہونا ضروری ہے۔

اللہ تعالیٰ نے کُن فرمایا — کائنات وجود میں آئی۔ کُن میں کائنات کا ریکارڈ ہے اور یہ ریکارڈ کُن کی گونجار ہے جو ازل سے ابد تک جاری ہے۔ہر شے کُن میں ہے، اسی کے مطابق عالم در عالم منتقل ہوتی ہے اور مظاہرہ کر کے ریکارڈ میں چلی جاتی ہے۔ایک دن کا بچہ جب دس دن کا ہوا تو دس دن کہاں گئے — ؟ختم نہیں ہوئے، ریکارڈ میں موجود ہیں۔جو فرد ریکارڈ پڑھنا سیکھ لے وہ مستقبل اور حال کو ماضی میں دیکھتا ہے۔ موت دراصل شے کا ریکارڈ میں لوٹنا ہے۔

محققین نے کائنات کے رموز سمجھنے کی جتنی کوششیں کی ہیں، ان کی بنیاد تغیر ہے کیوں کہ وہ خالق کو جانے بغیر تخلیق کو سمجھنا چاہتے ہیں اور ظاہر کو بنیاد بنا کر باطن پر غور کرتے ہیں۔80 سال میں فرد کا ظاہر وہ نہیں ہے جو پہلے دن تھا۔لیکن یہ پہلے دن کا وجود ہی ہے جو 80 سال تک پہنچا۔

تغیر کی بنیاد پر محقق کو ڈگری ملتی ہے، کچھ عرصے بعد

دوسرا محقق اپنی تحقیق پیش کر کے پہلی کو مسترد کرتا ہے، اسے بھی ڈگری اور انعامات ملتے ہیں مگر پہلے محقق سے ڈگری واپس نہیں لی جاتی۔ مسترد شدہ تحقیق پر علوم کے جو شعبے اور نظریات بنتے ہیں، انہیں بھی رد نہیں کیا جاتا۔

★ اطالوی محقق انریکو فرمی کو دنیا کے پہلے نیوکلیئر ری ایکٹر کا بانی کہا جاتا ہے۔ فرمی کو 1938ء میں نئے ریڈیو ایکٹو عناصر کی دریافت پر نوبل انعام دیا گیا۔ اس نے یہ عناصر اپنی تحقیق میں یورینیم ایٹموں کی نیوٹران پر بمباری کے دوران دریافت کئے تھے۔ کچھ عرصے بعد جرمن محقق اوٹو ہان نے انکشاف کیا کہ یہ نئے عناصر نہیں ہیں بلکہ نیوٹران پر بمباری کے دوران یورینیم کے ایٹم تقسیم ہو جاتے ہیں۔ تحقیق کے نتائج غلط ثابت ہونے کا اعتراف خود فرمی نے بھی کیا لیکن فرمی سے نوبل انعام واپس نہیں لیا گیا۔ اوٹو ہان کو اس کی تحقیق پر 1944ء میں نوبل انعام دیا گیا۔

★ 1907ء میں کوپن ہیگن یونی ورسٹی کے پروفیسر جوہانس فیبیگر نے تجربات سے پیٹ کے کینسر کا سبب بننے والے طفیلی کیڑوں کی دریافت کا دعویٰ کیا اور کیڑوں کو Spiroptera Carcinoma کا نام دیا۔ یہ طب کی تاریخ میں بڑی تہلکہ خیز دریافت تھی جس پر فیبیگر کو 1926ء میں نوبل انعام دیا گیا۔ جوہانس فیبیگر کی موت کے بعد کچھ محققین ان کیڑوں پر تحقیق کر رہے تھے، انہوں نے ثابت کیا کہ پیٹ کے کینسر کا سبب Spiroptera Carcinoma نہیں ہیں۔ تحقیق غلط ثابت ہونے پر فیبیگر سے نوبل انعام واپس نہیں لیا گیا۔ دانش ور اسے نوبل انعام کی تاریخ کی سب سے بڑی غلطی مانتے ہیں۔

الہامی کتب کے بغیر کائنات کو سمجھنا ممکن نہیں۔ جو محقق کسی حد تک کائناتی راز کی درست تصویر کشی کرتا ہے، اس کی تحقیق الہامی کتب میں تفکر کا نتیجہ ہے مگر محققین اسے اپنا نظریہ بنا کر پیش کرتے ہیں۔

مادی محققین کے نظریات بدل جاتے ہیں اور انہی کے گروہ کا فرد ان نظریات کو مسترد کرتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کے قوانین تبدیل نہیں ہوتے۔

''پس تو اللہ کے قانون میں کوئی تبدیلی اور کوئی تعطل نہیں پائے گا۔'' (فاطر:۴۳)

موت سے قریب ترین ایک حالت خواب ہے۔

''اور وہی تو ہے جو رات کو تمہاری روح قبض کر لیتا ہے اور جو کچھ تم دن میں کرتے ہو اس کی خبر رکھتا ہے۔ پھر تمہیں دن کو اٹھا دیتا ہے تاکہ معین مدت پوری کر دی جائے۔ پھر تم کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ وہ تم کو تمہارے عمل جو تم کرتے ہو بتائے گا۔''

(الانعام: ۶۰)

خواب ایسی کیفیات سے روشناس کراتا ہے جہاں ارادے کی حیثیت حکم کی ہے۔ خواب ایسی اسپیس ہے کہ بیداری میں مشق (مراقبہ) کے ذریعے اس میں داخل ہوا جا سکتا ہے اس کے لئے سونا ضروری نہیں۔

حضور قلندر بابا اولیاؒ کا ایک واقعہ پیشِ خدمت ہے۔

شاگردِ رشید عظیمی صاحب تحریر فرماتے ہیں،

رات کے وقت میں حضور بابا صاحبؒ کی کمر دبا رہا تھا۔ پسلیوں کے اوپر جب ہاتھ پڑا تو حضور بابا صاحبؒ کو تکلیف محسوس ہوئی۔ کرتا اٹھا کر دیکھا تو تقریباً چار پانچ انچ کا زخم تھا۔ میں یہ دیکھ کر بے قرار ہوگیا اور پوچھا کہ یہ کیسا زخم ہے، حضور؟

فرمایا۔۔۔ میں درّے میں سے گزر رہا تھا۔ جگہ کم تھی، پہاڑ کی نوک سے یہ زخم آ گیا۔

چوں کہ رات کافی گزر چکی تھی، تقریباً بارہ بجے کا وقت تھا اس لئے میں کوئی دوا نہ لا سکا۔ جب انھوں نے مجھے پریشان دیکھا تو کہا، کوئی بات نہیں۔ صبح مرہم پٹی ہو جائے گی۔ آپ نے کا ہے کا غم کیا ہے؟

صبح میں نے کرتا اٹھا کر دیکھا تو زخم کا نشان تک جسم پر نہیں تھا۔

تمام آفاقی مذاہب نے مرنے کے بعد کی زندگی کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ سزا، جزا، دوزخ یا جنت کا حصول جس عالم یا زندگی میں بتایا گیا ہے، اس کی بنیاد اِس دنیا کی زندگی ہے۔

''اسی نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون اچھے عمل کرتا ہے۔''

(الملک:۲)

سرورِ کائناتؐ کا فرمان ہے،

''مرنے سے پہلے مر جاؤ''

اس زندگی میں موت کے بعد والی زندگی سے واقف ہوکر اپنے اوپر سے قید و بند کی دبیز چادر اتار پھینکو۔

موت اصل زندگی ہے اس کا علم حاصل کر کے ہمیں اس ہستی کا ادراک ہوسکتا ہے جو زندگی کا سورس ہے۔

ابدالِ حق قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں،

حق یہ ہے کہ بیخودی خودی سے بہتر
حق یہ ہے کہ موت زندگی سے بہتر
البتہ عدم کے راز ہیں سربستہ
لیکن یہ کمی ہے ہر کمی سے بہتر

سوالیہ نشان

یوم ۔۔۔ دن اور رات پر مشتمل ہے۔ محقق جب روشن رخ کو دن سمجھ کر تاریکی نظر انداز کر دیتا ہے تو تحقیق قابل اعتبار نہیں کیوں کہ نتیجہ ایک رخ کی بنیاد پر مرتب کیا گیا ہے۔ کچھ عرصے بعد دوسرا محقق یوم کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے وہ دن کو نظر انداز کر کے رات کو یوم سمجھتا ہے۔ اس کی تحقیق بھی مخصوص زاویے تک محدود ہونے کی وجہ سے تغیر پر مبنی ہے۔ تھوڑا عرصہ گزرتا ہے نئی تحقیق سامنے آتی ہے اور تغیر در تغیر کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ جب تک دیکھنے والے کے سامنے ساری سمتیں مشاہدہ نہ ہوں ۔۔۔ اس کا علم سوالیہ نشان ہے۔

شہر بانو

رنج سے خوگر ہوا انساں

ایک خاتون کے چشمے کھو گئے۔ پورے گھر میں ڈھونڈ لئے، کہیں نہیں ملے۔ وہ ان کی آنکھوں پر لگے ہوئے تھے جس کی مدد سے وہ چشمہ ڈھونڈ رہی تھیں۔

تین سال پہلے دندان ساز (dentist) نے مجھے بریسز (braces) لگانے کی تجویز دی تا کہ دانتوں کی ترتیب متوازن ہو جائے۔ دانتوں کے ٹیڑھ پن کی وجہ سے مسلسل تکلیف اور علاج میں پیچیدگی کا سامنا تھا۔ میں نے تجویز پر عمل کیا اور ایک ہفتے بعد پہلے اوپر کے دانتوں پر بریسز لگے۔ ڈینٹسٹ کا کہنا تھا کہ اوپر کے دانت ترتیب میں آنے میں دو سال لگیں گے۔ پھر مسوڑھے کم زور ہونے کی وجہ سے انہوں نے ایک سال مزید بڑھا دیا۔

تجربے سے گزرنے والے واقف ہیں کہ بریکٹ، وائر اور بینڈز پر مشتمل بریسز کے ساتھ ابتدائی چند روز انتہائی تکلیف میں گزرتے ہیں۔ دباؤ کی وجہ سے پہلے ہفتے شدید درد رہا حتیٰ کہ جَو کا دلیہ چبانا مشکل ہو گیا۔

بریسز لگانے کے لئے تار مناسب مقدار میں کسا جاتا ہے جس سے دباؤ پیدا ہوتا ہے البتہ کوشش کی جاتی ہے کہ دانت ٹوٹنے سے محفوظ رہیں۔ دباؤ سے دانت آہستہ آہستہ سرکنا شروع ہوتے ہیں۔ منہ میں تار لگنے سے ہونٹ ابھر جاتے ہیں اور چہرے کی ساخت میں عارضی طور پر فرق پڑتا ہے۔ معمولی تبدیلی سے شیشہ دیکھنے پر مجھے اپنا چہرہ نامانوس لگتا۔

آدمی کی فطرت ہے کہ وہ تبدیلی کو جلد قبول نہیں کرتا۔ میرے ساتھ بھی یہی ہوا۔ سب کا پہلا تبصرہ ہوتا، ہونٹوں کو کیا ہوا۔ جواب میں ہنستے ہوئے بتیسی روشن ہوتی تو وہ لفظ کو طول دیتے ہوئے کہتے، اچھاااا۔

اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو جس تناسب میں بنایا ہے، وہ بہترین ہے۔ خوب صورتی تناسب میں توازن سے ہے۔ مشاہدہ ہے کہ معمولی فرق سے کس طرح ساخت بدل جاتی ہے۔ احسن الخالقین اللہ تعالیٰ کی بڑائی ہے کہ اس نے ہر فرد کو دوسرے سے مختلف بنایا ہے اور ان کی ساخت میں توازن قائم رکھا ہے۔ جیسے کہ نوع آدم میں شماریات سے زیادہ شکلیں ہیں، سب کو دیکھ کر یہی خیال آتا ہے کہ یہ نوع آدم ہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے شکل وصورت میں تبدیلی کے باوجود ہر فرد میں اپنی نوع

کی شناخت برقرار رکھی ہے۔

بہرحال چند ہفتوں بعد مجھے خود کو بریسز کے ساتھ دیکھنے کی عادت ہوگئی۔تین سال کے بعد بریسز ہٹے اور دانت ترتیب میں آ گئے۔دانتوں میں توازن سے چہرہ پھر بدلا مگر اس تبدیلی نے چہرے کو متوازن کر دیا۔

عجیب بات ہے کہ سفر کے دوران مسافت طویل لگتی ہے لیکن منزل پر پہنچنے کے بعد پیچھے دیکھیں تو طوالت گم ہو جاتی ہے جیسے فاصلہ لپٹ گیا ہو۔

ہم آرام سے کہہ دیتے ہیں کہ میں گریجویٹ ہوں۔ لفظ گریجویٹ میں وہ عرصہ زیر بحث آتا ہے جس میں چودہ جماعتیں پاس کی گئیں مگر گریجویٹ کہتے ہوئے چودہ سال کی اسپیس ذہن میں نہیں آتی جس میں ہم مستقل تربیت اور امتحان سے گزرے۔

تین سال تک ڈاکٹر کے پاس آنا جانا، چیک اپ، دانتوں کے ساتھ بریسز کی صفائی ، وائر کی تبدیلی اور بالآخر بریسز کا ہٹنا۔خوشی کے ساتھ عجیب محسوس ہوا۔

کیوں ــــ ؟ اب کسی چیز کی کمی کا احساس تھا!

ہم چیزوں سے مانوس ہوکر زندگی گزارتے ہیں کیوں کہ زندگی انسیت کے بغیر نہیں گزرتی ۔تبدیلی محسوس کرنے کی وجہ انسیت ہے۔چہرے سے مانوس نہ ہوں تو ڈھلتی عمر کا احساس نہیں ہوگا۔دن رات کا پتہ نہ ہو، رات دن کا ادل بدل ذہن سے نکل جائے گا۔ تھوڑی دیر کے لئے انگوٹھی اترتی ہے تو انگلی خالی محسوس ہوتی ہے۔کمرے میں پلنگ کی جگہ بدل دیں، کمرا پہلے سے الگ لگتا ہے جب کہ کمرا تبدیل ہوا ہے نہ پلنگ۔ پلنگ کو جس جگہ دیکھنے سے ہم مانوس ہیں، وہ جگہ خالی ہے یا وہاں کچھ اور ہے۔بالوں کا اسٹائل بدلنے سے چہرہ نیا لگتا ہے لیکن چہرہ وہی ہے۔پھر نیا پن کیا ہے؟

شے سے نامانوس ہونے کو ہم نیا پن کہتے ہیں!

یہاں کچھ نیا نہیں، ایک شے مختلف زاویوں سے ہمارے سامنے آرہی ہے۔ہم نے بالوں کو اولیت دے کر چہرے کو دیکھا ہے یا چہرے کو بالوں کے تناظر میں دیکھتے ہیں اسی لئے بال بدلنے سے چہرہ تبدیل محسوس ہوتا ہے۔

بہت غور کیا کہ انسیت کیا ہے ــــ ؟

لاشعور نے بتایا کہ انسیت ــــ وزن ہے۔

وزن سمجھنے کے لئے انگلی میں انگوٹھی بہترین مثال ہے۔مانوس ہونے سے ذہن میں چپک پیدا ہوتی ہے اور چپک سے وزن کا اضافہ ہوتا ہے جیسے انگوٹھی انگلی سے اترنے پر ہاتھ خالی یا ہلکا لگتا ہے۔ہم انگوٹھی کی شکل میں وزن اٹھائے پھرتے ہیں۔اسی طرح بریسز لگے، منہ بھاری ہوگیا اور جب بریسز ہٹے تو وزن بے وزن ہونے کا احساس ہوا۔

رشتوں کی بھی یہی مثال ہے۔

جہاں کسی کے آنے سے ذہن میں اسپیس کا اضافہ ہوتا ہے، وہاں کسی کے جانے سے اسپیس بدل جاتی

ہے جس کو ہم اپنے اندر خلا کہتے ہیں۔ مختصر یہ ہے کہ ہم چیزوں اور رشتوں سے جتنا مانوس ہوتے ہیں، ذہن پر پرتیں چڑھتی ہیں اور وزن بڑھتا ہے۔ کیا یہ وزن شے میں ہے یا ہمارے ذہن میں؟ وزن ذہن میں ہے۔ جس چیز میں دلچسپی لیں گے اس کا وزن محسوس ہوگا۔ عدم دلچسپی سے اہمیت (وزن) ختم ہوجاتی ہے۔

قانون: جن چیزوں پر توجہ ہے ہم نے اسے کیئر آف اللہ نہیں دیکھا اور نہ سمجھا اس لئے ذہن میں ثقل غالب ہوگیا اور ثقل وزن ہے۔ جو لوگ شے اور تعلق کو دیکھنے سے پہلے کیئر آف اللہ سوچ رکھتے ہیں ان کے ذہن بھاری نہیں ہوتے ان پر وزن کے بجائے لطافت غالب ہوتی ہے۔ رشتوں کے کھونے کا احساس انہیں بھی ہوتا ہے لیکن یہ لوگ اللہ پر توکل کرتے ہیں اس لئے کھونے کے بوجھ سے جلد نکل آتے ہیں۔ انسیت کی ضرورت ان کو بھی ہے اور ان کی سوچ کا محور اللہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کی ایک صفت لطیف ہے۔ ذہن میں اللہ کا خیال ہو تو صفتِ لطافت متحرک ہوتی ہے۔ لطافت سے مانوس ہونے والا کثافت میں کیوں آئے گا!

تبدیلی سے میں خوش تھی مگر ہر خوشی اک وفقۂ تیاری سامان غم کے مصداق ڈینٹسٹ (طبیب دندان۔ دندان ساز) نے کہا اب ریٹینر پہننا ہوگا۔ بعض واقعات میں بریسز اتارنے کے بعد دانت واپس پرانی جگہ پر چلے جاتے ہیں، ریٹینر اس عمل کو روکتا ہے اور دانت نئی جگہ کے عادی ہوجاتے ہیں۔

ڈاکٹر نے میرے تاثرات دیکھتے ہوئے کہا کہ تین چار دن میں عادی ہوجائیں گی، ان کو نہیں اتارنا۔ میں خاموشی سے مسکرادی۔ تکلیف کی وجہ سے سر میں درد ہوگیا تھا اور آنکھیں درد سے پانی!

ریٹینر ٹرانسپیرنٹ تھے اور مجھ سمیت کسی کو نظر نہیں آتے تھے۔ دانتوں پر انتہائی دباؤ تھا جیسے رسہ کشی کا کھیل ہو جس میں جبڑے، دانت، ہڈیاں ایک طرف اور ریٹینر ایک طرف — دونوں میں سے پیچھے ہٹنے پر کوئی راضی نہیں تھا اور ان کی وجہ سے میں مشکل میں تھی۔ تیسرے دن دباؤ غائب ہوگیا۔

کئی سوالات ذہن میں آئے۔ کیا درد چلا گیا یا میں عادی ہوگئی؟ ریٹینر اتار کر دیکھا تو وہ درست حالت میں تھا یعنی اس نے دانتوں کو سرکنے نہیں دیا۔ پھر تبدیلی کہاں واقع ہوئی؟ تین سال پہلے جب مجھے بریسز کی عادت ہوگئی تو ایک بار دانتوں کو ہاتھ لگانے پر وائبریشن محسوس ہوئی۔ یعنی دانت مسلسل حرکت میں تھے۔ فرق مجھ میں آیا جس نے تبدیلی کو قبول کیا۔ برصغیر کے معروف شاعر اسداللہ خاں غالبؔ فرماتے ہیں،

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں

درد کو قبول کیا تو درد نے تکلیف پہنچانا چھوڑ دی۔ اس خیال سے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گئی کہ جب ہم کسی شے کو گلے لگاتے ہیں، وہ جیسی ہے اسی حالت میں قبول

کرتے ہیں، اس کے خلاف مدافعت نہیں دکھاتے تو یہ وہ لمحہ ہوتا ہے جب ہم خود کو ان سے آزاد کر لیتے ہیں۔

جبر یا خوشی سے حالات کو قبول کرنا ہے تو پھر ہم ارادی طور پر کیوں قبول نہیں کرتے ــــ؟

ہر شے پر احساس غالب ہے۔ جس طرح کے معنی پہنا دیئے جائیں، جذبات اسی کے مطابق متشکل ہوتے ہیں۔ درد کو درد سمجھیں تو درد بڑھ جاتا ہے، درد سے خوگر ہو جائیں تو درد مٹ جاتا ہے۔ محسوس نہ کریں تو یہاں کسی شے کا وجود نہیں، محسوس کر لیں تو ہر شے موجود ہے۔ محسوسات سے زندگی کی طرزیں تشکیل پاتی ہیں۔

مارشل آرٹس کے ماہر بروس لی کا کہنا ہے،

''پانی کی طرح بنو جو اپنا راستہ شگافوں میں سے نکال لیتا ہے۔ جارحانہ رویہ مت اپناؤ بلکہ شے کے مطابق خود کو ڈھال لو اور پھر تم اس میں سے یا اس کے اطراف میں راستہ ڈھونڈ لو گے۔ جب تمہارے اندر سے سختی یا اکڑپن ختم ہوگی تو چیزیں تم پر ظاہر ہو جائیں گی۔ ذہن کو خالی کرو ــــ بے شکل و صورت ہو جاؤ، پانی کی طرح بے وضع ہو جاؤ۔ پانی کو پیالے میں ڈالو، وہ پیالہ بن جاتا ہے۔ بوتل میں ڈالو تو بوتل بن جاتا ہے۔ چائے دانی میں ڈالو تو چائے دانی بن جاتا ہے۔ پانی میں بہاؤ ہے۔ میرے دوست! پانی بنو۔''

زندگی تمام وسائل کے ساتھ اپنے مرکز میں گھوم رہی ہے ــــ جن چیزوں کو ہم اہمیت دیتے ہیں وہ ہماری زندگی کا حصہ بن جاتی ہیں۔ توجہ نہ دیں تو ان کا وجود بے معنی ہو جاتا ہے۔ کہانی آپ نے سنی ہوگی کہ ایک خاتون کے چشمے کھو گئے۔ پورے گھر میں ڈھونڈ لئے، کہیں نہیں ملے۔ وہ ان کی آنکھوں پر لگے ہوئے تھے جس کی مدد سے وہ چشمہ ڈھونڈ رہی تھیں۔ نظر وہی آتا ہے جسے دیکھنے کی کوشش کی جائے۔ اور جسے نہ دیکھنا چاہیں، اسے نظر انداز کرنے کی صلاحیت بھی ہمارے اندر ہے۔ اسی طرح اللہ ہر جگہ موجود ہے لیکن یقین نہ ہونے کے باعث اللہ کی موجودگی کا احساس نہیں ہوتا۔

- اندر میں کوئی ہے جو مٹی کو سہارا دیتا ہے لیکن؟
- کُن کی گونج جاری ہے ــــ سنائی نہیں دیتی۔

پیغمبران کرام اور اولیاء اللہ کی زندگی میں سبق ہے کہ وہ وقت سے نہیں لڑے ــــ گزر گئے۔ اللہ پر یقین ہونے کے باعث انہوں نے تصویر کا ایک رخ دیکھنے کے بجائے مکمل تصویر دیکھی۔ بہتری کے لئے کوشش کی اور تکالیف کو قبول کیا۔ دشوار حالات کا مقابلہ کرنا ان ہستیوں کا دستور ہے۔ وہ نا امیدی کا شکار نہیں ہوئے بلکہ استقامت کی وجہ سے کام یاب ہوئے اور اللہ صاحب استقامت لوگوں کو دوست رکھتا ہے۔

بریسز کے تجربے سے زندگی میں انسیت کی اہمیت کو سمجھا۔ ذہن اللہ کی طرف نہ ہو تو آدمی بار بار کھونے اور پانے کے تجربے سے گزرتا ہے اور رنج والم میں مبتلا رہتا ہے۔ ذہن اللہ کی طرف ہے تو وسائل کم ہوں یا زیادہ، بندہ کھونے اور پانے کے غم سے نکل جاتا ہے۔

صوفیہ رفعت
(برطانیہ)

رنگ برنگ دنیا

لائبریری خوش نما باغ کی مانند ہے جہاں کتابوں کی صورت میں پھولوں سے بھرے ہوئے بہت سے درخت ہیں ان درختوں سے لوگوں کو بہت سے فائدے حاصل ہوتے ہیں جس میں سب سے بڑا فائدہ سکون ہے۔ لائبریری کا مقصد یہ ہے کہ آپ علم حاصل کریں اور اس علم سے دوسروں کو فائدہ بھی پہنچائیں۔

میرے لئے وہ بہت پیاری شام تھی کہ جس کی آمد سے تفکر کے دریچے کھل گئے۔ بیٹھک میں کسی کام میں مصروف تھی کہ غیر ارادی طور پر نگاہ کمرے میں موجود LED TV اسکرین پر پڑی۔ ٹی وی بند تھا مگر بند ٹی وی کی سیاہ اسکرین پر جو منظر نظر آیا اس نے مجھے حیران کر دیا۔ ذہن کے پٹ کھلے اور ادراک ہوا کہ اسکرین پر خوب صورت رنگ کوئی کہانی سنا رہے ہیں جیسے پوچھ رہے ہوں کہ جانتی ہو ہم کون ہیں ــــ؟

جستجو ہوئی کہ یہ رنگ کہاں سے آ رہے ہیں اور وہ کون سا منظر ہے جس نے سیاہ اسکرین کو مظاہرے کے لئے مسکن بنایا ہے ــــ؟ نظر دوڑائی تو معلوم ہوا کہ یہ رعنائی کمرے میں ایک بلب کے سبب ہے جس میں روشنی اسکرین پر دلکش رنگ بکھیر رہی ہے۔ حیرت اس بات کی تھی کہ بلب کا رنگ ایک ہے لیکن جب وہ اسکرین پر منعکس ہوا تو کئی رنگ ظاہر ہو گئے۔

میں نے ایک شے کے دو مظاہرے دیکھے۔

۱۔ بلب میں سے روشنی کا بلب کے رنگ میں ظاہر ہونا

۲۔ ظاہر شدہ روشنی کا دوبارہ کسی میڈیم سے ٹکرا کر مزید رنگوں میں مظاہرہ۔

نتیجہ یہ تھا کہ شے جب ایک سے زیادہ میڈیم سے گزرتی ہے تو اس کی روشنی رنگوں میں تقسیم در تقسیم ہوتی جاتی ہے۔ مجھے خیال آیا کہ بلب سے کمرے میں پھیلنے والے رنگ اور کائنات کی اسکرین پر بکھرنے والے رنگوں میں کیا فرق ہے ــــ؟ کوئی فرق نظر نہیں آیا۔ ذہن اس سوال میں گم ہو گیا کہ رنگ کیا ہیں ــــ؟

ایک بار ذہن رنگوں کی کھوج میں کیا لگا کہ اب توجہ رنگین منظر پر مرکوز ہوتی تو میں اس خیال کا خیر مقدم کرتی۔ کچھ دیر اس کے بارے میں سوچ کر نہیں معلوم میری توجہ ادھر ادھر کیوں ہو جاتی تھی۔ ممکن ہے کہ یہ رنگوں کا کمال ہو کہ وہ اپنے ردّوبدل سے مجھے دنیا کے ردّوبدل کی طرف متوجہ کر رہے تھے یہی وجہ ہے کہ تفکر

کے دوران میں ارادی اور غیر ارادی طور پر کسی اور کام میں مصروف ہوجاتی تھی۔

دن گزرتے رہے ــــ ایک روز حسب معمول بیٹھک میں ''صفائی نفس ایمان ہے'' پر عمل کی کوشش کے دوران اسکرین پر وہی رنگ منظر بن کر اپنے ہونے کا احساس دلا رہے تھے۔ میں نے فوراً بلب کی طرف دیکھا کیوں کہ دن کا وقت تھا اور بلب روشن نہیں تھا۔ معلوم ہوا کہ اس بار رنگوں کا سبب بلب نہیں بلکہ آفتاب کی کرنیں تھیں جو بغیر آہٹ کے چپکے سے صاف و شفاف کھڑکی سے گزر کر اسکرین پر چمک رہی تھیں۔ میں نے سوچا کہ

- کیا بلب کی روشنی اور سورج کی روشنی دونوں میں ایک جیسے رنگ چھپے ہوئے ہیں ــــ؟
- مختلف ذرائع سے ایک شے بار بار دعوتِ فکر دیتی ہے۔ آخر یہی منظر میری توجہ کا مرکز کیوں بنتا ہے ــــ؟
- ان رنگوں کے اندر کیا حکمت ہے ــــ؟

ہے کیوں کہ ہمیں اسکرین کے بغیر شے نظر نہیں آتی۔ آخر اسے کون سی اسکرین مہیا ہے۔ اسکرین تو ایک طرح کی رکاوٹ ہے جس سے روشنی ٹکراتی ہے۔ فضا میں کون سی رکاوٹیں ہیں ــــ؟ کیا یہ رکاوٹیں مخصوص جگہ پر ہیں یا ساری خلا اسکرین ہے ــــ؟

سوچ کے دریچوں سے آواز آئی، لطائف کے بھی رنگ ہوتے ہیں۔ لطائف ہر فرد کے اندر رنگ اور روشنی کے زون ہیں۔ ان کی تعداد ہر مخلوق میں مختلف ہے۔ ہر زون علم کا درجہ ہے۔ مخلوقات سب میں موجود ہیں۔ ہم پر آخری زون یعنی نفس کا غلبہ ہے۔

ذہن مرکوز ہونے سے نئے نئے سوالات سامنے آرہے تھے جن سے آگے بڑھنے کی راہ ہموار ہوئی۔ جیسے میں کائناتی کلاس میں ہوں اور مجھے ہوم ورک مل رہا ہے۔ اس طرح ذوق سفر کے ساتھ جاننے کی لگن مزید بڑھتی گئی۔

بزرگوں کا قول ہے کہ

''کائنات میں گھڑی بھر کا تفکر سال بھر کی عبادت سے بہتر ہے۔''

دل کی سرزمین جستجو پر شوق کی سواری کو تیار پا کر سفر کا ارادہ کیا۔ ذوق و شوق کے ساتھ قدم بڑھائے۔ دوران سفر ایک روز چرخِ کہن پر خوش رنگ قوس قزح دیکھی تو یہ نظارہ پہلے تجربات جیسا تھا، بس زاویہ مختلف تھا۔ میں نے سوچا کہ یقیناً یہ بھی کسی اسکرین پر مظہر بنا

رم جھم برسات میں باہر جانے کا اتفاق ہوا۔ راستے میں گیراج کے سامنے کھڑے پانی میں سے گزرنا پڑا۔ لگتا ہے کہ میں جن مقامات سے گزرتی ہوں وہ سب باتیں کرتے ہیں اس لئے میں نے دیکھا کہ راستہ پانی کی جل تھل سے مطمئن تھا۔ لہٰذا میں نے بھی منہ بنائے بغیر اطمینان سے خوشی خوشی پانی میں سے گزرنے کا تجربہ کرنا چاہا۔

پیر پانی میں رکھے، قدم آگے بڑھے اور پھر رک

گئے۔ یہ کیا صاحب! وہی منظر اور رنگین روشنیاں پانی میں محو رقص تھیں۔ اب تو ہر منظر میں رنگوں کا انعکاس نظر آتا تھا۔ یہ انہونی نہیں ہے، دوسرے لوگ بھی وہی سب دیکھتے ہیں جو میں دیکھ رہی ہوں لیکن وہ اسے معمولی اور غیر اہم سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں۔

میں نے روحانی استاد سے سیکھا ہے کہ چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی شے پر تفکر کریں، چاہے ہماری نظر میں اس کی اہمیت ہو یا نہ ہو۔

یہ منظر معمولی کیسے ہوسکتا ہے! اس میں انعکاس اور انعطاف (لاء آف ریفلیکشن اور ریفریکشن) کا قانون ہے کہ چیزیں مظہر کیسے بنتی ہیں۔ یہ آتی کہاں سے ہیں، یہ حقیقت ہیں یا میڈیم کے سبب نظر آ رہی ہیں؟

ابتدا میں مجھے حیرت ہوئی مگر وقت گزرنے کے ساتھ تعجب اور حیرانی دور ہوئی کہ حیرانی لاعلمی کا اظہار ہے۔ اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

خیال نے مجھے جس طرف متوجہ کیا، میں نے ان چیزوں کو محسوس کرنا ضروری سمجھا۔ اس بار رنگوں نے پانی کو اسکرین بنا کر مظاہرہ کیا۔ رنگوں کی اس شرارت پر دل مسکرا اٹھا اور سفر مزید پُرلطف ہوگیا۔ کئی چھوٹے چھوٹے تجربات کیے، فون کے ٹارچ سے دیکھا تو منظر الگ تھا۔ نئے زاویے سے آشنا ہوئی کہ پانی بھی اسکرین ہے۔ اس سے قبل میں نے مادی عناصر سے بنی اسکرین دیکھی تھی، پھر قوسِ قزح کو خلا کی اسکرین پر دیکھنے کا تجربہ ہوا اور اب پانی! یہ ٹھیک ہے کہ رنگوں میں تغیر ہے لیکن اس تغیر میں قدرت کی کوئی حکمت ہے۔

زبان پر کلام آیا اور وجود گنگنا اٹھا،

تیرے رنگ رنگ تیرے رنگ رنگ
تیرے رنگ رنگ مولا رنگ رنگ
میں جہاں بھی جاؤں دنیا میں
تیرے جلوے میرے سنگ سنگ
ہر سو ہر جا ہر سو ہر جا
تیرے رنگ رنگ مولا رنگ رنگ
تیرے رنگ رنگ تیرے رنگ رنگ

سفرِ علم کی سواری کا رخ لائبریری کی طرف ہوا تو میں نے اپنی ڈائری کھولی۔ ڈائری میں اپنی مدد آپ کے تحت مددگار اقوال و نکات منتقل کرنے کی مجھے عادت ہے۔ یہ ضرورت کے وقت بے حد کام آتے ہیں۔ جس موضوع کی تلاش ہوتی ہے، اس سے متعلق نوٹ کئے ہوئے نکات راہ نمائی کرتے ہیں۔

لائبریری کیوں اہم ہے، اس سلسلے میں ڈائری میں نوٹ کی ہوئی سب سے زیادہ مددگار اور راہ نما عبارت عظیمی صاحب کا فرمان ہے،

''لائبریری ایک راستہ ہے جہاں سے علم کے چشمے پھوٹتے ہیں۔ علم کی آبشار گرتی ہے۔ لائبریری خوش نما باغ کی مانند ہے جہاں کتابوں کی صورت میں پھولوں سے بھرے ہوئے بہت سے درخت ہیں ان درختوں سے لوگوں کو بہت سے فائدے حاصل ہوتے ہیں جس میں سب سے بڑا فائدہ سکون ہے۔ لائبریری

کا مقصد یہ ہے کہ آپ علم حاصل کریں اور اس علم سے دوسروں کو فائدہ بھی پہنچائیں۔''

فکر انگیز فرمان سے سفرِ علم آسان ہوا اور مسافر کو منزل کا نشان دے گیا۔ میرا رخ تصوف کی کتب کی طرف تھا۔ وہ کتب جن میں رنگوں کے ظاہر و باطن کی معلومات ذخیرہ ہیں۔ جو معلومات میں نے ڈائری میں لکھیں، ان میں کچھ آپ کے لئے منتخب کی ہیں۔

'' رنگ کا جو منظر ہمیں نظر آتا ہے اس میں روشنی، آکسیجن گیس، نائیٹروجن گیس اور قدرے دیگر گیسیں (gases) بھی شامل ہوتی ہیں۔ ان گیسوں کے علاوہ کچھ سائے (shades) بھی ہوتے ہیں جو ہلکے ہوتے ہیں یا دبیز، کچھ اور اجزا اسی طرح آسمانی رنگ میں شامل ہو جاتے ہیں۔ ان ہی اجزا کو ہم مختلف قسمیں کہتے ہیں یا مختلف رنگوں کا نام دیتے ہیں۔''

(کتاب: رنگ و روشنی سے علاج)

یہ نظریۂ رنگ و نور کے محقق خانوادہ سلسلہ عظیمیہ عظیمی صاحب کی تصنیف ہے۔ مندرجہ بالا اقتباس میں کئی سوالات کا جواب ہے جیسے کہ میں سوچتی تھی کہ خلا اسکرین کیسے بنتی ہے۔

''دراصل فضا کیا ہے؟ رنگوں کی تقسیم ہے۔ رنگوں کی تقسیم جس قدر ہوتی ہے وہ اکیلے فوٹان کی رَو سے نہیں ہوتی بلکہ ان حلقوں سے ہوتی ہے جو خود فوٹان بنتے ہیں۔ جب فوٹانوں کا ان حلقوں سے ٹکراؤ ہوتا ہے تو اسپیس یا رنگ وغیرہ کئی چیزیں بن جاتی ہیں۔''

مذکورہ کتاب کے باب سوم میں لکھا ہے،

''لہروں کے ذریعے انسان کے اندر رنگ ٹوٹ کر زندگی بنتے ہیں۔ جب یہ رنگ انسانی جسم میں اپنی صحیح مقدار میں موجود ہوتے ہیں تو انسان بالکل تندرست رہتا ہے۔ اگر ان رنگوں میں اعتدال باقی نہ رہے تو کوئی نہ کوئی بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر رنگ کی مقدار کو کنٹرول کر لیا جائے تو مرض کا علاج ہو جاتا ہے۔ ان رنگوں کی کمی کو پورا کرنے یا زیادتی کو ختم کرنے کے لئے سورج کی شعاعوں اور روشنی سے مدد لی جاتی ہے۔''

تحریر سے ظاہر ہے کہ جسم رنگوں سے بنا ہے۔ ابھی رنگ کی بنیاد روشنی کی بات نہیں ہو رہی۔ رنگوں میں بے اعتدالی سے ذہنی و جسمانی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اب جاننا بہت ضروری ہے کہ رنگ کیا ہیں — ؟ وہ لکھتے ہیں کہ رنگ مقداریں ہیں۔ میں نے اسے مثال سے سمجھا کہ اگر میں کسی شے کو مختلف تناسب میں تقسیم کروں تو کئی مقداریں ظاہر ہوتی ہیں۔

۱۔ شے میں تقسیم ہونے کی صلاحیت ہے۔
۲۔ ہر تقسیم ایک مقدار ہے جو مزید تقسیم ہوتی ہے۔
۳۔ شے مقداروں کا مجموعہ ہے اس لئے تقسیم ہو جاتی ہے۔

مغربی ملک کے ایک کثیر الاشاعت اخبار کی نمائندہ نے عظیمی صاحب کا انٹرویو کیا۔ پہلے رنگوں کے اوپر بات ہوئی کہ رنگ ساری کائنات کی اصل ہیں اور ان کے امتزاج سے نوعوں کا وجود قائم ہے۔ قصہ مختصر وہ بہت

متاثر ہو کر گئیں اور کہا رنگوں کی یہ عجیب وغریب تھیوری ہم آئندہ بدھ کو اخبار میں شائع کریں گے۔ بات ایڈیٹر سے ڈائریکٹر تک پہنچی پھر بورڈ بیٹھا اور انٹرویو شائع نہیں ہوا۔ انہوں نے باقاعدہ معذرت کی کہ بورڈ کی رائے یہ ہے کہ انٹرویو شائع نہ کیا جائے۔

انٹرویو اس لئے شائع نہیں ہوا کہ وہ اپنی عوام کو یہ نہیں بتانا چاہتے تھے کہ کوئی مسلمان رنگوں کی کائناتی تھیوری جانتا ہے۔ مجھے یہ بات جان کر افسوس ہوا کہ ایک محدود ذہن نے کتنے لوگوں کو حقیقی علم سے دور کر دیا۔ اگر رنگ کی تھیوری عوام تک پہنچتی تو اس پر بڑے پیمانے پر تحقیق کی جاتی اور یونی ورسٹیوں میں رنگ وروشنی کے شعبے قائم ہوتے۔

خوش آئند بات یہ ہے کہ جن لوگوں اور معاشروں نے اس علم کو قبول کیا، وہ خود ایک درس گاہ بن گئے یعنی علم رکا نہیں، جاری ہے۔

جب رنگ تخلیقات ہیں اور نسل کی افزائش کا نظام ان پر قائم ہے تو میں نے ہر رنگین شے پر غور کرنا شروع کیا—اور پھر دیکھا کہ یہاں کوئی شے بے رنگ نہیں۔ خاکی اور خاک میں بے شمار رنگ، آسمان کے رنگ، سورج، چاند، بارش، بادل، پہاڑ، رنگ رنگ پرندے اور حیوانات، خلا کا رنگ جس کا تجربہ قوسِ قزح سے ہوا۔ گرمی، سردی، رات اور دن کا رنگ، بال اور آنکھوں کا رنگ، ناک کا بیرونی اور اندرونی رنگ، زبان، دانت، حلق، نرخرے، جلد، دل کا اندرونی و بیرونی رنگ، معدہ، جگر، پھیپھڑے، گوشت، کھال، ہڈی اور جسم کا ظاہری رنگ۔ غرض کہ ہر مخلوق رنگوں کا امتزاج ہے۔

''اور یہ جو بہت سی رنگ برنگ کی چیزیں اس نے تمہارے لئے زمین میں پیدا کی ہیں ان میں غور کرنے والوں کے لئے نشانی ہے۔'' (النحل: ۱۳)

جو رنگ سامنے آیا اس کے پس پردہ ایک اور رنگ تھا۔ لگتا ہے کہ رنگوں نے دنیا کو طلسم کدہ بنا دیا ہے۔ کہیں سے آواز سنائی دی،

دنیائے طلسمات ہے ساری دنیا
کیا کہئے کہ ہے کیا یہ ہماری دنیا
مٹی کا کھلونا ہے ہماری تخلیق
مٹی کا کھلونا ہے یہ ساری دنیا

ذہن راہ نمائی کر رہا تھا۔ کس کا ذہن—؟ مجھے نہیں معلوم! میں اتنا جانتی تھی کہ جو بندہ نظام کائنات میں تفکر کرتا ہے، قدرت اس کی مدد کرتی ہے اور ہر وہ شے سامنے لاتی ہے جس کی پرتوں کو کھول کر وہ منزل تک پہنچے۔ اشیا پر تفکر کیسے کرتے ہیں، یہ منزل بھی انسان دوست ہستی نے آسان کی۔

''آیئے فروٹ کے اوپر غور وفکر کرتے ہیں۔ یہ ایک صحت مند اور خوب صورت بڑی نارنگی ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ اس کی کوئی چیز بے رنگ نہیں۔ چھلکے کے اوپر کا حصہ خوش رنگ اور چمک دار نارنجی ہے۔ چھلکے کے اندر کا حصہ سفید ہے۔ چھلکے سے بنا ہوا غلاف کھول کر دیکھیں تو اندر ہمیں آپس میں جڑی ہوئیں قاشیں

ملتی ہیں۔ ہر قاش کے اوپر ایک پردہ ہے یہ پردہ بھی رنگین ہے۔ اسی پردے کے نیچے tissues ایک دوسرے سے پیوست نظر آتے ہیں۔ یہ بھی رنگین ہیں۔ tissues کے درمیان بیج ہے۔ یہ بیج بھی دو رنگوں سے مرکب ہے۔ کوتاہ عقل انسان کتنا بے شعور ہے کہ رنگین چیز کو 'نارنگ' کہتا ہے۔''

میں نے تحقیق و تفکر کے اس طریقِ کار کو ڈائری میں اتارا کہ اسے سامنے رکھتے ہوئے ہر شے پر غور کروں گی۔ یہ تفکر کا آسان طریقہ ہے جس پر عمل کر کے کوئی بھی حقیقی علوم سے واقف ہوسکتا ہے۔

غور و فکر سے نظر میں اتنی وسعت پیدا ہوتی ہے کہ ایک وقت کے بعد ہمیں احساس ہوتا ہے کہ دنیا میں موجود ہر شے لہروں پر قائم ہے۔ لہر کا خیال آنے کی وجہ یہ ہے کہ میں نے دیکھا رنگ کہیں سے آتے ہیں اور کہیں چلے جاتے ہیں۔ کائنات میں اطلاع کو لانے اور لے جانے کی ذمہ داری لہروں کی ہے۔

مضمون کا خلاصہ لکھنے کی کوشش کی تو میرا ذہن کھلا کہ رنگوں کی وجہ سے چیزوں میں فاصلہ قائم ہے۔ کبھی فاصلہ بڑھتا ہے، کبھی سمٹتا ہے، سمٹ کر پھیلتا ہے اور پھر غائب ہو جاتا ہے یعنی رنگوں میں تغیر ہے۔

ابدالِ حق فرماتے ہیں،

''رنگ کا مفہوم دوری ہے، رنگ برنگ دنیا سے ایک مراد یہ بھی لی جاسکتی ہے کہ ہر شے تغیر پذیر ہے۔ نطفے سے بچپن، جوانی، شباب، بڑھاپا یہ سب وہ تغیرات ہیں جن سے رنگ آمیزی ظاہر ہوتی ہے۔''

> **خلا میں رنگ**
>
> ''دراصل فضا کیا ہے ــــ؟ رنگوں کی تقسیم ہے۔ رنگوں کی تقسیم جس قدر ہوتی ہے وہ اکیلے فوٹان کی رَو سے نہیں ہوتی بلکہ ان حلقوں سے ہوتی ہے جو خود فوٹان بنتے ہیں۔ جب فوٹانوں کا ان حلقوں سے ٹکراؤ ہوتا ہے تو اسپیس یا رنگ وغیرہ کئی چیزیں بن جاتی ہیں۔''

قرآن کریم پر غور کیا جائے تو رنگوں میں سب سے اچھا رنگ اللہ کا ہے کہ اس میں دوری نہیں ہے اور نہ اس میں تغیر ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اللہ کا رنگ اختیار کرو اس کے رنگ سے اچھا اور کس کا رنگ ہے اور ہم اللہ کی بندگی کرنے والے لوگ ہیں۔'' (البقرۃ: ۱۳۸)

تفکر سے ذہن میں محدود زاویے ٹوٹتے ہیں اور بندہ دائرے میں داخل ہوتا ہے۔ دائرہ محدودیت کی قید سے آزاد کر کے اس رنگ میں داخل کرتا ہے جس میں اول، آخر، ظاہر اور باطن ایک ہیں۔

وہی ہست ہے وہی بود ہے
وہی رنگ و بو کی نمود ہے
وہی عکس ہے وہی آئینہ
وہی لوح لوح قلم قلم

عابد محمود

آئینہ

پھر وہ سینہ پھلائے چھوٹے بیٹے غیور کی کلاس میں داخل ہوا اور فخر سے کلاس ٹیچر کو اپنا تعارف کروایا، میں غیور کا والد ہوں، میرا نام سرمد ہے۔

بہن جی یہ بہترین سوٹ ہے، نیا ڈیزائن آیا ہے۔ ملازم نے تھان کھول کر دکھاتے ہوئے کہا۔ سرمد نے بیگم سے کہا، سوٹ اچھا ہے۔ اس نے بیزاری سے دوسرے سوٹ کی طرف اشارہ کیا۔

بہن آپ کی پسند نفیس ہے۔ یہ دیکھیں زری کس قدر نفاست سے کی گئی ہے۔ چادر پر کام نے سوٹ کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ کپڑا دیکھیں بھائی صاحب! اب ملازم خاتون کے شوہر کی طرف متوجہ ہوا۔

وہ مرکزی بازار میں خواتین کے ملبوسات کی ایک چھوٹی دکان پر تھے۔ ملازم کی حتی الامکان کوشش تھی کہ خاتون کسی طرح سوٹ خرید لے۔ خاتون ایک کے بعد ایک تھان کھلوا کر دیکھتی رہی اور گھنٹا گزر گیا۔ سرمد نے غور کیا کہ ان کی موجودگی میں کوئی اور گاہک دکان میں داخل نہیں ہوا۔ اتنے میں کلف لگی ہوئی شلوار قمیص پہنے صاحب آئے اور سوالیہ نظروں سے ملازم کو دیکھنے لگے۔ ملازم کے ماتھے پر لکیریں گہری ہوگئیں۔ وہ صاحب خاموشی سے اپنی کرسی پر بیٹھ گئے۔

خاتون شوہر سے بولی، چلیں کہیں اور دیکھتے ہیں۔

سرمد نے سرگوشی میں کہا، ایک گھنٹا اس نے تمہارے ساتھ مغزماری کی ہے۔ کوئی ایک سوٹ تو خرید لو۔

بیگم نے بے حسی سے اٹھتے ہوئے کہا، یہ اس کے روز کا معمول ہے۔ کچھ پسند نہیں آ رہا تو کیسے خرید لوں۔

انہیں اٹھتا دیکھ کر ملازم بولا، بہن! ایک سوٹ آپ کو اپنی مرضی کا دکھاتا ہوں۔ یہ دیکھیں، کھلتا ہوا رنگ ہے، مناسب قیمت لگا دوں گا۔ خاتون نے تنقیدی نظر سے سوٹ دیکھتے ہوئے کہا، نہیں بھائی رہنے دیں۔

ملازم مایوسی سے تھان لپیٹنے لگا۔

سرمد کو دکان سے خالی ہاتھ نکلتے ہوئے اچھا نہیں لگا۔ سوٹ کی قیمت پوچھی۔ بیگم نے کہا، اتنا مہنگا۔ اور آدھی قیمت بتا کر بولی کہ اتنے میں دے دو۔ ملازم نے انکار کر دیا کہ اتنی تو ہماری اپنی خرید نہیں ہے۔ بیوی کے چہرے پر ناگواری کے باوجود سرمد نے سوٹ خرید لیا۔

آپ ایسے ہی فضول خرچی کرتے ہیں۔ سوٹ اتنا اچھا تو نہیں ہے۔ چلیں آگے بڑی دکان ہے۔ بیگم نے

مصنوعی ناراضی سے کہا۔ اس نے گھڑی دیکھی اور بیزاری سے بولا، مجھے بہت ضروری کام سے جانا ہے۔ ایک گھنٹے میں تم نے ایک سوٹ پسند نہیں کیا۔

پانچ چھ دکانیں چھوڑ کر بڑی دکان میں داخل ہوئے جو گاہکوں سے بھری ہوئی تھی۔ کاؤنٹر پر موجود شخص بولا، باجی تھوڑی دیر بعد آئیں، ابھی دکان خالی نہیں ہے۔

سرمد کو لہجہ پسند نہیں آیا۔

ایک کرسی خالی ہوئی تو سرمد کی بیگم فوراً بیٹھ گئی اور سوٹ دکھانے کی فرمائش کی۔ سیلز مین روکھے لہجے میں بولا، باجی سامنے سوٹ پڑے ہیں۔ سرمد نے سیلز مین کے رویے پر برہمی سے کہا، اسے بات کرنے کی تمیز نہیں ہے۔ بیگم نے فوراً چپ رہنے کا اشارہ کیا اور منٹوں میں پانچ سوٹ پسند کر لئے۔ وہ حیران تھا کہ چھوٹی دکان میں تھان کے تھان کھول کر دکھائے اس نے ایک سوٹ پسند نہیں کیا اور منہ بناتی رہی جب کہ یہاں سوٹ کھولے بغیر پیکٹ میں سے دیکھ کر پانچ سوٹ خرید لئے۔ ان میں بعض ڈیزائن تقریباً وہی تھے جو یہ صاحبہ پچھلی دکان میں چھوڑ آئی تھیں۔

بل دیکھ کر سرمد کے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے۔

فوراً بولا، بھائی صاحب! پچھلی دکان پر تو یہ سوٹ اس سے کم قیمت پر مل رہے ہیں۔

وہ بولا، پھر آپ وہیں سے خرید لیں۔

بیگم نے ہاتھ دبایا کہ کیا ناک کٹواؤ گے!

بل تھماتے ہوئے اس نے کہا، ہماری دکان پر قیمت مقرر ہے، یہاں کم یا زیادہ نہیں ہوتا۔

دکان سے باہر آ کر بیگم فوراً سے بولی، آپ کو دیر ہو رہی تھی اس لئے میں نے وقت ضائع کئے بغیر سوٹ پسند کر لئے۔ سوٹ ایسا جو پہلی نظر میں اچھا لگے۔

وہ طنزیہ لہجے میں بولا، جب پہلی نظر میں دکان اچھی لگے تو سوٹ خود بخود اچھا لگتا ہے۔

وہ بیگم کی نفسیات سمجھ گیا تھا اور سوچ رہا تھا کہ چھوٹی دکان پر اخلاق اچھا اور ملازم نے سر توڑ کوشش کر لی لیکن کپڑے اچھے ہونے کے باوجود اس نے نہیں لئے، الٹا باتیں سنا دیں۔ بڑی دکان پر ملازموں کے روکھے لہجے کے باوجود اس قدر رش! لگتا ہے کہ یہ صرف میری بیگم کی نہیں، اکثریت کی نفسیات ہے۔

موسم کی تبدیلی سے بچے زیادہ انفیکشن کا شکار ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے نسخہ لکھتے ہوئے خاتون کے سپرد کیا اور دوائی کھانے کے اوقات کار بتا کر سرمد کی طرف متوجہ ہوئے۔ جی جناب!

ڈاکٹر صاحب کافی دنوں سے نزلہ زکام ہے۔ کھانسی کا شدید دورہ پڑتا ہے۔ کھانستے ہوئے بتایا۔

ڈاکٹر نے اسٹیتھو اسکوپ سے معائنہ کیا اور نسخہ لکھ کر سرمد کی طرف بڑھاتے ہوئے بولے، ایک ہفتے بعد دوبارہ معائنہ کرائیں۔ سرمد بیماری کی وجہ جاننا چاہتا تھا۔

ڈاکٹر صاحب بلغم کے ساتھ خون کیوں آ رہا ہے؟

بلغم جم گیا ہے جس سے سینے میں انفیکشن ہے۔

ماحول میں آلودگی زیادہ ہے اورناقص غذا اور مرچ مسالوں کے زیادہ استعمال کی وجہ سے قوت مدافعت کم زور ہے۔ڈاکٹر نے مریضوں کی لمبی لائن دیکھ کر تیزی سے اکتائے ہوئے لہجے میں جواب دیا۔

پھر تو قوت مدافعت کا علاج ہونا چاہئے ۔اس نے الجھے ہوئے لہجے میں پوچھا۔

تمہارے سمجھنے کے لئے اتنا بہت ہے کہ اس موسم میں احتیاط بہت ضروری ہے ، اور اگلے مریض کے لئے نیکسٹ کی آواز لگادی۔اسپتال اچھا اور ڈاکٹر بھی معروف تھا۔سرمد برا منائے بغیر تیزی سے کرسی سے اٹھا اور شکریہ ادا کرتے ہوئے باہر آ گیا۔

اسکول کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کی۔آج پیرنٹس ٹیچر میٹنگ تھی۔بیٹے یہاں پڑھتے تھے۔پہلے بڑے بیٹے کی کلاس میں گیا۔وہ بچوں کے اسکول کم آتا تھا۔ پڑھائی کے معاملات بیگم دیکھتی تھی۔

مس کو بیٹے کا نام بتایا تو وہ مسکراتے ہوئے بولیں، آپ شائق کے والد ہیں۔ماشاء اللہ وہ ذہین ہونے کے ساتھ باادب ہے۔آپ سے مل کر خوشی ہوئی ۔ والدین مہذب اور سمجھ دار ہوں تو بچوں کی تربیت اچھی ہوتی ہے۔دیگر والدین چاہتے ہیں کہ ان کے بچے شائق کے ساتھ بیٹھیں اور دوستی کریں۔

سرمد کا سینہ خوشی سے پھول گیا۔شائق کے ہر مضمون میں شان دار نمبر تھے۔کلاس میں اول پوزیشن آئی تھی۔

سرمد نے عاجزی ظاہر کرتے ہوئے مس سے پوچھا، مزید ہدایت جو آپ شائق کے لئے دینا چاہیں۔

مس نے بتایا کہ ہم ذہین بچوں کے والدین کو موقع دیتے ہیں کہ وہ دوسرے والدین کو بتائیں کہ تربیت کیسے کی جاتی ہے۔اس سال اسکول نے لیکچر کے لئے آپ کا نام منتخب کیا ہے۔سرمد کو اپنی تربیت پر فخر محسوس ہوا۔بیگم کی خدمات کا دل میں اعتراف کیا جس نے بچوں کی تعلیم کے ساتھ تربیت پر وقت دیا۔

پھر وہ سینہ پھلائے چھوٹے بیٹے غیور کی کلاس میں داخل ہوا اور فخر سے کلاس ٹیچر کو اپنا تعارف کروایا، میں غیور کا والد ہوں، میرا نام سرمد ہے۔

مس نے چونک کر دیکھا اور چہرے پر ناگواری پھیل گئی۔آپ غیور کے والد ہیں ــــ؟

جی میں ہی غیور کا والد ہوں۔

مس نے رپورٹ نکال کر سرمد کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا، افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آپ کا بچہ بدتمیز اور بدزبان ہے۔پڑھنے کا شوق نہیں ہے۔

سرمد کو لگا کہ کانوں نے غلط سنا ہے۔

ہم بچوں کو علم دے سکتے ہیں، تربیت بہرکیف ماں باپ کو کرنی ہے۔آپ تربیت نہ کریں اور یہ فرض بھی ہم پر چھوڑ دیں تو معذرت کے ساتھ یہ کام اسکول نہیں کرسکتا۔آپ نے اسے بڑوں سے بات کرنے کی تمیز نہیں سکھائی ؟اس کی ڈھٹائی دیکھ کر لگتا ہے کہ گھر میں ہر ضد پوری کی جاتی ہے۔

سرمد بڑبڑایا، لیکن میرا بیٹا تو ایسا نہیں ہے۔

مس ہنس دیں اور کہا، سارے ماں باپ یہی کہتے ہیں۔ آپ اس کی رپورٹ دیکھیں، لگتا ہے کہ گھر پر اس کی پڑھائی کو وقت نہیں دیا جاتا۔ کتنی مرتبہ میں نے کاپی میں لکھ کر بھجوایا کہ وقت دینے کی ضرورت ہے۔ تقریباً سارے مضامین میں فیل ہے۔ سرمد صاحب! بچے ذہین ہوتے ہیں، ماں باپ تربیت سے انہیں کند ذہن بنا دیتے ہیں۔

سرمد کے پھولے ہوئے سینے سے ہوا نکل گئی۔

والدین شکایت کرتے ہیں کہ ہمارے بچے کو غیور کے ساتھ مت بٹھائیں وہ بدتمیز ہو رہے ہیں۔

مس نے کہا، میری رائے ہے کہ آپ پیرنٹس ٹیچر میٹنگ کے بعد ہونے والی تقریب میں ضرور شرکت کریں جس میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے بچوں کے والدین تربیت کے نکات پر بات کریں گے۔

سرمد ان کو کیسے بتاتا کہ آج تربیت پر لیکچر دینے کے لئے منتخب کیا جانے والا والد میں ہی ہوں۔

وہ حیران تھا کہ بچوں کی تربیت میں تضاد کیسے آیا؟

سرمد زندگی میں ایسے موڑ پر تھا جہاں اپنا آپ اس کے لئے سوالیہ نشان تھا۔ اسے بیوی کا بڑی دکان سے متاثر ہونا اچھا نہیں لگا جب کہ وہ خود بڑی فیس لینے والے ڈاکٹر سے متاثر تھا۔ کیسے ممکن ہے کہ ایک گھر میں رہنے والے دو بچے الگ ذہن کے ہوں۔ تعلیم میں دلچسپی کے حوالے سے فرق ہوسکتا ہے لیکن اخلاقی تربیت میں فرق کیسے آیا۔ کیا ہم میاں بیوی کی شخصیت میں تضاد ہے—؟

مس نے کہا کہ سارے ماں باپ یہی کہتے ہیں کہ ہمارا بچہ ایسا نہیں۔ ماں باپ میں اپنے بچے کی غلطی کو قبول کرنے کی عادت نہیں ہے۔ وہ اس بات کو رد کر دیتے ہیں کہ ان کا بچہ غلط ہوسکتا ہے۔

اس نے اپنے اردگرد ہر شے کو ٹوٹتے ہوئے دیکھا اور دبے قدموں سے اسکول سے باہر آ گیا۔

سامنے دو راستے تھے۔ آیا انکار کر دے کہ ہماری تربیت میں خامی ہے یا ٹوٹی ہوئی عمارت کی از سر نو تعمیر کرے۔ سرمد نے دوسرے راستے کا انتخاب کیا۔

وہ جانتا تھا کہ اس کی ابتدا کیسے کرنی ہے۔

اپنی اور بیگم کی تربیت سے!

★ اس مضمون میں کئی سوال ہیں۔ ہر کردار میں اچھائی اور خامی کی نشان دہی ہے۔ ملبوسات کی دکان سے لے کر اسکول تک کے واقعات میں مشترک نکتہ احساس کی کمی ہے۔ جس ٹیچر نے بچے کی شکایت کی اس کا رویہ بھی سخت تھا۔ تربیت استاد اور ماں باپ دونوں کی ذمہ داری ہے اور بات بیان کرنے کا طریقہ بھی ادب ہے۔ مضمون غور سے پڑھیں اور سوچیں کہ کیا آپ کو ان کرداروں میں اپنی تصویر نظر آتی ہے—؟

ڈاکٹر سعیدہ شفیق میمن

اللہ کے دوستوں کی باتیں

ایثار مرید سے زیادہ مرشد کرتا ہے کیوں کہ وہ تربیت کے لئے ایک بار پھر ان مقامات سے گزرتا ہے جن سے وہ اپنی تربیت کے دوران گزر چکا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وہ انتہائی تحمل اور صبر کا مظاہرہ کرتا ہے کیوں کہ ذہن تبدیل کرنا جوئے شیر لانے سے زیادہ مشکل ہے۔

روحانی ترقی میں بڑی رکاوٹ ''میں'' ہے۔ جب تک بندہ ''میں'' سے چھٹکارا نہیں پالیتا، روحانیت میں داخل نہیں ہوتا۔ نظام کا حصہ بہت لوگ بنتے ہیں مگر ہر فرد نظام میں شامل نہیں ہوتا۔ اغراض ومقاصد نہ سمجھیں اور قواعد وضوابط پر عمل نہ ہو تو ادارہ ایسے فرد کو قبول نہیں کرتا، بے دخل کر دیتا ہے۔ دنیا کے ہر نظام کی طرح روحانی سلاسل کا بھی یہی نظام ہے۔ کئی لوگ ساتھ چلتے ہیں، مگر قبولیت انہیں ملتی ہے جو اپنی سوچ کی نفی کر کے روحانی استاد کا ذہن قبول کرتے ہیں۔ بظاہر سب سمجھتے ہیں کہ ہم روحانی اسکول میں ہیں مگر سبق اسی کو ملتا ہے جو باقاعدگی سے حاضر ہوتا ہے۔

قرآن کریم کی تعلیمات سمجھاتی ہیں کہ تخلیق کا مقصد خالق سے واقف ہونا اور صفات کا عرفان ہے۔ ہم اپنے اردگرد نفسانفسی دیکھتے ہیں اور محسوس کرتے ہیں ہر شخص خود فریبی کے جال میں جکڑا ہوا ہے۔ وہ کام یابی خود سے منسوب کرتا ہے اور ناکامی پر خود کو مظلوم سمجھتا ہے۔ خود فریبی کے معنی خود کو دھوکا دینا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کا ذہن حقیقت قبول کرنے کے لئے آمادہ نہیں۔ وہ دنیا کو نہیں، اپنے ذہن کی دنیا دیکھتا ہے اور اسی کو دنیا پر قیاس کرتا ہے۔

قرآن کریم کی تعلیم یہ ہے کہ

''تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں۔''

جب بندہ خود کو عقلِ کل سمجھ لے تو قلب غفلت میں گم ہو جاتا ہے۔ اللہ رب العزت اپنے بندوں کو کسی حال میں بے یار و مددگار نہیں چھوڑتا۔ مختلف طریقوں سے راہ نمائی کرتا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے تقریباً 16 مقامات پر اولی الالباب بندوں کو مخاطب فرمایا ہے۔ اولی الالباب کا اردو زبان میں ترجمہ ''صاحبِ عقل ودانش'' ہے۔

آخری الہامی کتاب میں ارشاد ہے،

''اے نبیؐ، وہ اللہ ہے جس نے یہ کتاب تم پر نازل کی

ہے۔ اس کتاب میں دو طرح کی آیات ہیں۔ ایک محکمات جو کتاب کی اصل بنیاد ہیں، اور دوسری متشابہات۔ جن لوگوں کے دلوں میں ٹیڑھ ہے، وہ فتنے کی تلاش میں ہمیشہ متشابہات کے پیچھے پڑے رہتے ہیں اور ان کو معنی پہنانے کی کوشش کیا کرتے ہیں حالاں کہ ان کا حقیقی مفہوم اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا سوائے اس کے جو لوگ علم میں پختہ کار ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمارا ان پر ایمان ہے، یہ سب ہمارے رب ہی کی طرف سے ہے، اور سچ یہ ہے کہ کسی چیز سے سبق اولی الالباب حاصل کرتے ہیں۔'' (آل عمران: ۷)

آیت پر غور کرنے سے معنی روشن ہوتے ہیں کہ اولی الالباب نصیحت قبول کرنے اور یقین رکھنے والے ہیں کہ سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے۔ اس حقیقت سے متعارف کرانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام مبعوث فرمائے۔ خاتم النبیین حضرت محمدؐ کے بعد آپؐ کے روحانی علوم کے وارث اولیاء اللہ نے خلق خدا کو اللہ کی محبت اور رسول پاکؐ کی اطاعت سے روشناس کیا۔ انسانی ذہن کو انبیائے کرام کی تعلیمات سے واقف کرانے کے لئے ''اولی الالباب'' ہستیاں ہمہ وقت مصروف رہتی ہیں۔

روحانی سلاسل صدیوں سے قائم ہیں۔ سب کا مقصد رسول اللہؐ کی روحانی تعلیمات کی ترویج اور مخلوق کی خدمت ہے۔ اللہ کے دوست، اولیاء اللہ نے محبت سے اس پیغام کو پھیلایا ہے، جوق در جوق لوگ ان کے در پر آتے ہیں اور یہ سلسلہ ان ہستیوں کے پردہ فرمانے کے بعد بھی جاری رہتا ہے۔

سلسلہ عظیمیہ بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

سلسلہ عظیمیہ کے امام ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاءؒ مادی طور پر اس دنیا میں 1898ء سے 1979ء تک رہے مگر آپ کا روحانی فیض جاری ہے۔ ابدالِ حق کی تعلیمات یقین کی دنیا روشن کر کے ''میں'' سے نکلنے میں مدد دیتی ہیں۔

چھوڑ دیا ہے 'جز' کو 'کل' سے ہے کام
جن کا عدم مقام، بن ان کے کیا جینا ری!

خانوادہ سلسلہ عظیمیہ فرماتے ہیں،

''راسخ فی العلم لوگ اس بات کا مشاہدہ کر لیتے ہیں کہ ہر مظہر کا تعلق، ہر وجود کا تعلق، ہر عمل کا تعلق، ہر حرکت کا تعلق لوح محفوظ سے ہے۔ اس لئے وہ برملا اس کا اعلان کرتے ہیں کہ ہر چیز اللہ کی طرف سے ہے۔ راسخ فی العلم لوگ چوں کہ لوح محفوظ کے نقوش کا مشاہدہ کر لیتے ہیں اس لئے وہ کسی تکلیف یا آرام کو عارضی تکلیف یا عارضی آرام سمجھتے ہیں اور اس مشاہدے کے بعد ان کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو جاتی ہے کہ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں مخصوص کر دی ہیں وہ ہمیں ہر حال میں میسر آئیں گی اور یہ یقین ان میں استغنا کی طاقت پیدا کر دیتا ہے۔ استغنا بغیر یقین کے پیدا نہیں ہوتا اور یقین بغیر مشاہدے کے تکمیل نہیں پاتا اور جس آدمی میں استغنا نہیں ہے اس آدمی کا تعلق اللہ تعالیٰ سے کم اور مادیت

سے زیادہ رہتا ہے۔''

ایک مرتبہ سرورِ کائنات رسول اللہؐ نے فرمایا،

''اے لوگو! عقل مندوں سے رائے لیا کرو تاکہ تم ہدایت پاؤ اور ان کی نافرمانی نہ کیا کرو کیوں کہ اس صورت میں تم کو ندامت اٹھانا ہوگی۔''

عظیمی صاحب ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں،

حضور قلندر بابا اولیاؒ کی حیاتی میں ایک بچہ میرے پاس لایا گیا جو پولیو کا مریض تھا۔ میں انہیں مرشد کریم کے پاس لے گیا۔ ہر قسم کا علاج ہو چکا تھا مگر افاقہ نہیں ہوا۔ حضور بابا صاحبؒ نے فرمایا، ENT کے ڈاکٹر کو دکھلاؤ۔ لڑکے کے باپ نے بے یقینی کا اظہار کیا کہ ENT کا پولیو سے کیا تعلق۔ بابا صاحبؒ نے ایسے ہی فرمایا ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ ENT کو دکھا دیں آپ کا کیا حرج ہے لیکن بات ان کی سمجھ میں نہیں آئی۔''

ان صاحب کے ذہن میں شک تھا۔ وہ علم کی بنیاد سے واقف نہیں تھے اس لئے مقداروں کے قانون سے واقف ''صاحبِ علم و مشاہدہ'' کی رائے کو نظر انداز کر دیا۔ جو رائے دی گئی اب اس کی حکمت کے بارے میں عظیمی صاحب فرماتے ہیں،

''ایک مجلس میں بابا صاحب نے اس کیس کا تذکرہ فرمایا کہ ٹونسلز خراب ہونے سے کئی پیچیدہ بیماریاں ہو جاتی ہیں۔ مثلاً بچوں کو پولیو ہو جاتا ہے۔ بڑوں کے خون میں زہریلے مادے پیدا ہو جاتے ہیں۔ نظام ہضم خراب ہو کر السر ہو سکتا ہے۔ سماعت بھی متاثر ہو جاتی ہے۔ ٹونسلز ایک عرصہ تک خراب رہے تو نظر بھی کم زور ہو جاتی ہے۔ بڑوں کے جوڑوں میں درد ہونے لگتا ہے، جوڑ منجمد ہو جاتے ہیں اور آدمی چلنے پھرنے سے معذور ہو جاتا ہے۔''

مرید اگر مرشد کا ذہن قبول نہ کرے تو علم منتقل نہیں ہوتا۔ تسلیم و رضا کے لئے پہلے شاگرد کو نفی سے گزارا جاتا ہے، اس کے بعد اثبات ہوتا ہے۔

''نفی اثبات'' اصلاحِ قلب کا پروگرام ہے جس کے لئے مرید کی افتادِ طبع کے مطابق حالات پیدا کئے جاتے ہیں۔ جب کوئی شخص اولی الالباب بندوں سے اپنا تعلق خاطر جوڑ لیتا ہے تو وہ رفتہ رفتہ ''میں'' کی بندشوں سے نکلتا ہے۔ خود احتسابی کی عادت ابتدا میں گراں گزرتی ہے لیکن مستقل ضربوں سے آہستہ آہستہ اس کا ذہن اس حقیقت کو تسلیم کر لیتا ہے کہ

''کل من عند ربنا''

ہر شے اللہ کی طرف سے ہے

عجز کے اظہار میں ابدالِ حق فرماتے ہیں،

ساقی کا کرم ہے میں کہاں کا مے نوش
مجھ ایسے ہزارہا کھڑے ہیں خاموش
مے خوار عظیمؔ برخیا حاضر ہے
افلاک سے آ رہی ہے آوازِ سروش

ابدالِ حق نے تربیت کے اہم موڑ پر شاگردِ رشید

عظیمی صاحب سے فرمایا،

''زندگی گزارنے کے دو طریقے ہیں اور وہ دو طریقے یہ ہیں کہ انسان کے اندر اتنی صلاحیت ہو کہ دوسروں سے اپنی بات منوا سکے۔ انسان کے اندر اتنی صلاحیت ہو کہ دوسروں کو اپنا ہم ذہن بنا سکے۔ انسان کے اندر یہ صلاحیت ہو کہ صدیوں پرانی روایات کو سینے سے لگاتے ہوئے ان روایات کا تحفظ کر سکے۔ ان روایات کو جاری و ساری رکھنے کے لئے ساری دنیا سے مقابلہ کر سکے۔ اس طریقے کو دنیا والے خود مختار زندگی کہتے ہیں یعنی جو آپ چاہتے ہیں وہ دوسروں سے منوالیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنی نفی کر دیں یعنی خود مختار زندگی کو داغ مفارقت دے دیں۔''

مرشد اور مرید کا تعلق ایثار ہے جس میں مرید اپنی نفی کر کے مرشد کی رائے کو محترم رکھتا ہے اس طرح مرشد کا ارادہ مرید کا خیال بن جاتا ہے۔ اس قانون پر غور کریں، انکشافات ہوں گے۔

ایثار مرید سے زیادہ مرشد کرتا ہے کیوں کہ وہ تربیت کے لئے ایک بار پھر ان مقامات سے گزرتا ہے جن سے وہ اپنی تربیت کے دوران گزر چکا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وہ انتہائی تحمل اور صبر کا مظاہرہ کرتا ہے کیوں کہ ذہن تبدیل کرنا جوئے شیر لانے سے زیادہ مشکل ہے۔

خانوادہ سلسلہ عظیمیہ فرماتے ہیں،

''قانون یہ ہے کہ جو چیز خود کو فنائیت میں منتقل کر دیتی ہے وہ چیز پھیلتی ہے، بڑھتی ہے۔ برگد کا درخت آپ کے سامنے ہے۔ برگد کا بیج خشخاش کے دانے سے چھوٹا ہوتا ہے لیکن جب زمین کے اندر جا کر اپنے مادی جسم (شعوری نظام) کو فنائیت میں تبدیل کر دیتا ہے تو قدرت اس ایثار کو پسند کرتی ہے اور برگد کا بیج جو خشخاش سے چھوٹا ہوتا ہے بہت بڑا درخت بن جاتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی انسان اپنے مادی وجود (شعور نظام) کو روحانی نظام میں فنا کر دیتا ہے تو حضور قلندر بابا اولیاؒ کے ارشاد کے مطابق شجر سایہ دار بن جاتا ہے۔''

فنا سے بقا کا یہ سفر اولی الالباب بندوں کی راہ نمائی اور راہ بری کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ رب تعالیٰ ہمیں اپنے انعام یافتہ بندوں کی فہم سے آشنا کرے۔

شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے ایک بیت کا اردو ترجمہ پیش ہے جو راسخ فی العلم بندوں کے لئے ہے۔

طور سینا ہے ان کو ہر اک گام
محو نظارہ وہ صبح و شام
رازدار یقین وحدت ہیں
دور ہے ان سے کثرت اوہام
زیر پایہ جہان فانی ہے
ان کو پیارا ہے بس خدا کا نام
ان کے سجدوں کی محرمیت نے
سن لیا کوئی دل نشیں پیغام
دل ہے راز نشاط سے آگاہ
دیکھنے میں ہیں سراسر آلام
یہ ہیں نور ازل کے گرویدہ
اب کسی اور سے انہیں کیا کام

محمد عدنان خان

پورب کے ہم زاد

رنگ وچمن، عروج وزوال، عشق وسرمستی اور فنا وبقا کے رنگوں سے معمور صدیوں پر محیط داستان جس کی مکانیت تبت کی فلک بوس چوٹیوں سے لے کر ٹیکسلا کی سرسبز وادیوں تک پھیلی ہوئی ہے۔

ردا کا تعلق عرب نژاد پاکستانی خاندان سے تھا۔ پاکستان میں اپنی دوست نیلم کے گھر ذکر وفکر کی محفل میں ردا کی بزرگ سے ملاقات ہوئی جن کی توجہ نے طبیعت میں روحانیت کی طرف میلان پیدا کر دیا۔ والد کے تبادلے کی وجہ سے ردا اور نیلم کے درمیان رابطہ منقطع ہو گیا۔ ردا نے برطانیہ کی ایک یونی ورسٹی میں داخلہ لیا۔ یہاں کاربن ڈیٹنگ کے پروفیسر جی آر چوہان کے لئے ردا کی شخصیت معمّا تھی جسے جاننے میں وہ ناکام رہے۔ یونی ورسٹی کی تعلیم کے بعد جب پی ایچ ڈی آخری مراحل میں تھی تو ردا کے والد کا پھر پاکستان تبادلہ ہو گیا۔ اس نے تھیسز مکمل کرنے کے لئے ٹیکسلا کے آثار قدیمہ کا انتخاب کیا جہاں صدیوں پرانی داستان صفحۂ قرطاس پر ظاہر ہونے کے لئے ردا کی منتظر تھی۔ اسے ٹیکسلا میں صدیوں پرانے کشان دور حکومت کا شہزادہ ملا جو اس سے کچھ کہنا چاہتا تھا۔ ردا کو شہزادے سے دور رکھنے کے لئے مکروہ صورت بوڑھا سامنے آیا اور پریشانیوں کا آغاز ہوا۔ بزرگ سے ملاقات کر کے وہ سہیلی کے ہمراہ گھر جا رہی تھی کہ راستے میں بجرو لال کی وجہ سے حادثہ پیش آیا جس میں سہیلی بچ گئی لیکن وہ کوما میں چلی گئی۔ اس دوران ردا کے اندر سے روشنی کا ایک پرت نکلا اور ماضی میں سفر کرتے ہوئے ہزاروں سال پہلے لے گیا۔ اب آگے پڑھئے۔

آیوشی اور بھرگوی پھرتی سے گھر کے کام کر رہی تھیں۔ قدرت نے مجھے پہاڑی علاقے میں بھیج کر آسانیاں بھی پیدا کی تھیں۔ ان کی نظر میرے قریب رکھے ہوئے عصا پر پڑی تو چہرے پر کئی سوالات آئے۔ چمک اور روشنی سے وہ جان گئیں کہ یہ عصا معمولی نہیں۔

جس جگہ میری رہائش تھی یہ بڑے پہاڑوں کے دامن میں چھوٹے پہاڑ کی چوٹی ہموار کر کے بنائی گئی تھی۔ لگتا تھا کہ یہاں کی آبادی فقط ہم تین افراد پر مشتمل ہے۔ تیکھے نین نقوش، گندمی رنگت اور لمبے قد والی یہ بہنیں بلا کی پھرتیلی تھیں۔ ذرا دیر میں صفائی مکمل کی اور جَو کا دلیہ پکایا۔ پانی کا بندوبست کر کے وہ باہر پالتو جانوروں کی طرف گئیں۔

جسم شدید تکان کے ساتھ ایکسیڈنٹ سے پیدا ہونے والی تکلیف کا شکار تھا۔ اب مجھے بھوک لگ رہی تھی۔

ہاتھ منہ دھو کر کھانا کھاتے ہوئے والدہ ،والد اور بہن کے چہرے نظروں میں گھوم گئے۔ ہلکی سسکی کے ساتھ آنکھوں میں نمی اتر آئی کہ نہ جانے کس حال میں ہوں گے۔ دل میں کسک اٹھی مگر فوراً خود کو سنبھالا۔ میرے یہاں ہونے سے وہاں میرے گھر والے بجرو لال کے شر سے محفوظ تھے۔ دوسرا یہ کہ مجھ پر جو گزر رہی تھی اسے میں نے خود اپنے لئے منتخب کیا تھا۔

خالص دودھ میں بنے دلیے کا ذائقہ منفرد تھا۔ پیٹ بھرنے پر جسم میں توانائی محسوس ہوئی۔ میں آیوشی اور بھرگوی کو دیکھنے باہر نکلی۔ پہاڑوں پر اندھیرا پھیل چکا تھا۔ گھپ اندھیرے میں آنکھوں پر زور دیتے ہوئے راستہ تلاش کیا اور مکان کی پچھلی طرف آئی۔

یہاں دونوں بہنوں کے لئے کمرا بنا ہوا تھا جس میں سے روشنی چھن کر باہر آرہی تھی۔ دستک دی تو اندر ہڑبڑاہٹ محسوس ہوئی جیسے دستک کی آواز ان کے لئے غیر متوقع تھی۔ دروازہ تیزی سے کھلا۔ دونوں کے ہاتھ میں ڈنڈا تھا اور چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ مجھ پر نظر پڑی تو خوف کی جگہ حیرت نے لے لی۔

انہوں نے کہا، آپ گھنٹی بجا دیتیں، ہم آجاتے۔

میں نے کہا، گھنٹی کے متعلق مجھے علم نہیں تھا۔

اپنے پیچھے غراہٹ محسوس ہوئی۔ اس سے پہلے کہ میں پلٹ کر دیکھتی ،آیوشی نے ٹین کا ٹکڑا اٹھایا۔ مجھے ایک طرف کر کے باہر کی طرف دوڑ لگائی۔ بھرگوی بھی عجیب وغریب آوازیں نکالتے ہوئے دوڑی۔ آیوشی ٹین کے ٹکڑے کو زور زور سے بجا رہی تھی۔ شور شرابے میں اندھیرے میں چمکتی ہوئی کئی آنکھیں دوڑتی بھاگتی نظر آئیں۔ غالباً جنگلی جانور تھے۔

دونوں واپس آئیں تو آیوشی نے پھولی ہوئی سانس میں کہا، ہمارے لئے کیا حکم ہے؟

میں نے کہا، کچھ نہیں، تم لوگوں کو تکلیف دینے پر معذرت خواہ ہوں۔ بول کر واپس ہوئی تو دونوں مجھے گھر تک چھوڑنے آئیں۔ پھر رسی دکھائی جسے کھینچنے پر گھنٹی بجتی تھی۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے کہا، عصا کے بغیر باہر مت آیا کریں۔ دروازہ اندر سے بند کرنے کا کہہ کر دونوں روانہ ہوگئیں۔

ان کے رویے سے لگتا تھا کہ یہ سب مجھے پہلے سے معلوم ہونا چاہئے تھا۔ گویا کہیں نہ کہیں میں کسی بات کو نظر انداز کر رہی تھی۔ بستر پر لیٹی سوچوں میں گم تھی کہ چھت پر بنے ہوئے ہوادان کے نزدیک حرکت محسوس ہوئی۔ غور سے دیکھا تو خوف کی لہر وجود میں دور کر گئی۔ چھت پر گز بھر جسامت کی چھپکلی تھی۔ رنگ چھت جیسا تھا اس لئے بہت غور سے دیکھنے پر دکھائی دی۔ چھت کا جائزہ لیا تو جگہ جگہ بیسوں چھپکلیاں تھیں۔ خوف سے گھگی بندھ گئی۔ تیزی سے عصا اٹھایا۔ چھپکلیوں کے جامد وجود میں بے چینی پیدا ہوئی۔ عصا زور زور سے دیوار پر بجایا تو ان میں بھگدڑ مچی اور وہ ہوادان کے راستے فرار ہونے

لگیں۔ اس دوران کئی ایک زمین پر بھی گریں مگر تیزی سے دیوار پر چڑھ کر باہر نکل گئیں۔ بعض نے ڈھٹائی کا مظاہرہ کیا تو عصا کا رخ ان کی جانب کر دیا۔ ان کے جسم انگارے بن گئے۔ ہوا دان کھولنے بند کرنے کا سسٹم دو رسیوں پر مشتمل تھا۔ جب تمام چھپکلیاں نکل گئیں تو میں نے اسے بند کر دیا۔ اچھی طرح سے کھڑکیاں دیکھیں کہ کہیں کوئی کھلی نہ رہ گئی ہو۔ پھر میں بے چین طبیعت کے ساتھ بستر پر ڈھے گئی۔ نیند کی شدید ضرورت تھی۔

نیند آتی نہیں پھولوں پر خردمندوں کو
ہم تو دیوانے ہیں کانٹوں پہ بھی سو سکتے ہیں

مجھے مولانا جلال الدین رومیؒ کا قول یاد آیا۔

''عقل مندی کو بیچ ڈال کہ عقل مندی کی تگ و دو حواس خمسہ کے تابع ہے۔''

عقل کا وجود اس ادراک پر قائم ہے جو محدود حواس سے عمل میں آتا ہے۔ تمام اطلاعات اندر میں سے آتی ہیں لیکن عقل ان کو ''اندر باہر'' میں تقسیم کر دیتی ہے۔ کائنات کو ہم باہر سمجھتے ہیں، یہ ہمارے اندر ہے۔ اسے باہر سمجھنے سے فاصلے اور اندر دیکھنے سے وقت غالب ہوتا ہے۔ تجربہ کر لیں۔ جس شے کو آپ دیکھیں، اندر میں کوئی بتاتا ہے کہ یہ کیا ہے۔ اگر خیال نہ آئے تو ہم کسی چیز کو نہیں دیکھ سکتے۔ ذہن گہری سوچ میں گم تھا کہ کمرے میں گمبھیر نسوانی آواز گونجی،

''سکھی! تمہارے وچار گیانیوں جیسے ہیں مگر تذبذب بے وقوفوں کی مانند تمہیں بے چین کئے ہوئے ہے۔''

میں نے گھبرا کر پوچھا، کون ہو تم اور تم کیا جانو میرے تذبذب کا سبب! اپنوں کو چھوڑنے کی تکلیف سے گزرو تو میری تکلیف کا احساس ہو۔

ہلکی سی ہنسی کے ساتھ پھر آواز آئی۔

''سکھی! اللہ مخلوق سے اس کی رگِ جان سے زیادہ قریب ہے۔ جسم اصل نہیں ہے۔ حقیقت کے عرفان کے لئے روح کی معرفت درکار ہے۔ دنیا کی ظاہری چیزیں جسم سے جڑی ہوئی ہیں لیکن روح ان سے آزاد ہے۔ روح کے لئے کائنات کے مکانی فاصلے حذف ہو جاتے ہیں۔ دکھ سکھ کے موسم جسم سے بندھے ہوئے ہیں، یہ آتے جاتے رہتے ہیں اس لئے ان کے لئے پریشان ہونا تمہیں زیب نہیں دیتا۔ سو جاؤ، صبح تمہیں لوگوں کے مسائل کا حل بھی پیش کرنا ہے۔

تعجب ہوا کہ میں اور مسائل — ؟

''صبح جاگنے کے ساتھ تمہارا ذہن کھلے گا۔ تمہاری راہ نمائی کی جائے گی، اور تم اس کی مدد سے لوگوں کی راہ نمائی کرنا۔''

وادی میں قیام کا ہر دن انکشافات سے بھرپور تھا۔ ساری بات چیت سنسکرت میں تھی لیکن سمجھنے میں مجھے دشواری نہیں ہوئی۔ ماضی میں داخل ہو کر اس دور کی زبان بھی آ گئی تھی — اور پھر مجھے نیند آ گئی۔

بتایا گیا تھا کہ قریب کے علاقے سے صبح لوگ آئیں گے اور مجھے ان کو مسائل کا حل بتانا ہے۔ یہ سوچ کر

اطمینان ہوا کہ یہاں آبادی موجود ہے۔

دستک سے آنکھ کھلی۔ صبح صادق کا وقت تھا۔ ہر سو گہری خاموشی کے ساتھ فضا میں جنگلی پھولوں کی خوش بو بسی ہوئی تھی۔ سامنے میری خدمت گار ناشتے کا تھال اور گرم پانی ڈول میں لئے کھڑی تھیں۔

حسب معمول آیوشی نے ٹھیٹ زبان میں کچھ کہا۔

اندر میں مترجم نے ترجمہ کیا، سلام بی بی! ناشتہ کرلیں۔

آنکھیں ملتے ہوئے پوچھا، ادیا پراترازہ کا؟

(ناشتہ میں کیا ہے؟)

اپوپا، مڈھولا، ڈمبا، چاگا کیسرام تو مانڈا۔

(پھلکا، روٹی، شہد، انڈا، بکری کا دودھ اور بالائی)

گرم پانی سے وضو کیا۔ اس دوران عجیب کیفیت ہوئی جیسے سماعت پر سے پردے ہٹے اور نہ جانے کس مقام پر ہونے والی اذان میں نے یہاں سنی۔

غسل خانے سے نکلی تو بہنیں گھر کے کاموں میں مصروف تھیں۔ تسلی کے لئے پوچھا، کچھ سنائی دیا؟

انہوں نے سرنفی میں ہلایا۔ گویا اذان کی آواز نے صرف میری سماعت کو سیراب کیا تھا۔

دل میں گداز پیدا ہوا اور آنکھیں بھیگ گئیں۔

چٹائی بچھائی اور قبلہ رخ کرکے نیت باندھ لی۔ ایسا ارتکاز و لطف کبھی محسوس نہیں ہوا تھا۔ میں ماحول سے غافل کسی اور دنیا میں تھی۔ رب العالمین کی قربت کا احساس اتنا گہرا تھا کہ ادب پر سانس کی آمد و رفت بھی گراں تھی۔ رُواں رُواں سجدہ ریز تھا۔

سلام کے بعد دعا کی۔ خدمت گاروں کے لئے عبادت کا یہ انداز نیا تھا۔ سائل آگئے تھے، باہر سے آوازیں آرہی تھیں۔ میں ناشتہ کرنے بیٹھی تو وہ باہر نکل گئیں۔ ناشتے کے بعد انہوں نے بڑی چادر دی۔ میں نے خود کو سر سے پیر تک ڈھانپ لیا۔ مکان کے سامنے والے حصے میں لوگ میرا انتظار کررہے تھے۔

میری آمد پر خاموشی چھاگئی۔ یہ لوگ قریب کے علاقوں میں چھوٹے چھوٹے گوٹھوں میں رہتے تھے اور مسائل کے حل کے لئے ہر جمعرات کی صبح یہاں اکٹھا ہوتے تھے۔ گویا خدمت خلق کا ایک سلسلہ جاری تھا۔ خیال آیا کہ مجھ سے پہلے اس مکان میں کون تھا جو ان کے مسائل سنتا تھا—؟

لوگ مسئلہ بتاتے اور ذہن میں اس کا حل آجاتا۔ اس موقع پر انسپائریشن کے نظام نے مجھے بہت سی چیزوں کی طرف متوجہ کیا۔ مریض کو غور سے دیکھتی تو اس کی کیفیات دماغ میں روشن ہوجاتیں۔

توجہ دس بارہ سال کی لڑکی کی طرف گئی۔ وہ آگے آنے کی کوشش کرتی، لوگ اسے پیچھے کردیتے۔ تھک کر وہ ایک درخت کے تنے سے کمر ٹکا کر بیٹھ گئی۔ سب چلے گئے تو میں نے بچی کو غور سے دیکھا۔ پپڑی زدہ ہونٹ، سفید ویران آنکھیں اور پیٹ میں بھوک کی صورت بل کھاتے اژدھے کو دیکھ کر جھرجھری آگئی۔

آیوشی اور بھرگوی چیزیں سمیٹنے لگیں۔

پھر میری گمبھیر آواز پر ٹھٹک گئیں۔

نیا چھٹی! پارا ما کسانتی، گچھاتی باہر گی ہام

(ٹھہرو! آخری مریض منتظر ہے جاؤ باہر)

آیوشی کی جھجک واضح تھی۔ وہ نہ چاہتے ہوئے نچلا ہونٹ دانتوں میں دبائے آگے بڑھی۔ گویا وہ بچی کی موجودگی سے باخبر تھی۔ اسے اندر آنے سے روکنے کے پیچھے یقیناً کوئی وجہ تھی جس سے میں ناواقف تھی۔ وہ چند منٹ بعد اسے سہارا دے کر میرے سامنے لائی۔

بچی کی نظر میرے چہرے پر تھی جو جالی دار چادر سے ڈھکا ہوا تھا۔ وہ میرے قریب آنے لگی مگر آیوشی نے روک لیا۔ میں نے کہا، آنے دو اور اس کے لئے ناشتہ لے کر آؤ۔ اپنے لئے نرمی دیکھ کر بچی کی آنکھیں بھر آئیں۔ اس نے بے بسی سے سر تخت پر رکھ دیا۔ میں نے اس کے بال سہلائے اور وہ لوگوں سے ملنے والی نفرت کے زہر کو آنکھوں کے راستے بہا رہی تھی۔ لوگ ظالم کیوں ہو جاتے ہیں کہ کسی کے درد کا احساس نہیں ہوتا؟

میری نظریں سرمئی کپڑوں میں ملبوس معصوم وجود پر جمی ہوئی تھیں۔ اس کے نسمہ کے رنگ پھیکے پن کا شکار تھے جیسے وہ اذیت ناک سانحے سے گزر رہی تھی۔

ناشتے کی ٹرے آ گئی تھی۔ میرے اشارے پر آیوشی چمڑے سے بنا پانی کا ڈول اٹھا کر لائی اور منہ ہاتھ دھلا کر کھانا کھلایا۔ بچی بے یقینی سے آیوشی کی طرف دیکھتی کہ دھتکارنے والے ہاتھ آج لقمے کھلا رہے ہیں۔

لگتا تھا کہ اسے سب نے دھتکارا ہے۔

کھانے کے بعد میں اسے گھر میں لے آئی۔ اندر داخل ہوتے ہی اس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ اس سے پہلے کہ وہ لوگ اسے میرا ہاتھ پکڑنے سے روکتے، میں نے انہیں پیچھے رہنے کا اشارہ کیا۔

بچی نے التجائیہ لہجے میں کہا، مایاوی! میری ماں کو دندان سے آزاد کرا دیں۔ مجھے ان کے پاس جانا ہے۔

بات مکمل کرتے کرتے وہ بلک بلک کر رونے لگی۔ میں نے اسے قریب کیا۔ میرے پاس اس کی التجا کا جواب نہیں تھا کیوں کہ میں یہاں کے معاملات سے بے خبر تھی۔ اس کی ہچکیاں بندھ گئیں۔

بچی کو روتا دیکھ کر تسلی دی کہ کوشش کروں گی۔

اچھا یہ تو بتاؤ تمہارا نام کیا ہے؟

آستین سے آنسو پونچھتے ہوئے بولی، سلا بھا۔

سلا بھا سنسکرت میں چنبیلی کے پھول کو کہتے ہیں۔

واہ بھئی! نام تو بہت خوب صورت ہے بالکل تمہاری طرح۔ اس کا سپاٹ چہرہ ماں کی جدائی کی وجہ سے ہر طرح کے تاثرات سے عاری تھا۔

میری بات سن کر وہ محض پلکیں جھپکا کر رہ گئی۔

سلا بھا! تمہاری ماں کو تلاش کرنے کے لئے پہلے مجھے ضروری کام کرنا ہوں گے۔ ابھی بھرگوی کے ساتھ جاؤ اور سونے کی کوشش کرو۔ لگتا ہے ساری رات جاگی ہو۔ ہم اس بارے میں کل بات کریں گے۔

(قسط: ۷)



Manufacturer of
Liner & Floating Paper

PRIME PACK INDUSTRIES

C-21, S.I.T.E, Hyderabad
Tel: 022-3880627
Fax: 022-3880381

سرورق کی تشریح

ادب کا مفہوم دل سے تعمیل ہے۔ بے ادبی غفلت کا نام ہے۔ ادب بقا ہے اور بے ادبی ذلت وخسارہ ہے۔

۱۔ ابلیس کے پاس کتنا علم تھا، کتنی ریاضت وعبادت اس کے حصے میں تھی مگر تکبر نے نافرمانی کی راہ دکھلائی۔

۲۔ آدم وحوا نے شیطان کے بہکاوے میں جنت کھودی اور زمین پر آ گئے۔ رحیم وکریم اللہ نے جنت کے راستے کھلے رکھے ہیں۔ جنت ادب کے دائرے میں رہنے سے ملتی ہے۔

۳۔ اللہ کے محبوب رحمۃ للعالمین حضرت محمدؐ کی حیات مبارک ادب ہے۔ حضور پاکؐ کے امتی ہونے کی حیثیت سے اگر ہم اسوۂ حسنہ پر عمل نہ کریں تو دل بے سکون رہتا ہے۔ بے سکونی کیوں ہے ہمیں غور کرنا چاہئے۔

۴۔ قرآن کریم کا ادب اس کو پڑھنے کے ساتھ ساتھ غور وفکر میں ہے۔

۵۔ صلوٰۃ میں یکسوئی قائم ہو اور یکسوئی کے نتیجے میں مرتبۂ احسان حاصل ہو جائے تو یہ صلوٰۃ کا ادب ہے۔

۶۔ دائیں ہاتھ سے زکوٰۃ وصدقہ دیا اور بائیں ہاتھ کو خبر تک نہ ہوئی، یہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا ادب ہے۔

۷۔ تمام مفروضات کا انکار کر کے اللہ کا اثبات اور رسول اللہؐ کی اطاعت کا اقرار کلمہ طیبہ کا ادب ہے۔

۸۔ تسبیح پھیرتے ہوئے دل بھی پھر جائے تو یہ باادب بندوں کی فہرست میں شامل ہونا ہے۔

۹۔ سلطان الہند خواجہ غریب نوازؒ نے بائیس سال مرشد کی خانقاہ میں پانی بھرنے کا کام کیا اور مرشد نے انہیں باطنی علوم سے نواز کر جگمگ جگمگ ستارہ بنا دیا جس کی روشنی سے کتنے چراغ روشن ہیں۔

۱۰۔ ادب سے انسان علیین میں رہتا ہے اور بے ادبی اسفل سافلین کے گڑھے میں گرا دیتی ہے۔ ادب دل سے تسلیم کرنا ہے کہ میری نماز، میری قربانی، میرا جینا اور میرا مرنا اللہ کے لئے ہے۔ (یاسمین گل۔ فیصل آباد)

''آج کی بات'' جولائی 2017ء میں ایک واقعہ پڑھا تھا جس میں موجود حکمت اس وقت میری سمجھ میں نہیں آئی تھی۔ ''ایک نوجوان کسی ماہر فن کے پاس آیا اور کہا، آپ سے بہت متاثر ہوں اور آپ کا علم سیکھنا چاہتا ہوں، مجھے کتنے سال لگیں گے؟ استاد نے کہا، دس سال!

نوجوان نے کہا، میں بہت محنت کروں گا، حکم کی تعمیل کروں گا، علم سیکھنے کے لئے دن رات ایک کر دوں گا، مجھے

مخلص پائیں گے، اب مجھے کتنے سال لگیں گے؟ استاد نے کچھ دیر اسے دیکھا اور کہا ــــ بیس سال!''

غور کرنے پر ذہن میں بات کھلی کہ جب تک بندے کو علم کی اہمیت کا احساس نہ ہو، وہ علم کا ادب نہیں کر سکتا۔ مثلاً دس سال میں منتقل ہونے والا علم کوئی دس دن میں سیکھنا چاہے تو یہ علم کی بے ادبی ہے۔ دنیا کے علوم سیکھنے کے لئے ہم داخلہ لینے جاتے ہیں تو کورس کا دورانیہ دیکھ کر خاموشی سے فارم بھر کر آ جاتے ہیں۔ ادارے کی انتظامیہ سے کوئی یہ نہیں پوچھتا کہ دو سال میں ختم ہونے والا کورس کیا میں دو دن میں سیکھ سکتا ہوں؟ سبب یہ ہے کہ ہمارے نزدیک ظاہری علوم کی اہمیت ہے، باطنی علوم کی اہمیت کا ہمیں ادراک نہیں ہے۔ زندگی کا موازنہ کریں تو ضروریات میسر ہونے کے باوجود آدمی بے چین ہے۔ خوش بختی کا تعلق آسائشوں سے نہیں ہے، یہ خوشی عارضی ہے۔ ایک وقت کے بعد آدمی سوچتا ہے کہ میں نے کیا کھویا اور کیا پایا کیوں کہ برسوں عارضی خوشی کو سب کچھ سمجھ کر بھی وہ ناخوش ہے اور خود کو خالی محسوس کرتا ہے۔ غور کیا کہ بانصیب کون ہے؟ میں اس نتیجے پر پہنچا کہ جو شخص اللہ اور اپنے تعلق سے واقف ہو جاتا ہے وہ بانصیب ہے۔ ضرورتیں سب کی پوری ہوتی ہیں، اور یہ اللہ کا کرم ہے لیکن سکون سب کو میسر نہیں ہے۔ ہم نعمتوں کو اپنا حق سمجھ کر استعمال کرتے ہیں۔ نعمتوں پر شکر ادا کریں تو ہم سکون سے آشنا ہوں گے اور دل اپنے رب اللہ کی طرف متوجہ رہے گا۔ (محمد وقاص۔ دبئی)



علم کوئی بھی ہو، ذہن میں پہلے سے موجود علم کی نفی کے بغیر نہیں سیکھ سکتے۔ اللہ تعالیٰ نے آدم کو علم الاسما سکھایا تو فرشتوں کو سجدے کا حکم دیا۔ فرشتوں نے تعمیل کی، عزازیل نے انکار کر دیا اور بے ادبی پر راندۂ درگاہ ہوا۔

بے ادبی سے دوری پیدا ہوتی ہے اور ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں ــــ محبت قربت ہے۔

روحانیت معرفت الٰہی کی تعلیم دیتی ہے۔ مرشد مرید کو اللہ اور رسول اللہؐ سے محبت کرنا سکھاتا ہے اور بتاتا ہے کہ

جب بندہ نافرمانی کو ترک کر کے فرماں برداری کی اسپیس میں داخل ہوتا ہے تو وہ اللہ سے قریب یعنی باادب بانصیب ہوجاتا ہے۔ نافرمانی کے زون میں رہنے والوں کے لئے کوئی جائے قرار نہیں ہے۔ (ڈاکٹر زبیر احمد۔ کراچی)

قرآن کریم میں باادب بانصیب لوگوں کو مختلف اوصاف سے یاد کیا گیا ہے۔

''بے شک فرماں بردار مرد اور فرماں بردار عورتیں، اور مومن مرد اور مومن عورتیں، اور قناعت کرنے والے مرد اور قناعت کرنے والی عورتیں، اور صادق مرد اور صادق عورتیں، اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں، اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں، اور صدقہ کرنے والے مرد اور صدقہ کرنے والی عورتیں، اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں، اور حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کو بکثرت یاد کرنے والے مرد اور اللہ کو بکثرت یاد کرنے والی عورتیں، اور اللہ نے ان کے لئے تیار کی ہے بخشش اور اجر عظیم۔ کسی مومن مرد اور کسی مومن عورت کو یہ حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسولؐ کسی معاملے کا فیصلہ کردے تو پھر اسے اپنے معاملے میں خود فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل رہے۔'' (الاحزاب: ۳۵)

یہ بانصیب ہونے کے مدارج ہیں۔ خود کو اللہ کے سپرد کرنے اور نور کی فراست سے دیکھنے والے مومن مرد اور مومن عورتوں کی، قدرت خاص کفالت اور حفاظت کرتی ہے۔ (عمرانہ شاہد، حیدرآباد)

ادب سے ذہن منتقل ہوتا ہے۔ ذہن خواص کا مجموعہ ہے۔ خواص اچھے ہوتے ہیں اور برے بھی۔ اچھائی کا ادب کرنے والا اچھائی کے سانچے میں ڈھلتا ہے اور برائی کا ادب کرنے والا بدی کی تصویر بن جاتا ہے۔ ادب کے معنی خود کو جھکانا اور تعمیل ہے۔ اچھائی کا پیروکار بانصیب اور برائی کی تقلید کرنے والا بےنصیب ہے۔ ادب راہِ طریقت میں ہو تو سالک کے ذہن میں مرشد کا تشخص غالب ہونے سے اپنا تشخص مغلوب ہوجاتا ہے۔

جب عشق سکھاتا ہے آداب خود آگاہی کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی

(عبداللہ۔ کراچی)

روحانیت میں پہلا اور آخری سبق ''باادب بانصیب، بےادب بےنصیب'' ہے۔ طالب علم اگر روحانی استاد کے ہر حکم پر بلا چون و چرا عمل نہیں کرتا، روحانی علم حاصل نہیں کرسکتا۔ (عدنان نذیر۔ اٹک)

ادارہ

اولی الالباب بچے

اللہ تعالیٰ چھپا ہوا خزانہ تھے۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ مخلوق مجھے پہچانے تو محبت سے مخلوق کو تخلیق کیا اور کائنات بنائی۔ کائنات اور جو کچھ اس میں ہے وہ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ سے واقف ہونے کی نشانیاں ہیں۔ جو چھوٹے اور بڑے بچے غور و فکر کرتے ہیں وہ اولی الالباب (عقل و دانش والے) کہلاتے ہیں۔ بچو! ذہن استعمال کریں، سوچیں اور جو جواب ذہن میں آئے، ہمیں بھیج دیں۔ ہمارا پتہ ہے: بچوں کا قلندر شعور، عظیمی محلّہ، سرجانی ٹاؤن، کراچی۔

پیارے بچو! السلام علیکم ورحمۃ اللہ ــــ آپ کو ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ کا عرس مبارک ہو۔

جنوری 2020ء کا سوال جاننے کے لئے الماری کھولیں اور دیکھیں کہ آپ کے کپڑے سلیقے سے تہہ کر کے الماری میں رکھے ہیں۔ کچھ کپڑے ہینگر میں لٹک رہے ہیں۔ ان کپڑوں میں حرکت نہیں ہے یہ اپنی جگہ ساکت ہیں۔ ایک جوڑا آپ نے پہنا ہوا ہے، جو آپ کے حرکت کرنے سے ہلتا ہے۔ مثلاً الماری سے جوڑا اٹھانے کے لئے جیسے ہی آپ نے ہاتھ آگے بڑھایا، آستین میں بھی حرکت ہوئی۔ لیکن جب آپ ہاتھ نہیں ہلاتے تو کیا آستین میں حرکت ہوتی ہے؟

بچو! آستین میں حرکت ہاتھ ہلانے سے ہوتی ہے، یہ بتائیے کہ ہاتھ میں حرکت کہاں سے آتی ہے؟

ہونہار بچو! زید کے ابا ننھے منے، پیلے سفید، نیلے ہرے رنگ کے چوزے لائے۔ دو تین دن ان کے ساتھ کھیل کر زید خوش ہوا۔ ایک روز زید نے ڈربہ کھولا تو ایک چوزہ بے حرکت زمین پر پڑا ہوا تھا۔ اس کے قریب دوسرے چوزے چوں چوں کر کے شور مچا رہے تھے لیکن مرا ہوا چوزہ خاموش تھا۔ چوزے کی ٹانگیں سلامت تھیں، پنجہ ٹھیک تھا، جسم پر کھال اور کھال پر سرخ رنگ کے بال تھے لیکن کیا بات ہے کہ چوزے نے حرکت نہیں کی؟

★ جواب 20 جنوری 2020ء تک بھیج دیں۔

نومبر 2019ء کے شمارے میں سوال کیا گیا تھا کہ علامہ اقبالؒ کی نظم 'لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری' کے اشعار سے آپ کیا سمجھے۔ بڑی تعداد میں خطوط موصول ہوئے، منتخب تشریحات شائع کی جارہی ہیں۔

◇ **فزا سرور، جماعت ہشتم (فیصل آباد):** بچہ اللہ سے دعا کررہا ہے کہ مجھے روح کا عرفان مل جائے اور جیسے شمع سے دنیا کا اندھیرا ختم ہوتا ہے، میں دنیا والوں کے دل سے اندھیرا ختم کردوں۔

◇ **جویریہ جبین (متحدہ عرب امارات):** دنیا کا اندھیرا نور سے دور ہوتا ہے۔ بچے نے دعا کی ہے کہ یا اللہ! مجھے پُرنور بنا کہ میں نور سے خود بھی دیکھوں اور دوسروں کا راستہ بھی روشن کروں۔

◇ **علینہ ہاشمی (کراچی):** شمع چھوٹی ہے مگر ہمیں روشنی پہنچانے کے لئے خود پگھل جاتی ہے۔ بچے کی دعا ہے کہ یارب! مجھے بھی شمع کی طرح کارآمد بنا۔

◇ **شگفتہ زبیر، جماعت پنجم (کراچی):** بتایا گیا ہے کہ شمع خود تکلیف میں رہ کر دوسروں کو فائدہ پہنچاتی ہے۔

◇ **ثمرین ظفر، ایف ایس سی میڈیکل (سرگودھا):** یارب! میری زندگی شمع کی مانند دوسروں کو روشنی دینے والی ہو جس سے مخلوقِ خدا کو فائدہ پہنچے۔

◇ **نورالعین، جماعت چہارم (اٹک):** دوسروں کے کام آنا چاہئے، ان کے لئے قربانی دینی چاہئے۔

◇ **محمد صالح، جماعت پنجم (کراچی):** میری بھی خواہش ہے کہ اچھے کام کرکے اللہ کا دوست بن جاؤں۔

◇ **اریبہ محسن، جماعت نہم (فیصل آباد):** اللہ کا دوست بننے کی دعا کی گئی ہے کہ اے اللہ! میں آپ کا دوست بن کر دنیا سے جہالت ختم کرنا اور دوسروں کے کام آنا چاہتا ہوں۔

◇ **سلیمان ظفر، جماعت ہفتم (سرگودھا):** بچہ اللہ سے دعا کررہا ہے کہ میری دلی آرزو ہے کہ میں روشن چراغ بن جاؤں، اپنی ذات اور علم سے لوگوں کو فائدہ پہنچاؤں۔

◇ **عبدالرحمٰن انجم (فیصل آباد):** شاعرِ مشرق علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں کہ میری یہ دعا قبول ہوجائے کہ میں زندگی اللہ کے کاموں کے لئے وقف کردوں، اور لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کروں۔

دیگر نام: فرحین، عبداللہ انجم، نور، ذویان، عارف، ریان، شائستہ، مناہل، کشف، معراج الدین، منزہ .....

****

چڑیا اور باز

ہمارے دادا مرشد حضور قلندر بابا اولیاؒ نے اپنے محبوب شاگرد عظیمی صاحب کو یہ واقعہ سنایا.....

ایک پیر صاحب کے دوست کا انتقال ہوگیا۔ کچھ عرصے بعد انہیں دوست کے بچوں کا خیال آیا کہ ان سے ملنے جانا چاہئے کہ کس حال میں ہیں۔

پیر صاحب چھوٹے بیٹے کے پاس گئے۔ وہ بہت گرم جوشی سے ملا اور اپنے گھر لے گیا۔ گھر میں غربت و تنگ دستی تھی۔ خیر! پیر صاحب نے وہاں قیام کیا اور رات کو لڑکے سے پوچھا کہ تم کیا کام کرتے ہو؟ اس نے بتایا کہ والد صاحب نے بہت سمجھایا کہ پڑھ لکھ لو لیکن میں نے ان کی بات پر توجہ نہیں دی بلکہ برے لوگوں کی صحبت میں وقت گزارا۔ اب میں چڑی مار ہوں۔

پیر صاحب بولے کہ اچھا صبح میں تمہارے ساتھ چلوں گا۔ لڑکے نے عرض کیا، آپ میرے والد کے پیر صاحب ہیں۔ آپ کہاں جائیں گے۔ آپ یہاں قیام کریں۔ میں جلدی آجاؤں گا۔

لیکن پیر صاحب نہ مانے اور بولے کہ نہیں میں آپ کے ساتھ ضرور جاؤں گا۔

صبح پیر صاحب لڑکے کے ساتھ گئے۔ جال لگا دیا، دانہ ڈالا، بہت چڑیاں، طوطے اور پرندے آئے لیکن جب بھی لڑکا جال کھینچنے لگتا تو پیر صاحب فرماتے، نہیں رہنے دو، ابھی نہیں۔

جو دانہ تھا پرندے سب چگ گئے۔

شام کو خالی ہاتھ واپس آگئے۔

کچھ عرصہ یونہی چلتا رہا، جال بچھایا جاتا لیکن پرندوں کو پکڑنے سے پہلے ہی پیر صاحب روک دیا کرتے۔ جو پیسے جمع کئے تھے ختم ہوگئے۔ اب وہ قرض لے کر ضروریات پوری کرنے لگا۔ ایک وقت ایسا بھی آگیا کہ لوگوں نے قرض دینا بند کردیا۔ پیر صاحب سے عرض کیا۔ انہوں نے اپنے پاس سے روپے دے دیئے اور کچھ عرصہ یونہی کام چلتا رہا۔

ایک دن جال بچھائے بیٹھے تھے کہ ایک پرندہ آگیا۔ پیر صاحب نے فرمایا، فوراً جال کھینچ لو۔

جال کھینچ لیا۔ پرندہ پکڑ کر دیکھا تو وہ باز تھا۔

پیر صاحب نے لڑکے کو سختی سے تاکید کی کہ باز کو

شہر میں اچھے داموں فروخت کرنا۔ اس نے باز فروخت کر دیا جس سے حاصل ہونے والی رقم سے اس کے حالات اچھے ہو گئے۔

پھر پیر صاحب نے فرمایا، تیری قسمت یعنی لوح محفوظ میں پرندے پکڑنا لکھا تھا۔ چڑی بھی ایک پرندہ ہے اور باز بھی ایک پرندہ ہے۔ دونوں میں کیا فرق ــــ لیکن فرق ہے ــــ بس تو باز ہی پکڑا کر۔

اس کے بعد پیر صاحب بڑے لڑکے کے گھر گئے۔ وہ بھی بڑی گرم جوشی سے ملا، اپنے گھر لے گیا۔ اس سے حال احوال پوچھا تو اس نے بتایا کہ حالات بہت اچھے ہیں۔

پیر صاحب نے پوچھا آپ کیا کام کرتے ہیں؟

عرض کیا کہ میں سرکاری اصطبل میں گھوڑوں کی خدمت پر مامور ہوں۔

ایک رات انہوں نے لڑکے کو بلایا اور فرمایا بھئی آپ ملازمت چھوڑ دیں۔ لڑکے نے عرض کیا، پھر کیا کروں گا؟ پھر سوچا والد کے پیر صاحب ہیں اس لئے ادب کی خاطر اس نے استعفیٰ دے دیا۔

لوگوں نے کہا خوب ترقی ہوئی ہے، سرکاری ملازمت چھوڑنا تو بے وقوفی ہے۔

اس نے لوگوں کی بات پر دھیان نہیں دیا اور پیر

صاحب کے کہنے کے مطابق عمل کیا۔

ایک دن پیر صاحب نے فرمایا، دلہن کو بلاؤ۔

دلہن کے زیورات لے کر حکم دیا کہ انہیں بیچ کر اس سے اعلیٰ نسل کے گھوڑے کا بچہ خرید کر لاؤ۔

وہ خرید کر لے آیا۔

پیر صاحب نے کہا، اب اس کی خوب خدمت کرو۔ لڑکے نے گھوڑے کے بچے کو خوب کھلایا پلایا۔ گھوڑا اچھا خاصا صحت منداور جوان ہو گیا۔

انہوں نے فرمایا کہ اب اسے بازار لے جا کر اچھے داموں فروخت کرو۔

گھوڑا اچھے داموں فروخت ہو گیا۔

پیر صاحب نے فرمایا کہ اس رقم سے مزید دو یا تین گھوڑے آ جائیں گے، خرید لو۔ اسی طرح ان سب کی خدمت کرواور فروخت کر دو۔

پھر پیر صاحب نے فرمایا..... تیرا رزق گھوڑوں میں ہی ہے تو کیوں نہ تو گھوڑوں کا سوداگر بن، گھوڑوں کا ملازم ہی کیوں؟ اس طرح وہ گھوڑوں کا سوداگر بن گیا۔

بچو! روحانی استاد سے ہر فرد بلاتفریق مذہب و ملت فیض پاتا ہے۔ کسی کو ذاتی معاملات میں مشورہ درکار ہوتا ہے، کسی کو کاروبار میں برکت، کوئی اولاد کی خواہش کے لئے دعا کرنے کی درخواست کرتا ہے، اور کچھ اللہ کے دوست سے اللہ تک پہنچنے کا راستہ معلوم کرنے آتے ہیں۔ غرض جو جس نیت سے آتا ہے، ویسا پاتا ہے۔

دونوں بیٹوں نے فرماں برداری کی۔

چڑیا اور باز ــــ دونوں دانہ کھانے آئے۔ باز کی سکت چڑیا سے زیادہ ہے، اسے چڑی مار نے رکھ لیا۔ اس طرح جو شاگرد خلوص نیت سے مرشد کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے، ان کا احترام کرتا ہے، تو مرشد ایسے شاگرد کی تربیت کا خصوصی انتظام فرماتے ہیں ــــ اور اسے منزل تک پہنچا دیتے ہیں۔

باادب ــــ بانصیب

حضور قلندر بابا اولیاؒ کا نام محمد عظیم ہے۔ آپ قلندریت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہیں اس لئے لوگ آپ کو بڑی محبت سے قلندر بابا اولیاؒ کے نام سے پکارتے ہیں۔ قلندر بابا اولیاؒ کی پیدائش 1898ء میں خورجہ، ضلع بلند شہر یوپی انڈیا میں ہوئی۔ آپ کے والد کا نام حسن مہدی بدیع الدین شیر دلؒ تھا اور والدہ کا نام سعیدہ بی بیؒ تھا۔ آپ کے والدین نیک اور پرہیز گار تھے۔ بچوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیتے تھے۔

ان کے گھر میں ایک اژدہا رہتا تھا جو کئی گز لمبا اور جسامت میں موٹا تھا۔ جب کوئی مہمان گھر میں آتا تو قلندر باباؒ کی اماں اژدہے سے کہتی تھیں، اب تم اندر جاؤ، مہمان آئے ہیں۔ اژدہا چلا جاتا تھا۔ بڑی حیرت کی بات یہ ہے کہ اژدہا ان کی ہر بات سمجھتا تھا اور سعیدہ بی بیؒ اس کے کھانے پینے کا، سردی گرمی کا بچوں کی طرح خیال رکھتی تھیں۔

قلندر بابا اولیاؒ بچپن میں اس کے ساتھ کھیلتے تھے۔

قلندر باباؒ بچپن ہی سے خوش اخلاق، سمجھ دار اور باادب تھے۔ آپ کا کبھی کسی سے جھگڑا نہیں ہوا۔

(کتاب: بچوں کے قلندر بابا اولیاؒ)

شاہ کچھوا

کسی ساحلی علاقے میں مچھیروں کا قبیلہ آباد تھا۔ یہ کہانی اس قبیلے کے ایک نوجوان کی ہے۔ اس نے کم عمری میں مچھلیاں پکڑنا سیکھ لی تھیں۔ ایک روز فجر کے وقت وہ سمندر میں جال پھینک کر مچھلیوں کے انتظار میں تھا کہ جال بھاری ہو اور وہ جال کھینچ لے۔ انتظار کرتے کرتے وہ کشتی میں لیٹ گیا۔ نگاہ آسمان کی طرف تھی اور زبان پر اللہ کا ذکر جاری تھا کہ ساتھیوں کے شور کی آواز آئی۔ اس کی کشتی ساحل کے قریب تھی۔ وہ گھبرا کر بیٹھ گیا۔ دیکھا کہ ساحل پر ہم عمر ساتھی دائرہ بنا کر کھڑے ہیں۔ ان میں سے ایک نے پتھر اٹھا کر کسی چیز پر مارا اور سب ہنسنے لگے۔ پچھلے ہفتے ان لڑکوں نے پانی کی بلی کو پتھر مار کر زخمی کر دیا تھا۔

اس نے جال کو تیزی سے کھینچا۔ کنارے پر لا کر کشتی لنگر انداز کی۔ پھر بھاگتا ہوا لڑکوں کی طرف گیا۔ دیکھا کہ زمین پر زخمی کچھوا پڑا ہوا ہے جسے بچے پریشان کر رہے ہیں۔ کوئی پتھر مار رہا تھا تو کوئی پیر کھینچ کر گھسیٹ رہا تھا۔

یہ کیا کر رہے ہو، بے چارہ مر جائے گا۔

ایک لڑکے نے کہا، جب تم مچھلیاں پکڑتے ہو تو کیا وہ تڑپ تڑپ کر نہیں مرتیں؟ اس وقت خیال نہیں آتا؟ اگر یہ کچھوا مر گیا تو کیا فرق پڑتا ہے۔

ہم درد لڑکا بولا، مچھلیاں پکڑنے اور پتھر مارنے میں فرق ہے۔ پتھر مارنا ظلم ہے۔ ایسا نہ ہو ظلم کر کے تم لوگ مصیبت میں پھنس جاؤ پھر کوئی تمہاری مدد نہ کر سکے۔ یہ معصوم ہے۔ اسے مجھے دے دو۔

نادان لڑکوں نے ناگواری سے کہا، تمہیں کیوں دیں؟ اسے ہم نے پکڑا ہے۔

وہ بولا، اس کے بدلے قیمت ادا کروں گا۔

لڑکوں نے مشورہ کیا اور کہا، تم نے جتنی مچھلیاں پکڑی ہیں، اگر سب ہمیں دے دو تو یہ کچھوا تمہارا۔

ہم درد لڑکے نے سوچتے ہوئے کہا، اچھا ٹھیک ہے، جاؤ میری کشتی سے مچھلیاں لے لو۔ لڑکے کشتی کی طرف دوڑے اور آپس میں مچھلیاں تقسیم کیں۔ جب کہ ہم درد لڑکے نے زخمی کچھوے کو اٹھا کر اسے پیار کیا، باتیں کیں جیسے وہ اس کی باتیں سمجھتا ہے۔

پیارے کچھوے! تم اب محفوظ ہاتھوں میں ہو۔ پریشان مت ہو، میں تمہیں تمہارے گھر سمندر میں چھوڑنے جارہا ہوں۔ آئندہ ساحل کی طرف مت آنا، جانتے ہو لوگ تمہارے ساتھ کیا کریں گے۔

وہ کشتی کی طرف بڑھا۔ لڑکے جال خالی کر چکے تھے۔ اس نے کشتی میں کچھوے کو رکھا اور چپو چلانے لگا۔ ساحل سے تھوڑی دور جانے کے بعد کچھوے کو پیار کیا اور کہا، سنا ہے کچھوے کئی سو سال جیتے ہیں۔ آج تمہاری لمبی عمر کم ہو جاتی۔ زندگی مبارک ہو۔

بات مکمل کی تھی کہ کچھوے نے خول میں سے سر نکالا اور پھر جھکا دیا جیسے شکریہ ادا کر رہا ہو۔ لڑکا بہت خوش ہوا اور اسے پانی میں چھوڑ دیا۔

لڑکا خالی ہاتھ گھر پہنچا تو سب کو حیرت ہوئی۔ اس نے بتایا کہ کس طرح مچھلیوں کے بدلے کچھوے کی جان بچائی ہے تو اماں ابا خوشی سے پھولے نہ سمائے کہ ان کا بچہ نیک اور ہم درد ہے۔

آج تھکن زیادہ ہوگئی تھی۔ بستر پر لیٹتے ہی نیند آ گئی۔ اگلے روز وہ پھر کشتی میں سوار گہرے سمندر کی جانب بڑھ رہا تھا۔ دوسری کشتیوں کو پیچھے چھوڑتا ہوا اس مقام پر پہنچا جہاں سے ساحل لکیر کی صورت میں نظر آتا تھا۔ جال پانی میں پھینک کر آرام سے بیٹھا ہی تھا کہ آواز آئی ___ ہم درد لڑکے!

آواز واضح اور اتنے قریب سے آئی تھی کہ لڑکا گھبرا گیا۔ قریب کوئی کشتی نہیں ہے پھر آواز کہاں سے آئی؟ قریب دور ہر سو نظر دوڑائی۔

اس بار ہنسنے کی آواز آئی، ادھر دیکھو، اس طرف میں ہوں۔ کشتی کے قریب کچھوا تھا۔

لڑکا حیران ہوا لیکن ڈرا نہیں۔ یہ وہی کچھوا تھا جس کی جان بچائی تھی۔

پوچھا، کیا یہ آواز تمہاری تھی؟

کچھوے نے کہا، جی! ہم سب تمہارا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں۔ اگر تم مدد نہ کرتے تو میں مر جاتا۔ سمندر میں تمہاری دھوم مچی ہوئی ہے کہ مجھے بچانے کے لئے تم نے اپنی محنت نادان لڑکوں کو دے دی۔

ہم درد لڑکے نے اس کے بعد جو منظر دیکھا، دم بخود ہو گیا۔ سمندر میں دور دور تک کچھوؤں کے خول نظر آئے۔ پھر سب نے ایک ساتھ پانی سے سر باہر نکال کر تعظیم میں جھکایا اور دوبارہ زیر آب ہو گئے۔

یہ عجیب منظر تھا۔ ہم درد لڑکا حیران تھا اور وہ کچھوا جس کی جان بچائی تھی، مسکرا رہا تھا۔

لڑکے نے کچھوے کی طرف ہاتھ بڑھایا اور اسے

کشتی میں بٹھادیا۔ یہ سب کیا تھا؟ کیا یہ سارے کچھوے میرا شکریہ ادا کرنے آئے تھے—؟

کچھوا بولا، جی ہاں ۔ سمندر کے بادشاہ تک تمہاری رحم دلی کی خبر پہنچی تو انہوں نے تمہیں سلامی دینے کے لئے فوج بھیجی۔

لڑکا پلکیں جھپکنا بھول گیا اور کھوئی ہوئی آواز میں کہا، کیا تم لوگوں میں بادشاہ بھی ہوتے ہیں؟

کچھوا بولا، صرف بادشاہ نہیں، شہزادے اور شہزادیاں بھی ہیں۔ان کے محل دیکھ لو تو دنیا کے سارے محل بے وقعت ہوجائیں گے۔

کاش میں دیکھ سکتا۔آہ بھرتے ہوئے کہا۔

میں لے جاسکتا ہوں؟ آجاؤ میری کمر پر بیٹھو؟

ہم درد لڑکے نے قہقہہ لگایا اور کچھوے کو پیار کرتے ہوئے بولا، میں پانی میں کیسے جاسکتا ہوں۔ میں مچھلی ہوں نہ کچھوا، پانی میں سانس کیسے لوں گا؟

تم آدمیوں کی ہر بات نہیں پر آکر کیوں ختم ہوتی ہے؟ جانا چاہتے ہو تو بتاؤ، پہنچانا میرا کام ہے۔

جانا تو چاہتا ہوں لیکن؟

کچھوے نے کہا، میرے خول کو مضبوطی سے پکڑو اور دیکھو کیا ہوتا ہے۔ یہ کہہ کر کچھوے نے پانی میں چھلانگ لگائی ۔لڑکے نے بھی کچھوے کی سمت میں چھلانگ لگا کر خول پکڑ لیا۔ کچھوے کا رخ گہرائی کی طرف تھا۔لڑکے نے دیکھا کہ اس کے کپڑے گیلے ہوئے ہیں نہ پانی آنکھ، ناک اور حلق میں داخل ہورہا ہے بلکہ پانی نے اس کے لئے راستہ بنایا۔نظر پانی میں دور دور تک دیکھ رہی تھی جیسے زمین پر منظر نظر آتے ہیں۔سانس گہرا اور طویل ہوگیا۔

اندر کی دنیا الگ تھی— ہیرے، زرقون، فیروزہ اور دوسرے قیمتی پتھروں سے بنے ہوئے عالی شان مکانات تھے۔ وہ کچھوے سے کچھ کہنے والا تھا کہ سامنے بڑا دروازہ نظر آیا۔ پوچھا کہ یہ کیا ہے؟

یہ سلطان البحر کا محل ہے۔

سلطان البحر —؟ سمندر کا بادشاہ؟ کیا ہم محل تک جلدی نہیں پہنچ گئے؟

جلدی اور دیر وقت کو ناپنے کا پیمانہ ہے جب کہ وقت ایک ہے۔کوئی کہتا ہے وقت گزرتا نہیں اور کسی کے لئے تیزی سے گزر جاتا ہے۔دیکھو ہم اس وقت شاہی محل کی حدود میں ہیں۔ ہر ایک یہاں داخل نہیں ہوسکتا۔

پھر ہم کیسے داخل ہوگئے اور کسی نے روکا نہیں؟

کچھوا مسکرایا لیکن جواب نہیں دیا۔قریب پہنچتے

ہی دروزاہ کھل گیا۔ دیکھا ـــ سمندری مخلوق کی فوج مچھلیاں ، کچھوے ، کیکڑے ، مگر مچھ استقبال کے لئے کھڑے تھے ۔ کچھوا شان سے چلتا ہوا آگے بڑھ رہا تھا۔ ہم دردلڑکا پانی سے بنے ہوئے قالین پر حیرت سے یہ منظر دیکھ رہا تھا۔

ایک مچھلی نے راہ نمائی کی کہ محل میں چلیں۔

ہم دردلڑکے نے کچھوے کی جگہ شہزادے کو محل میں جاتے ہوئے دیکھا ۔ گھبرا گیا کہ یہ سب کیا ہے۔ محافظ مچھلی اسے مہمان خانے میں آرام کے لئے لے گئی اور کہا، اب کھانے پر شہزادے سے ملاقات ہوگی۔

کون شہزادہ؟ کچھوا کہاں ہے، اسے بلاؤ۔

مچھلی مسکرائی اور بولی ، محترم جناب ! اس سے زیادہ بولنے کی اجازت نہیں ۔ کھانے پر سارے سوالات کے جوابات مل جائیں گے۔

تھوڑی دیر گزری تھی کہ کھانے کا وقت ہوا۔

راہ داری سے گزر کر بڑے کمرے میں داخل ہوا تو شہزادوں کی سی آن بان شان والا خوب صورت نوجوان استقبال کے لئے کھڑا ہوگیا۔ اس کے جوتے کچھوے کے خول سے بنے ہوئے تھے ۔ وہ اس سے بہت گرم جوشی سے ملا ـــ خوش آمدید اس سرزمین پر جہاں لوگ جوان رہتے ہیں۔

ہم دردلڑکے کے لئے یہ سب حیران کن تھا۔ اس کی حیرت دیکھتے ہوئے شہزادے نے کہا، تم نے کل جس کچھوے کو بچایا تھا، وہ میں ہوں۔

ہم دردلڑکا سکتے کی سی کیفیت میں تھا۔

شہزادے نے کہا، میرا تعلق بادشاہوں کے خاندان سے ہے۔ ہمارے یہاں بادشاہت اس کو منتقل ہوتی ہے جو خالق کا فرماں بردار ہوجاتا ہے۔ ایسا فرد جس شکل میں چاہے ڈھل سکتا ہے۔ میں کچھوا بن کر باہر کی دنیا کی سیر کرنے گیا تھا لیکن پھنس گیا اور تمہارے حسن سلوک کی وجہ سے آج زندہ سلامت ہوں۔

ہم دردلڑکے کو لگا کہ جیسے وہ خواب دیکھ رہا ہے۔ یہاں قیام کے دوران پہننے کے لئے شاہی لباس دیا گیا، مزے دار سمندری کھانے کھائے ، دور دراز کا سفر کیا۔ جلد ہی شہزادہ اور وہ اچھے دوست بن گئے۔

تیسرے روز ہم دردلڑکا محل کی بالکنی سے باہر کا نظارہ کررہا تھا کہ اسے اپنے ماں باپ کا خیال آیا۔ پریشان ہوگیا کہ انہیں بتائے بغیر آیا ہے وہ پریشان ہوں گے۔ شہزادے سے ذکر کیا۔

شہزادے کے چہرے پر سنجیدگی پھیل گئی۔

وہ بولا، سمندر اور باہر کی دنیا کے وقت میں فرق ہے۔ میرا مشورہ مانو تو یہیں رہو، تمہاری موجودگی ہمارے لئے باعث فخر ہے۔

لڑکے نے کہا، میرے ماں باپ ضعیف ہیں، جانا ضروری ہے۔ دو تین دن سے گھر نہیں گیا، خالی کشتی دیکھ کر لوگ کہیں گے کہ میرے ساتھ حادثہ پیش آ گیا ہے۔ انہیں بتا کر واپس آ جاؤں گا۔

شہزادے نے کچھ سوچتے ہوئے کہا، میں نے تمہیں روکا تو تم پریشان رہو گے۔ جاؤ لیکن ایک تحفہ ساتھ لے جانا۔ ہلکے سبز رنگ کے ریشمی کپڑے میں بند چھوٹا ڈبا دیتے ہوئے کہا، اس میں انتہائی قیمتی چیز ہے لیکن کچھ بھی ہو جائے اسے نہیں کھولنا ورنہ نقصان ہوگا۔ وعدہ کرو نہیں کھولو گے؟

وہ پوچھنا چاہتا تھا کہ ایسے تحفے کا کیا فائدہ جسے کھولنا منع ہے اور کھولنے سے کیا نقصان ہوگا لیکن ماں باپ تک پہنچنے کی جلدی تھی۔ اس نے وعدہ کر لیا۔ دونوں گلے ملے۔ محل کے باہر ایک بڑا کچھوا اس کا منتظر تھا۔ اس پر بیٹھتے ہی وہ تیزی سے اوپر جانے لگا— تھوڑی دیر بعد دونوں ساحل پر تھے۔ کچھوے نے اسے سلام کیا اور الٹے قدموں واپس پانی میں غائب ہو گیا۔

باہر منظر وہ نہیں تھا جو تین دن پہلے تھا۔ لوگ گزرتے ہوئے عجیب نظروں سے دیکھ رہے تھے۔ وہ ان لوگوں کو نہیں جانتا تھا۔ گھر کی طرف گیا تو دیکھا وہاں پختہ مکان ہے۔ سوچا، ابا نے تین دن میں یہ کیسے بنا لیا؟ مکان میں داخل ہونے والا تھا کہ اندر سے اجنبی باہر آیا اور پوچھا، کس سے ملنا ہے؟

اس نے کہا، یہ میرا گھر ہے، اماں ابا کہاں ہیں؟

اس شخص نے کہا، میں یہاں چالیس سال سے رہ رہا ہوں۔ اس سے پہلے میرے دادا اس مکان میں رہتے تھے۔ یہ تمہارا گھر کیسے ہو گیا؟

چالیس سال؟ دادا کا گھر؟ لیکن تین دن پہلے اس جگہ پر ہمارا مکان تھا۔ میرا نام کرم دین ہے اور میں رحم دین کا بیٹا ہوں۔ پورا گاؤں مجھے جانتا ہے۔

کیا؟ تم کرم دین ہو؟

جی ہاں۔ کیوں؟

ہمارے بزرگ بتاتے ہیں کہ اس گاؤں میں رحم دین رہتا تھا جس کا بیٹا کرم دین ایک روز سمندر میں گیا اور پھر نہیں لوٹا۔ والدین انتظار کرتے کرتے مر گئے۔ اس کے بعد سے لوگ سمندر میں بچوں کو اکیلے نہیں بھیجتے۔ لیکن یہ کہانی تین سو سال پرانی

ہے تم کرم دین کیسے ہو سکتے ہو، وہ مر چکا ہے۔

یہ سن کر کرم دین گھبرا گیا اور بولا ، بھائی کیوں مذاق کرتے ہو، میں زندہ تمہارے سامنے ہوں ۔ میرے والدین کہاں ہیں؟

اس شخص نے کہا ، پاگل آدمی وقت ضائع کرتا ہے! اور دروازہ بند کر دیا۔

ہم دردلڑکا جس کا اصل نام کرم دین تھا، اس نے مکانوں کا جائزہ لیا تو احساس ہوا کہ گاؤں بدل گیا ہے۔ سر گھومنے لگا۔ سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ سب کیا ہے؟ اگر تین سو سال گزر گئے ہیں تو میں زندہ کیسے ہوں؟ سمندر میں گزرنے والا وقت تین دن سے زیادہ نہیں تھا پھر یہاں سب کیسے بدل گیا؟

بچو! کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سمندر میں کرم دین نے تین دن گزارے لیکن مچھیروں کی بستی میں تین سو سال کیسے گزر گئے ــــ؟

ہم دردلڑکا واپس ساحل کی طرف گیا کہ اپنے دوست شہزادے کے پاس جائے اور بتائے کہ تین دن میں دنیا کیا سے کیا ہوگئی ہے۔ لیکن واپس جانے کا راستہ وہ نہیں جانتا تھا۔ مایوس ہو کر بیٹھ گیا۔ ہاتھ میں شہزادے کا تحفہ تھا۔ اس نے ڈبا کھولنے سے منع کیا تھا لیکن کرم دین نے سوچا کہ میرے ساتھ جو ہوا ہے، اس سے زیادہ میرا کیا نقصان ہو سکتا ہے۔ میں پوری دنیا میں اکیلا رہ گیا۔ یہ سوچ کر ڈبا کھولنے کا ارادہ کیا تھا کہ تیز ہوا کا جھکڑ چلا اور ہاتھ سے ڈبا اڑ کر نکلنے والا تھا کہ اس نے دبوچا اور کھول دیا ــــ ڈبے میں سے ہیولا نکلا اور اس کے گرد چکر لگا کر سمندر میں چلا گیا۔ اس کے ساتھ ہی کرم دین نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ پر جھریاں پڑ رہی ہیں، چہرہ تبدیل ہو رہا ہے، جسم سکڑ رہا ہے۔ سنبھلنے کی کوشش کی لیکن منہ کے بل گرا اور مر گیا۔

تیز ہوائیں چل رہی تھیں ــــ ہوا اور لہروں کے شور میں ساری آوازیں گم تھیں۔ لوگ حیران تھے کہ کیا ہو رہا ہے۔ سمندر میں بہت اونچی لہریں اٹھیں۔ بہت سارے کچھوے ساحل پر آئے اور کرم دین کے گرد حلقہ بنا کر کھڑے ہو گئے ــــ ان میں سب سے آگے بے حد حسین کچھوا تھا جس نے کرم دین کے سامنے تعظیم سے سر جھکایا۔ اس کے ایسا کرتے ہی تمام کچھوؤں نے سر جھکا دیا۔

پانی کا بہت بڑا ریلا آیا اور کچھوے اور کرم دین سمیت سب کو ساتھ لے گیا۔

ایک ہزار سال

سدا بہار بچو! موسم خزاں آتے ہی ہرے پتّوں کے اندر چھپے ہوئے رنگ ظاہر ہونا شروع ہوتے ہیں۔ کچھ پتّے زرد، کچھ سرخ و نارنجی اور کچھ خاکی رنگ میں تبدیل ہوکر درخت سے الگ ہوتے ہیں اور زمین پر گر کر تمام پتّے خاک میں گم ہوجاتے ہیں لیکن ان میں ایک درخت ایسا ہے جو سردیوں کی سختی برداشت کر کے توانا اور ہرا بھرا رہتا ہے۔

ہزاروں سال پہلے جنگل میں درختوں کی کالونی آباد تھی جس میں لمبے چھوٹے درمیانے ہر قد کے درخت موجود تھے۔ ساخت کے لحاظ سے کچھ درختوں کے پتّے ملائم اور چھوٹے اور کچھ درختوں کے پتّے لمبے، سخت، موٹے اور نوکیلے تھے۔

اس جنگل میں پرندے بھی رہتے تھے۔ جہاں درخت ہوتے ہیں وہاں پرندے بھی ہوتے ہیں۔ پرندوں کا دستور تھا کہ سردیوں کے آتے ہی وہ گرم علاقے کی طرف ہجرت کرتے تھے۔

ہوا سردیوں کا پیغام لائی تو پرندوں نے دوسرے مقام پر منتقل ہونے کی تیاری کی۔ ہماری طرح وہ چیزوں سے گھر نہیں بھرتے، اس لئے ایک گھر چھوڑ کر دوسرے گھر جانے کے لئے انہیں انتظام نہیں کرنا پڑتا بس ارادہ کرنا ہوتا ہے۔ پرندے غول در غول اڑنے لگے۔

جنگل میں ایک چھوٹی چڑیا تھی۔ چڑیا نے نیا نیا اڑنا سیکھا تھا۔ وہ گھونسلے سے نکلی تو گھونسلے کے باہر شبنم پر پنجہ رکھتے ہی پیر پھسل گیا— سنبھلنے کا موقع نہیں ملا اور زمین پر گر کر بے ہوش ہوگئی۔

ہوش آیا تو جنگل خالی ہو چکا تھا۔ صرف پتّوں کی سرسراہٹ اور جھینگروں کی آوازیں تھیں۔ ادھر ادھر نظر دوڑائی اور ٹھنڈی آہ بھر کر آنکھیں موند لیں۔ وہ جان گئی تھی کہ اس کے ساتھی پرندے جا چکے ہیں۔ اکیلے اڑنے کا فیصلہ کیا اور اٹھنے کی کوشش کی تو درد سے ٹیسیں اٹھیں اور وہ دوبارہ زمین پر لیٹ گئی۔ ایک پَر میں شدید تکلیف تھی، محسوس ہوتا تھا کہ ٹوٹ گیا ہے۔ اس دوران ہوا کا ٹھنڈا جھونکا آیا اور چڑیا سردی سے کانپ اٹھی۔

اس نے سوچا، اڑنے کی سکت نہیں اور اسی طرح پڑی رہی تو صبح تک جم جاؤں گی۔ پھر اڑنے کی کوشش کی لیکن دوبارہ گر گئی۔

قریب موجود درخت سے کہا، بھائی! اپنی ٹہنی جھکا دو کہ اس پر چڑھ کر تمہارے پتّوں میں چھپ جاؤں۔ جسم میں بہت تکلیف ہے اور ٹھنڈی ہوا تو میری جان لے لے گی۔ کیا میری مدد کرو گے—؟

یہ نوجوان درخت مغرور تھا۔ اس نے کہا، مجھے دیکھو اور خود کو دیکھو، تمہارے لئے میں اپنی شاخیں کیوں جھکاؤں۔ جھکنا میری فطرت میں نہیں۔

چڑیا آنسو روکتے ہوئے بولی، تم مغرور ہو، اسی لئے تم پر پھل نہیں لگتے۔ جھکتا تو صرف وہ درخت ہے جو پھل دار ہو۔

درخت نے یہ سنا تو کہا، چلی جاؤ یہاں سے۔

چڑیا آہستہ آہستہ قدموں سے چلتی ہوئی دوسرے درخت کے پاس گئی اور کہا، بہن جی! میرے بہن بھائی آپ کی شاخوں پر رہتے تھے۔ اجازت ہو تو یہاں رہ لوں۔ تکلیف میں ہوں۔ درخت سے گری اور ساتھیوں سے بچھڑ گئی۔

درخت نے چڑ کر کہا، سالہا سال تمہارے بہن بھائی میری شاخوں پر بیٹھ کر چوں چوں کر کے سر

میں درد کر دیتے تھے، اب تمہیں اپنے پاس رکھ لوں کہ تمہاری آہیں سنوں۔ جاؤ کسی اور کے پاس۔ میں سردیاں تنہا گزارنا چاہتی ہوں۔

چڑیا کو اس جواب کی توقع نہیں تھی مگر اس نے ہمت نہیں ہاری اور آگے بڑھ گئی۔

تھوڑی مسافت طے کر کے وہ ایک گھنے درخت کے پاس گئی اور کہا، بھائی صاحب! گرمیاں آنے تک مجھے جگہ دے دو۔ میں اس قابل نہیں ہوں کہ اڑ سکوں۔ اپنے پتّوں میں چھپا لو۔

اتنے میں ہوا کا تیز جھونکا آیا اور درخت جھولنے لگا۔ درخت نے چڑیا کو ایسے نظر انداز کر دیا جیسے وہ وہاں نہیں ہے۔ چڑیا نے پھر آواز دی کہ بھائی میں مر جاؤں گی لیکن ہوا کے شور میں اس کی آواز دب

گئی اور وہ سردی میں ٹھٹھرنے لگی۔

چڑیا چھوٹی لیکن حوصلہ بڑا ہوتا ہے۔ ہمت ہار کر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہیں بیٹھتی بلکہ اللہ پر توکل کر کے کوشش کرتی ہے۔ لوگ ان کے گھونسلے خراب کرتے ہیں تو یہ مایوس ہونے کے بجائے دوسری جگہ گھونسلا بنانا شروع کر دیتی ہیں۔

یہ چڑیا بھی ننھی لیکن باہمت تھی۔ ایک ایک کر کے اس نے جنگل میں تمام درختوں سے مدد مانگی — کسی نے حقارت سے دیکھا، کسی نے مذاق اڑایا، کسی نے معذرت کر لی اور کسی نے چڑیا سے بات کرنا بھی گوارا نہیں کیا۔ چڑیا کو سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ درخت سالہا سال پرندوں کی پناہ گاہیں بنتے ہیں، انہیں اب کیا ہو گیا ہے۔ سوچا کہ شاید سردی کی لہر نے ان کے جذبات کو سرد کر دیا ہے ورنہ یہ تو ایسے نہیں تھے۔ وہ روتی ہوئی ایک کونے میں جا کر بیٹھ گئی۔ پورے جنگل میں صرف ایک درخت رہ گیا تھا جس کے پاس چڑیا نہیں گئی تھی۔ وہ تقریباً ایک سو تیس فٹ اونچا اور جنگل کے بزرگ درختوں میں شمار ہوتا تھا۔ عمر ایک ہزار سال تھی۔

وہ آگے بڑھی پھر رک گئی۔ اس نے کہا، یہ اتنا بڑا درخت — یہ بھی خود غرض ہوگا۔ جنگل میں جتنے بڑے درخت ہیں سب ایسے ہیں۔ یا اللہ! میں کہاں جاؤں۔ یہ کہتے ہی وہ بلک بلک کر رونے لگی۔ اونچے درخت نے کسی کے رونے کی آواز سنی تو ادھر ادھر دیکھا، نظر زخمی چڑیا پر پڑی۔

شاخ آگے کی، چڑیا کو شاخ نما ہاتھ پر بٹھایا اور پوچھا، تم یہاں کیا کر رہی ہو؟ تمہارے ساتھی آج صبح ہجرت کر گئے ہیں۔ اوہ اچھا! تم زخمی ہو۔

چڑیا حیران و پریشان درخت کو دیکھ رہی تھی، اس نے کہا، سب نے میری مدد کرنے سے انکار کر دیا۔ آپ کا قد کاٹھ دیکھ کر پاس آنے کی ہمت نہیں ہوئی کیا آپ مجھے پناہ دیں گے؟

درخت نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا اور کہا، پناہ تو صرف اللہ دیتا ہے۔ میرے ہاتھ میرے ہیں نہ جڑوں اور شریانوں میں بہنے والا خون میرا ہے، اور یہ پتّے، جب اللہ حکم دیتا ہے ہلتے ہیں۔ اللہ نے میرا وجود مخلوق کی خدمت کے لئے بنایا ہے، میں حاضر خدمت ہوں۔ چڑیا نے یہ سنا تو درخت کے گلے لگ گئی۔ درخت خوش ہوا اور جھومنے لگا۔

بچو! اس سال سخت سردی آئی — جنگل کے درخت ہمیشہ ہرے بھرے رہتے تھے مگر اس بار وہ

موسم کی سختی برداشت نہیں کر سکے — ان کے رنگ بدل گئے، پتّے سوکھ کر گر گئے لیکن وہ درخت جس نے چڑیا کی مدد کی تھی، سردیوں میں بھی ہرا رہا۔ نیکی کی وجہ سے اس کے اندر زندگی کی روشنیاں بڑھ گئیں۔ احسن عمل سے اس کی نسلوں کو بھی فائدہ پہنچا اس لئے وہ بھی سینکڑوں سال زندہ رہتے ہیں۔

پیارے بچو! حسن اخلاق کی وجہ سے اس درخت کو بادشاہت ملی اور آج وہ شاہ بلوط کے نام سے جانا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ ایک شاہ بلوط تقریباً دس ملین (ایک کروڑ) پھل دیتا ہے اور ہر دس ہزار پھلوں میں سے صرف ایک پھل درخت بنتا ہے۔

پھل زمین پر گرتے ہیں لیکن شاہ بلوط کا سایہ اتنا گھنا ہوتا ہے کہ دھوپ نہیں پہنچتی اور پھل کے اندر سے بیج ظاہر نہیں ہوتا۔ جو پودے سایوں میں رہتے ہیں وہ پروان نہیں چڑھتے — موسم کی گرمی اور حالات کی سختی برداشت کر کے پودا درخت بنتا ہے۔ شاہ بلوط کے جن پھلوں کو گلہریاں لے جاتی ہیں لیکن کھاتی نہیں وہ زمین میں فنا ہو کر ظاہر ہوتے ہیں اور موسم کے سرد و گرم برداشت کر کے شاہ بلوط بن جاتے ہیں۔

مبارک مبارک نیا سال آیا
ہزاروں امیدیں نئی ساتھ لایا
خوشی کا سماں ساری دنیا پہ چھایا
ہے بے فکر بے غم ہر اپنا پرایا
پلٹ سی گئی ہے زمانے کی کایا
مگر اے عقل مند ہشیار بچو
ہر اپنے پرائے کے غم خوار بچو
مصیبت میں سب کے مددگار بچو
مجھے یہ بتاؤ سمجھدار بچو
کہ تم کو نئے سال نے کیا سکھایا؟
نیا سال آیا نیا سال آیا
یہ کہتا ہے پچھلے برس کیا کیا ہے؟
مشقت کا کیا کام تم سے ہوا ہے؟
برس دن میں کیا کچھ پڑھا ہے لکھا ہے؟
یوں ہی کھیل میں وقت کتنا گیا ہے؟
کمایا ہے تم نے کہ ہے کچھ گنوایا؟
یہ سوچو کہ اس سال کیا کیا ہے کرنا
ہے کن علم کی گھاٹیوں سے گزرنا؟
مگر ہر دم اس بات پر کان دھرنا
کہ محنت سنورنا ہے، سستی ہے مرنا
نئے سال نے یہ سبق ہے پڑھایا
نیا سال آیا نیا سال آیا

(اختر شیرانی)

عبدالخالق

رات اور دن

قرآن کریم میں لیل سے مراد وہ حواس ہیں جو رات کے وقت مخلوق پر طاری ہوتے ہیں اور نہار سے مراد وہ حواس ہیں جو ہمیں ٹائم اور اسپیس میں قید کر دیتے ہیں۔ تقاضے دونوں میں ایک ہیں، فرق رفتار کا ہے۔

ابدالِ حق قلندر بابا اولیاؒ کی تعلیمات سائنس اور مذہب کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرتی ہیں۔ اشیا کے میکانزم کو جاننے کا عمل سائنس کہلاتا ہے۔ ظاہری اور باطنی تجربات حواس کے تابع ہیں، حواس کی فہم فرد کا شعور ہے اور شعور ـــ روشنی ہے۔

''یہاں لفظ روشنی سے مراد وہ روشنی نہیں ہے جس کو عوام روشنی کا نام دیتے ہیں بلکہ وہ روشنی مراد ہے جو آنکھ کے لئے دیکھنے کا ذریعہ بنتی ہے خواہ وہ اندھیرا ہی کیوں نہ ہو۔ اگر کوئی جان دار اندھیرے میں دیکھنے کا عادی ہے تو اس کے لئے اندھیرا ہی روشنی کا مترادف سمجھا جائے گا۔ کتنے ہی حشرات الارض اور درندے رات کے وقت اندھیرے میں دیکھنے کے عادی ہوتے ہیں۔

فرض کیجئے کہ ہم کسی چیز کو دیکھ رہے ہیں۔ اگر وہ روشنی جو اس چیز اور ہمارے درمیان موجود ہے نکال دی جائے تو وہ چیز ہمارے شعور کی حدوں سے نکل جائے گی۔ اس مثال سے ہم فقط ایک ہی نتیجے پر پہنچتے ہیں۔ یعنی روشنی شعور ہے یا شعور روشنی ہے۔ اگر کسی وجہ سے روشنی کے خدوخال میں تبدیلی واقع ہو جائے تو شعور کے خدوخال میں بھی تبدیلی ہو جائے گی۔

عام حالات میں اس چیز کو جانچنے کے بہت سے طریقے ہو سکتے ہیں۔ ان میں سے ایک طریقہ یہ ہے کہ اگر پانی بھرے ٹب میں ایک پیالہ ڈبو دیا جائے تو اس کی گہرائی، قطر اور وزن میں تغیر ہو جائے گا۔ یہ تغیر یا تو شعور کا تغیر ہے یا روشنی کا۔ دونوں صورتوں میں ہم ایک کلیہ قائم کر سکتے ہیں کہ جو چیز خارج میں روشنی ہے، وہی چیز داخل میں شعور ہے۔ گویا شعور اور روشنی ایک ہی چیز ہے۔ جب وہ انسان کے محسوسات میں واقع ہوئی تو اس کو شعور کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں اور جب وہ خارج میں آنکھ کے سامنے ہوتی ہے تو اسے روشنی کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔'' (کتاب: لوح وقلم)

روشنی کی لاتعداد اقسام ہیں جن کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ایک مرئی اور دوسری غیر مرئی۔ عموماً روشنی کا موجود ہونا دن اور عدم موجودگی رات کہلاتی ہے لیکن

اس امر پر بھی غور کریں کہ رات میں روشنی کی مقداریں نہ ہوں تو ہم رات میں نہیں دیکھ سکتے۔

رات اور دن (لیل ونہار) کیا ہیں ــــ؟

ان کی تخلیق کا میکانزم کیا ہے ــــ؟

سورج سے روشنی (دھوپ) کا سورس کیا ہے ــــ؟

قدیم زمانے میں لوگ سورج کی پرستش کرتے تھے۔ سورج اور زمین کے متعلق عجیب وغریب نظریات ملتے ہیں۔ شعوری ارتقا سے پرانے نظریات بدلے تو نئے نظریات نے جگہ لے لی۔ جدید تحقیق کی روشنی میں کائنات کو آج ہم جس طرح دیکھتے ہیں، وہ پرانے زمانے یا قرون وسطیٰ کی تحقیق سے بہت مختلف ہے۔ چوں کہ تحقیق وتلاش اور تفکر کا عمل جاری ہے اس لئے آئندہ کائنات کی تصویر اس سے بالکل مختلف ہوگی جس طرح آج ہم اسے دیکھ رہے ہیں۔

اہم نکتہ یہ ہے کہ کائنات تبدیل نہیں ہوتی، جس طرح پہلے دن تھی، آج بھی ہے۔ شعور اپنی فہم کے مطابق کائنات میں خلا کو پُر کر رہا ہے۔ یہ شعور کا دیکھنا ہے۔

سائنس کے مطابق Stars بشمول سورج سے نکلنے والی روشنی کا منبع نیوکلیر فیوژن (Nuclear Fusion) ہے جس کا سبب کشش ثقل ہے۔ یہ سائنسی نظریہ لوگوں کے ذہنوں میں اس حد تک جگہ بنا چکا ہے کہ کوئی اس نظریئے سے باہر دیکھنے کے لئے تیار نہیں۔ اس ضمن میں معقول جواب کے لئے محقق بیرونی سورس آف انرجی کی تلاش میں ہیں۔ وہ تیز رفتاری کے حامل الیکٹران یا کاسمک ریز (cosmic rays) کو الیکٹری سٹی کا سورس ماننے پر مجبور ہیں۔

علمائے باطن فرماتے ہیں کہ سورج میں اپنی روشنی نہیں، زمین کی روشنی سے سورج روشن ہے۔ روشنی سورج پر منعکس ہوتی ہے اور یہ انعکاس پلٹ کر زمین کے لئے دھوپ بن جاتا ہے۔

''قسم ہے سورج کی اور اس کی دھوپ کی۔ اور قسم ہے چاند کی جب سورج کے پیچھے آئے۔ اور قسم ہے دن کی جب ظاہر کرے اس کو۔ اور رات کی جب ڈھانک لے اس کو۔'' (الشّمس: ۱-۴)

آیت پر غور وفکر سے میں اب تک یہ سمجھا ہوں کہ یہاں سورج (شمس) کے ساتھ اس کی دھوپ ''ضحا'' کا ذکر ہے۔ ضحا وہ چمک دار روشنی ہے جس میں حرارت کی مقداریں ٹھنڈک کی نسبت زیادہ ہیں۔ یہ روشنی خارج میں ہماری آنکھوں کے سامنے ہے۔ یہی روشنی باطن میں جب محسوسات میں واقع ہوتی ہے تو شعوری حواس بناتی ہے جس کو دن (النہار) کہتے ہیں۔ انہی حواس کے ذریعے سورج اور اس کی دھوپ (ضحا) ظاہر ہوتی ہے۔ حقیقت میں حواس ایک ہی ہیں، زمین کی محوری گردش سے دن اور رات کا فرق زیر بحث آتا ہے۔

زمین کی محوری حرکت سے دن اور رات بنتے ہیں۔ دن کیا ہے ــــ؟ قرآن میں سورج سے منعکس ہونے

والی روشنی (دھوپ) کو ضحا کہا گیا ہے۔ یہ روشنی مادی حواس تخلیق کرتی ہے تو ''النہار'' کہلاتی ہے۔

زمینی زندگی کا دارو مدار دھوپ اور چاندنی پر ہے۔ سورج کا یہ کردار ہے کہ وہ باطنی توانائی کو آخری اسٹیج یعنی مادی حواس تک لاتا ہے نتیجے میں مخلوقات تقاضوں میں مخفی مفہوم کو سمجھتی ہیں۔اس کے برعکس لاشعوری روشنی لطیف ہے کہ ظاہری آنکھ نہیں دیکھتی۔ جب آنکھوں کے سامنے خلا نظر آتا ہے تو اس خلا کو ہم کبھی خالی جگہ اور کبھی اندھیرا کہتے ہیں۔ اندھیرے سے مراد روشنی کا نہ ہونا ہے جب کہ خلا خالی جگہ نہیں، اور رات اندھیرا نہیں ہے!

سورج کی روشنی (دھوپ) سات رنگوں کا مجموعہ ہے۔محوری وطولانی حرکت سے رنگ تخلیق ہوتے ہیں اور رنگوں سے مادی حواس بنتے ہیں۔غور کرنے پر معلوم ہوتا ہے کہ لیل ونہار ہر وقت موجود رہتے ہیں۔ زمین کی محوری گردش کی وجہ سے ہم پر کبھی نہار کے حواس (دن) کا غلبہ ہوتا ہے اور کبھی لیل کے حواس (رات) غالب آجاتے ہیں۔اللہ کریم نے لیل ونہار میں غور وفکر کی دعوت دی ہے اور فرمایا ہے کہ اس میں صاحب عقل وفہم کے لئے نشانیاں ہیں۔

''دن اور رات کے ادل بدل میں نشانیاں ہیں اولی الالباب کے لئے۔'' (ال عمران: ۱۹۰)

اگر ہم لیل کو غروب آفتاب کے بعد چھانے والی روشنی اور نہار کو طلوع آفتاب کے بعد کی روشنی سمجھیں تو پھر ان کا انسان کے لئے مسخر ہونا کیا ہے؟ کیوں کہ لیل ونہار سے تو ساری مخلوق استفادہ کرتی ہے۔

''اور مسخر ہیں تمہارے لئے لیل ونہار۔'' (النحل:۱۲)

دشواری اس وقت دور ہوتی ہے جب ہم یہ تسلیم کرلیں کہ رات اور دن حواس ہیں۔قرآن کریم میں لیل سے مراد وہ حواس ہیں جو رات کے وقت مخلوق پر طاری ہوتے ہیں اور نہار سے مراد وہ حواس ہیں جو ہمیں ٹائم اور اسپیس میں قید کردیتے ہیں۔تقاضے دونوں میں ایک ہیں، فرق رفتار کا ہے۔رفتار میں تغیر کی وجہ لیل ونہار کی روشنی ہے جس کی مقداریں دن کے وقت الگ اور رات میں الگ ہیں۔رات کے حواس کی ایک مثال خواب اور دوسری خیال ہے۔خواب کی طرح خیال میں رفتار تیز ہے مگر شعور ان حواس میں تیز رفتاری کے سبب ملنے والی اطلاعات سے استفادہ کرنے میں کم زور ہے۔شعوری کم زوری دور کرلی جائے تو بندے کے لئے دن رات بن جاتی ہے۔اگر فرد واقف نہ ہو تو اس کے لئے رات بھی دن کے برابر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے کائنات انسان کے لئے مسخر کی ہے۔ لفظ ''مسخر'' اشارہ ہے کہ انسان کو حواس کی رفتار کم یا زیادہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔کائنات کی تسخیر اور عرفان الٰہی کا حصول لیل کے حواس سے ممکن ہے اس لئے جب انسان رفتار میں تصرف کرنا سیکھتا ہے تو وہ جب چاہے مکانی فاصلوں کی نفی کرسکتا ہے۔

سورج سے انعکاس کے سات رنگ منشور کے ذریعے دیکھے جا سکتے ہیں، ان رنگوں کے اثرات سب پر مرتب ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ان اثرات پر تحقیق کے لئے فرانس کا ایک باشندہ کئی دنوں تک کوئلے کی کان میں مقیم رہا تا کہ دیکھ سکے کہ دھوپ کی عدم موجودگی میں جسم میں کیا تبدیلیاں ہوتی ہیں۔

تجربے نے اسے مشکلات میں مبتلا کر دیا کیوں کہ جب وہ کان سے باہر آیا تو کئی دن تک دھوپ سے دور ہونے کے باعث اس کے بال جھڑ گئے تھے، یادداشت کم زور ہوئی، بے چینی اور گھبراہٹ نے آگھیرا اور وہ ڈپریشن میں مبتلا ہو گیا۔ کان میں جانے سے قبل اسے موسیقی میں دلچسپی تھی۔ باہر آنے کے بعد موسیقی میں دلچسپی ختم ہوگئی۔ محسوس کیا کہ جذبات ماند پڑ گئے ہیں اور جینے کی امنگ پہلے جیسی نہیں۔

وجہ کیا ہے ــــ؟ اس دوران وہ صرف سورج سے نہیں، چاند سے بھی دور رہا ــــ یعنی حرارت سے دور ہو گیا۔ حرارت حدت اور ٹھنڈک دونوں پر مشتمل ہے۔

تجربہ ثابت کرتا ہے کہ حواس کی کارکردگی میں ٹھنڈک اور حدت کا عمل دخل ہے اور یہ دونوں روشنی کے سبب ہیں۔ جسم کو ملنے والی روشنی میں توازن رہے تو ہمارے احساسات میں اعتدال ہوتا ہے۔ روشنی کی مقدار میں کمی بیشی کر دی جائے تو جسمانی افعال متاثر ہوتے ہیں۔

سورج کو روشنی زمین سے ملتی ہے، زمین کی روشنی کا سورس کیا ہے ــــ؟ زمین ایک سیارہ ہے اور یہ سیارہ

> ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں:
>
> اک آتشِ سوزاں ہے جہاں دیکھو گے
> جلتے ہوئے دن رات وہاں دیکھو گے
> آتش نے جلے داغ، جو چھوڑے ہیں کہیں
> ان داغوں میں تم کون و مکاں دیکھو گے

اس مقام پر سے روشن ہے جہاں اس کا ریکارڈ ہے۔

خالق کائنات فرماتے ہیں،

''اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔'' (النور:۳۵)

ابدالِ حق کی تعلیمات نے اس قانون کی تشریح فرمائی ہے کہ نور ''امرالٰہی'' ہے۔

امرالٰہی ــــ اللہ کا ارادہ!

